فیض احمد فیضؔ کی شاعری کی اہمیت بتلاتے ہوئے ایک جگہ گوپی چند نارنگ نے بڑا دلچسپ بیان تحریر کیا ہے:

''اسلوبیاتی اور ساختیاتی سطح پر اتنا ضرور کر سکتے ہیں کہ عاشق، معشوق اور رقیب کی جو پرانی ساختیاتی تثلیث چلی آرہی تھی اور مذہبی ریاکاری اور ظاہرداری کا پردہ چاک کرنے کے لئے حق پوشی، انسان پرستی اور آزادہ روی کی جو دوسرے ساختیاتی سطح عہد وسطیٰ کی شاعری میں پیدا ہوگئی تھی اور جسے تمام کلاسیکی اردو شعراء نے بھی نبھایا۔ عہد جدید میں اس تثلیث میں ایک تیسری ساختیاتی سطح پیدا ہوئی جو نوعیت کے اعتبار سے سیاسی اور سماجی تھی۔ یہ اضافہ عہد حاضر کی دین ہے اور یہ سیاسی، سماجی، شعری اور اظہار فیض کے انقلابی آہنگ سے مخصوص ہوگیا اور فیض کے رنگ سخن کی پہچان قرار پایا۔ یہ حقیقت ہے کہ فیضؔ کا دامن روایت سے بندھا ہوا ہے لیکن ان کی شاعری روایتی اور رسمی شاعری نہیں ہے۔ اس میں معانی کی برابر تقلیب ہوتی ہے اور فیضؔ کا یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ انہوں نے قفس میں جو طرز فغاں ایجاد کی، وہی بالآخر سب کی طرز بیاں قرار پائی۔''

(مطالعہ فیض، یورپ میں۔ اشفاق حسین۔۱۹۹۴ء ص ۸۸)

فیض احمد فیضؔ نے اپنی شاعری میں عشق کو ایک نئے انداز سے پیش کیا۔

اور بھی دکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا
راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا

اس طرح کا خیال فیضؔ نے نہایت دلکش انداز میں پیش کر کے سارے زمانے کی توجہ حاصل کی۔ فیض احمد فیضؔ نے اپنی شاعری میں حسن و جمال، تغزل،

رومان، رنگینی اور سوز برتنے کے باوجود عشق کو ثانوی درجے پر رکھا۔ فیض احمد فیضؔ نے عشق کو سب کچھ نہیں سمجھا اور نہ ہی کہا۔ فیضؔ نے عشق کو کبھی دیوانگی سے نہیں جوڑا، وہ باہوش وحواس اور ایک حد تک عشق ومحبت کے قائل تھے۔ فیضؔ ایک ایسے عاشق تھے جو اپنے معشوق کو دل وجان سے چاہتے تھے اور رقیب کو بھی اپنا ہی سمجھتے تھے۔

فیضؔ کے پاس عشق میں ناکامی قابل برداشت ہے اور اس کا اظہار انھوں نے نہ صرف شاعری میں بلکہ عملی زندگی میں بھی کیا۔ فیضؔ نے ایک سے زائد عشق کئے اور ناکام بھی ہوئے۔ مگر انھوں نے عشق میں ناکامی کو بربادی نہیں سمجھا اور نہ ہی اپنے مستقبل کو ان واقعات سے متاثر ہونے دیا۔ فیضؔ کی شاعری میں عشق میں ناکامی کے بہت پُراثر اشعار ملتے ہیں مگر فیضؔ نے اپنی شاعری میں زیادہ اہمیت غریب ومظلوم عوام کو دی۔ فیضؔ کی شاعری میں غریبوں اور مظلوموں کے جذبات کی بھرپور عکاسی نہایت موثر انداز میں ملتی ہے۔ قدرتی مناظر کی عکاسی بھی فیضؔ کی شاعری میں نہایت عمدہ ملتی ہے۔

فیض احمد فیضؔ نے غزلوں کے ساتھ نظموں میں بھی اپنا کمال دکھایا۔ فیضؔ کی نظموں نے انھیں اردو ادب میں بلند مقام عطا کیا۔ فیضؔ کی انتہائی مقبول نظموں میں مجھ سے پہلی سی محبت میرے محبوب نہ مانگ، تنہائی، سرودشبانہ، صبح آزادی، شیشوں کا مسیحا، زنداں کی ایک شام، میرے معصوم قاتل، انتظار، نثار تیری گلیوں پر اور اے روشنی کے شہر بھی شامل ہیں۔

فیض احمد فیضؔ کے چند منتخب مقبول اشعار:

فیض احمد فیضؔ کے اشعار عام فہم لفظوں میں اور آسانی سے سمجھ میں آنے والے ہیں لیکن یہ بہت رواں ہیں اور بے انتہا دلکش ہیں۔ چند مقبول اشعار بطورِ نمونہ پیش ہیں۔

تم آئے ہو، نہ شبِ انتظار گذری ہے
تلاش میں ہے سحر بار بار گذری ہے

تیری صورت سے ہے عالم میں بہاروں کو ثبات
تیری آنکھوں کے سوا دنیا میں رکھا کیا ہے

مقام فیضؔ کوئی راہ میں جچا ہی نہیں
جو کوئے یار سے نکلے تو سوئے دار چلے

ہم پرورشِ لوح و قلم کرتے رہیں گے
جو دل پہ گذرتی ہے رقم کرتے رہیں گے

چلو اب ایسا کرتے ہیں ستارے بانٹ لیتے ہیں
ضرورت کے مطابق ہم سہارے بانٹ لیتے ہیں

ہم پر تمہاری چاہ کا الزام ہی تو ہے
دشنام تو نہیں ہے یہ اکرام ہی تو ہے

تری امید تر ا انتظار جب سے ہے
نہ شب کو دن سے شکایت نہ دن کو شب سے ہے

دونوں جہان تیری محبت میں ہار کے
وہ جا رہا ہے کوئی شبِ غم گذار کے
گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے
چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے

اک طرزِ تغافل ہے سو وہ ان کو مبارک
اک عرضِ تمنا ہے سو ہم کرتے رہیں گے

زندگی کیا کسی مفلس کی قبا ہے جس میں
ہر گھڑی درد کے پیوند لگے جاتے ہیں

تلخیص (Summery)

علامہ اقبالؔ کا زمانہ ۱۸۷۷ء تا ۱۹۳۸ء رہا۔ وہ ۶۰ رسال ۶ رمہینے اور کچھ دن حیات رہے جبکہ فیض احمد فیضؔ کا عہد ۱۹۱۱ء تا ۱۹۸۴ء ہے۔ فیضؔ ۷۳ رسال ۸ رمہینے اور کچھ دن زندہ رہے۔ فیضؔ نے علامہ اقبالؔ سے ۳۱ رسال زیادہ عمر پائی مگر ادب میں اقبالؔ کا مقام فیض احمد فیضؔ کے مقام سے بلند ہے۔ کچھ باتیں ہیں جو دونوں میں مشترک رہی ہیں جیسے دونوں کی پیدائش سیالکوٹ میں ہوئی، دونوں کی وفات لاہور میں ہوئی، دونوں کا تعلق درس و تدریس سے رہا، دونوں کا تعلق سیاست سے رہا، دونوں نے اعلیٰ تعلیم حاصل کی، دونوں اردو کے علاوہ دیگر زبانوں کے بھی جانکار تھے، دونوں نے شاعری کا آغاز غم جاناں سے کیا، پھر غم دوراں کے لئے خود کو وقف کر دیا۔ دونوں نے قوم کی بھلائی کے لئے شاعری کی، دونوں کی شاعری ادب برائے زندگی سے جڑی ہے۔ اردو ادب میں اقبالؔ اور فیضؔ دونوں نے نہایت بلند مقام حاصل کیا، مگر دونوں کے کلام کی خصوصیات الگ ہیں۔ فیضؔ کی شاعری حسن و جمال سے پُر ہے تو اقبالؔ کی شاعری میں تڑپ اور جلال کا رنگ ملتا ہے۔ فیضؔ کے متعلق نفسیاتی مطالعہ کے تحت کہا گیا ہے کہ وہ بچپن میں لڑکیوں کی سنگت میں زیادہ رہے اس لئے ان کی شاعری میں نرمی پیدا ہوئی، مگر یہ بات غلط ہے۔ ہر انسان اپنی فطرت لے کر پیدا ہوتا ہے اور فطرت ہی فنکار کے فن میں جھلکتی ہے۔ اقبالؔ اور فیضؔ دونوں کی فطرت الگ الگ تھی اسی لئے اگر فیضؔ کی شاعری میں نرمی ملتی ہے تو اقبالؔ کی شاعری خون میں گرمی پیدا کرتی ہے۔ اقبالؔ اور فیضؔ کی شاعری میں کچھ اشعار

ایسے بھی ہیں جن میں ترقی پسندی کے عناصر ملتے ہیں۔مگر انتہائی پُر اثر انداز میں یہاں دونوں ایک دوسرے کے کچھ قریب نظر آتے ہیں۔جیسے ۔

جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہ ہو روزی
اس کھیت کے ہر گوشہ گندم کو جلا دو

(اقبالؔ)

تم ناحق ٹکڑے چن چن کر دامن میں چھپائے بیٹھے ہو
شیشوں کا مسیحا کوئی نہیں کیوں آس لگائے بیٹھے ہو

(فیضؔ)

یا پھر

اس دور کی ظلمت میں ہر قلب پریشاں کو
وہ داغ محبت دے جو چاند کو شرما دے

(اقبالؔ)

رہِ خزاں میں تلاشِ بہار کرتے رہے
شبِ سیہ سے طلب حسن یار کرتے رہے

(فیضؔ)

مجموعی طور پر دونوں کی شاعری کی خصوصیات مختلف ہیں۔فیضؔ کی شاعری میں عام فہم الفاظ ملتے ہیں جبکہ اقبالؔ کی شاعری میں مشکل الفاظ بھی شامل ہیں۔فیضؔ کے اکثر اشعار آسانی سے سمجھ میں آجاتے ہیں جبکہ اقبالؔ کی شاعری تشریح طلب ہے۔فیضؔ پیکر تراشی میں مہارت رکھتے تھے۔ وہ لفظوں سے بہترین مجسمہ سازی کرتے تھے جبکہ اقبالؔ کی شاعری میں فلسفہ ؟ خودی، اسلامی تعلیمات اور قوم کو بیدار کرنے کا جذبہ ملتا ہے۔اقبالؔ اور فیضؔ تقریباً ۷۲/سال ایک عہد میں رہے۔جس وقت فیضؔ جوان تھے علامہ اقبالؔ پچاس برس سے زیادہ کے ہو گئے تھے اور عالم ادب میں خود کو منوا چکے تھے۔فیض احمد فیضؔ بھی اقبالؔ کی حیات اور ادبی خدمات سے بے

حد متاثر تھے۔ مختصراً یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ اقبالؔ اور فیضؔ دونوں اپنے عہد کے باکمال وعہد ساز شاعر تھے۔

کتابیات

(۱) اقبال کامل عبدالسلام ندوی ۲۰۱۴ء

(۲) بانگِ درا (شعری مجموعہ) علامہ اقبالؔ ۱۹۸۶ء
یونین پرنٹنگ پریس، دہلی

(۳) اقبالؔ کی ابتدائی زندگی اقبال اکادمی لاہور (پاکستان) ۲۰۱۸ء

(۴) اقبالیات تفہیم وتجزیہ اقبالؔ اکادمی، لاہور (پاکستان) ۲۰۱۳ء

(۵) ذکر اقبالؔ عبدالمجید سالک

(۶) اقبالؔ بحیثیت مفکر تعلیم بختیار حسین صدیقی ۱۹۸۳ء

(۷) اسلوبیاتِ اقبالؔ طارق سعید ۱۹۹۱ء

(۸) انقلابی شاعر۔ فیض احمد فیضؔ وصی احمد سندیلوی ۱۹۷۷ء

(۹) فیضؔ کی شاعری نصرت چودھری ۱۹۸۵ء

(۱۰) فیض احمد فیضؔ۔ روایت اور انفرادیت نصرت چودھری ۱۹۹۵ء

(۱۱) دستِ صبا (شعری مجموعہ) فیض احمد فیضؔ ۱۹۸۲ء

(۲۱) موجودہ عالمی استعماری صورتحال اور فیض کی شاعری ترتیب: شیخ عبدالرشید ۱۱۰۲ء

****

شارب ردولوی : ڈرامے اور مرثیے کے مشترکہ عناصر کی جستجو

کلیدی الفاظ: شارب ردولوی#ڈرامے#مرثیے#مشترکہ عناصر# جستجو

نشاں زیدی

Abstract: Language has the power to honor, revere, mourn, and even heal. In poetry, these emotions are often expressed in poetic form.

The history of Urdu language elegies and plays is rich and varied, in Urdu language and literature the elegiac is a poem that depicts death or loss. Traditionally, it includes themes of mourning and reflection of loss. However, it can also explore themes of redemption and solace, so the relation of dramatic elements in Marathi Nineteen is close to that of Choli Daman.

Drama and Elegy This refers to poetic verse, expressed in beautiful rhymed form, that addresses themes such as loss, death, love and war. When the Romans conquered Greek lands, they often adopted Greek artistic traditions, and beautiful poetry was no exception. Roman elegies, written in all languages of the world, focused on similar themes as Greek mythology.

The beautiful poems were particularly revived

during the Renaissance and eventually found their way into the canon of Urdu literature. Urdu poets have mentioned their legends in poetry and prose with more emphasis on death and the loss of a loved one.

In the light of the reading of this article, it can be said that Professor Sharab Radulvi has studied Marathi Anis very seriously and has explored the dramatic elements in it with an intellectual and scholarly style and he has chosen such stanzas of the Marathi that Me Anis has depicted the emotions, movements and movements of various characters. Prof. Sharab Radulvi explores this realm beyond the reach of the eye by providing examples of dramatic elements from the Marathi of Nineteen. The mind-body needed for this quest is certainly bestowed upon Professor Sharab Radulvi by nature; otherwise he would have failed in his search for new islands in criticism.

.....

اردو غزل کو جس طرح میر و غالب پر ناز ہے، اردو نظم کو اقبال پر فخر، اردو قصیدہ کو سودا اور ذوق پر رشک ہے، مثنوی کا وجود میر حسن اور دیا شنکر نسیم کے بغیر نامکمل ہے، اسی طرح مرثیہ کی تاریخ انیس و دبیر کے بغیر تشنہ ہے۔ مرثیہ کا ذکر چلے انیس کا نام نہ آئے، یہ ممکن ہی نہیں ہے کہ انیس اور مرثیہ لازم و ملزوم ہیں۔ مرثیہ نے انیس کو ایک انفرادی شناخت عطا کی تو انیس نے مرثیہ کو ایک نیا رنگ و آہنگ دیا۔ مرثیہ کی ہیئت کو رزم نگاری کا جامہ پہنا دیا۔ میر انیس سے قبل مرثیہ میں ادبی رنگ و آہنگ برائے نام تھا اور نہ ہی کسی ربط و ترتیب کا خیال رکھا جاتا تھا لیکن میر انیس نے مرثیہ کی ساخت

کے تعین میں اہم کردار عطا کیا۔

مرثیہ عربی زبان کے لفظ 'رثا' سے بنا ہے جس کے معنی کسی عظیم حادثہ یا کسی رشتہ دار عزیز کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کرنا ہے۔ اردو ادب میں مرثیہ کا اطلاق امام حسینؑ اور شہدائے کربلا کی دردناک شہادت کے واقعات پر ہوتا ہے۔ مرثیہ کا سلسلہ کائنات سے جڑا ہے۔ قدرت نے انسان کو پہلی خوشی کے ساتھ پہلا غم بھی ودیعت کیا تھا لیکن تاریخ بتاتی ہے کہ اس کی ابتدا اس وقت ہوئی جب قابیل نے ہابیل کو قتل کیا اور حضرت آدمؑ نے بیٹے کے غم میں چند اشعار نظم کرنے کے بعد گریہ فرمایا۔ آہستہ آہستہ یہی مرثیہ مختلف مراحل اور مقامات سے گزرتا ہوا ادبیات عربی سے وابستہ ہوا اور عرب کے شاعروں نے مرثیہ گوئی میں طبع آزمائی کی اور حضرت خنساء کی رثائی شاعری اس باب میں ایک روشن مینار قرار پائی۔ حضرت خنساء کے بارے میں شارب ردولوی لکھتے ہیں:

> ''ایک واقعہ سے یہ بات اور صاف ہو جاتی ہے کہ عرب کی خنساء نامی ایک عورت پر اس کے بھائی کے انتقال کا بہت اثر ہوا۔ وہ پاگلوں کی طرح دیوانہ وار ادھر ادھر پھرنے لگی، اور اسی طرح حج کو گئی۔ وہ طواف کرتی جاتی تھی اور سینہ پر دو ہتڑ مارتی جاتی تھی۔ یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا زمانہ تھا۔ انھوں نے اس عورت کو دیکھا اور اس طرح گریہ وزاری پر منع کیا۔ جذبات کے اس اظہار کے رک جانے کی وجہ سے بے اختیار اس کی زبان پر چند بہت پر درد شعر آ گئے۔''

(مراثی انیس میں ڈرامائی عناصر،ص۴۲)

عرب کے بعد ایران کی سرزمین مرثیہ کا گہوارہ بنی اور پھر یہی مرثیہ زمانے کے نشیب وفراز سے گزر کر ہندوستان کی مٹی میں جذب ہوا اور اس مٹی نے رثائی رنگ کو کچھ یوں تبدیل کیا کہ ہندوستان میں رثائی روایت کی جڑیں مستحکم ہوگئیں، گویا مرثیہ کو ہندوستان سے ایک نئی شناخت ملی۔

اردو میں مرثیہ کے ساتھ بڑی ٹریجڈی یہ رہی کہ اس کو مذہبی شاعری اور عقیدت کا ذریعہ تصور کر کے زیادہ مطالعہ نہیں کیا گیا۔ لیکن حالی نے 'مقدمہ شعر وشاعری' میں، امداد اثر نے 'کاشف الحقائق' میں اور مولانا شبلی نے 'موازنہ انیس و دبیر' لکھ کر میر انیس کو مرثیہ نگاری کا بادشاہ تسلیم کیا۔ اس کے علاوہ مختلف ناقدین، محققین نے میر انیس کی شاعری کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا۔ اسی رثائی روایت کے تنقیدی مقالات کے سلسلہ کو شارب ردولوی نے نئی راہ دکھائی اور مرثیہ کا فکری، فنی تجزیہ و تحلیل کر کے ایک ایسی جہت کی جستجو کی، جو ان سے قبل کے ناقدین کی نظر سے اوجھل تھی۔ انیس سے انھیں خاص لگاؤ ہے۔ انھوں نے انیس کے مرثیہ میں ڈرامائی عناصر تلاش کر کے مرثیہ کو ایک نیا تناظر اور زاویہ عطا کیا۔ احتشام حسین 'مراثی انیس میں ڈرامائی عناصر' کے بارے میں لکھتے ہیں :

> ''ان کے پیش نظر خاص طور سے
> وہی نقطہ نظر رہا ہے جو ارسطو نے المیہ کے
> متعلق قائم کیا تھا۔ یہاں انھوں نے
> دیدہ وری اور سوجھ بوجھ سے کام لے کر
> مطابقت کو زیادہ سے زیادہ نمایاں کرنے
> کے لیے مراثی انیس سے بہت مناسب
> مثالیں تلاش کی ہیں۔''
>
> (مراثی انیس میں ڈرامائی عناصر،ص:۷)

مرثیہ اور ڈرامہ کے مابین اشتراکات اور مماثلتوں کی تلاش شارب ردولوی کا ہی طرۂ امتیاز ہے۔ مرثیہ میں محاکات یا فضا بندی کے عناصر کی جستجو اور میر انیس کے امتیازات اور انفرادات کے حوالے سے شارب ردولوی نے بہت ہی عالمانہ گفتگو کی ہے اور دونوں اصناف کے مابین ایک نقطۂ افق کو دریافت کیا ہے۔ کچھ اس طرح کہ دونوں اپنی فنی حدود میں رہتے ہوئے ایک دوسرے سے مربوط بھی ہیں اور منفصل بھی۔ انیس نے ڈرامہ کے فنی عناصر سے فیض اٹھایا ہے۔ اس طرف اشارہ کرتے ہوئے شارب ردولوی رقم طراز ہیں :

''میر انیس کے مرثیے بظاہر
ڈراموں سے کوئی تعلق نہیں رکھتے۔ یہ
مرثیہ محرم میں اور اس کے بعد امام حسین
علیہ السلام کے غم میں منعقد ہونے والی
مجالس میں پڑھنے کے لیے لکھے گئے
تھے۔ ان میں واقعات کربلا، وہاں کے
مناظر، کچھ تاریخی واقعات، اہل بیت
کے اوصاف اور ان کی تعریف نظم کی گئی
ہے جس میں خالص مذہبی عقیدت کا
جوش کارفرما ہے، لیکن جس طرح میر
انیس نے روایتی مرثیہ نگاری سے ہٹ کر
مرثیے لکھے اور اس میں بہت سی چیزوں کا
اضافہ کیا، اسی طرح تفصیلی مطالعہ سے
ان مراثی میں ڈرامائی عناصر بھی پوری
طرح کارفرما نظر آتے ہیں۔ اس زمانے
میں جب کہ مرثیہ صرف رونے رلانے کا

سامان بہم پہنچانے اور بخشش کرانے ہی کا
وسیلہ نہیں رہا بلکہ اس نے ایک علمی اور
ادبی اہمیت بھی حاصل کر لی ہے جس کو
سبھی ناقدان ادب اور مرتبین تاریخ
ادب نے تسلیم کیا ہے۔ میرے خیال
میں اس پہلو سے میر انیس کے مرثیوں کا
مطالعہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔'' (مراثی
انیس میں ڈرامائی عناصر، ص:۱۰)

شارب ردولوی نے مرثیہ اور ڈرامہ کے خصائص اور مشترکہ عناصر پر مدلل بحث کی ہے۔ مثلاً مرثیہ میں واقعات کی ترتیب اور ربط، کردار، مرثیہ میں تصادم، کشمکش اور عمل۔ ڈرامے کے عناصر ترکیبی پر بھی روشنی ڈالی ہے اور یہ بتایا ہے کہ ڈرامے کے تشکیلی عناصر پر میر انیس کی گہری نظر ہے۔ تبھی تو ان کے مراثی میں ڈرامائی عناصر کا وفور ہے۔ وہ بہترین ڈرامے کے عناصر پر لکھتے ہیں :

''ایک بہترین ڈرامے کے لیے
قصہ میں مکالمۂ تصادم (conflict)،
کشمکش (Suspence) اور حدتیں
(Unities) کا ہونا بھی لازمی ہے۔''
(ایضاً، ص۳۹۱)

اسی طرح مرثیہ کے اجزائے ترکیبی چہرا، سراپا، رخصت، آمد، رجز، جنگ، شہادت اور بین وغیرہ پر روشنی ڈالنے کے بعد میر انیس کے بارے میں لکھتے ہیں :

''مرثیہ کی اس ظاہری ہیئت کو میر
انیس نے پایۂ تکمیل تک پہنچایا ہے۔''
(مراثی انیس میں ڈرامائی عناصر، ص۲۳)

شارب ردولوی نے ان عناصر کو نمایاں کرنے کے لیے مراثی انیس سے بڑی جامع اشعار مثال کے طور پر پیش کیے ہیں۔ کردار نگاری میں انھوں نے خیر و شر کی کشمکش کو نمایاں کرنے کے لیے حر کا کردار اخذ کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں :

''ڈرامے میں سب سے بہتر کردار
وہی ہوتا ہے جس میں خیر و شر کی کشمکش ہو،
کردار کی یہ کشمکش دیکھنے والوں کو اپنی
طرف کھینچتی ہے۔ مرثیے کے تمام
کرداروں میں صرف حضرت حر کا کردار
ایسا ہے جس میں خیر و شر کی کشمکش پائی
جاتی ہے۔''(مراثی انیس میں ڈرامائی
عناصر، ص ۵۴)

اس کے علاوہ انھوں نے مراثی انیس کے کرداروں کی اس باہمی گفتگو کے اشعار کو پیش کیا ہے جو ڈرامے کے کرداروں سے مماثلت رکھتے ہیں۔ مراثی انیس کے اسی امتیازی رنگ کی طرف شارب ردولوی اس طرح اشارہ کرتے ہیں :

''انیس کے پیش کیے ہوئے افراد
کتنے ہی مذہبی یا تاریخی کیوں نہ ہوں
ایک ڈرامے کے کردار کی طرح چلتے
پھرتے اور بولتے نظر آتے ہیں۔''
(مراثی انیس میں ڈرامائی عناصر، ص ۱۵)

ساتھ ہی وہ انیس کے مرثیے سے بڑی خوبصورت مثالیں پیش کرتے ہیں۔

یہ سن کے خادموں کو پکارا وہ مہ جبیں
فراش آ کے جلد مصفا کریں زمیں
حاضر ہوں آب پاش محل دیر کا نہیں

یوں ہوگا خیمۂ حرم بادشاہ دیں
جلدان کو بھیجو لوگ جو ہیں کاروبار کے
لے آؤ اشتروں سے قناتیں اتار کے

شارب ردولوی نے مرثیہ اور ڈرامہ کی مماثلت کو اجاگر تو بڑے سلیقے سے کیا ہے۔ وہیں ڈرامہ اور مرثیہ کے فرق کو بھی پیش کیا ہے۔

''ڈرامے کے کردار اور مرثیے کے کردار میں ایک بہت بڑا فرق آ پڑتا ہے، ڈرامہ نگار ڈرامے میں سماج کی خوبیاں اور خامیاں کسی ایک واقعہ یا قصہ کو لے کر پیش کرتا ہے۔ مرثیہ نگار مذہبی عقائد اور روایات کے تحت ایک تاریخی واقعہ اور تاریخی کردار کو بہتر سے بہتر اور مخالف کردار کو بد سے بدتر پیش کرتا ہے۔ اس کو انھیں مخصوص کرداروں کو پیش کرنا ہے۔ خواہ وہ زندگی میں ایک مرثیہ کہے یا ایک ہزار، کردار نہیں بدل سکتے، وہ اپنے انداز بیان کو بدل بدل کر سامعین کی دلچسپی قائم رکھتا ہے۔''

(مراثی انیس میں ڈرامائی عناصر، ص ۳۴)

شارب ردولوی نے میر انیس کے مراثی کا بغور مطالعہ کر کے ہر کردار سے متعلق بند کو مثال کے طور پر پیش کیا ہے۔ مرد کرداروں میں جہاں انھوں نے حضرت حر، امام حسینؑ، حضرت عباسؑ، حضرت علی اکبر، حضرت قاسم اور عون و محمد وغیرہ کی بہادری کو پیش کیا ہے وہیں خواتین کے کرداروں میں ڈرامائی عناصر سے متعلق اشعار کا

مناسب طریقہ سے تعین کیا ہے۔ یوں تو مراثی انیس میں خواتین کے صبر وتحمل اور بہادری سے متعلق سیکڑوں اشعار ہیں لیکن شارب ردولوی نے صرف وہی اشعار منتخب کیے ہیں جو ان کے موضوع کی کسوٹی پر کھرے اترتے ہیں۔ وہ میر انیس کے مراثی کے خواتین کرداروں سے متعلق لکھتے ہیں :

''یوں تو واقعۂ کربلا کا ہر کردار
ڈرامائیت لیے ہوئے ہے لیکن حضرت
زینب کا کردار پورے کا پورا ایک بہترین
ڈرامائی کردار ہے۔ اس سے ایک بات
اور واضح ہوتی ہے کہ میر انیس عورتوں کی
نفسیات سے کس حد تک واقف تھے کہ
انھوں نے عورتوں کا کردار پیش کرنے
میں بھی کسی بات کی کمی کا شبہ نہیں پیدا
ہونے دیا۔''

(مراثی انیس میں ڈرامائی عناصر، ص ۴۷)

حضرت زینب واقعۂ کربلا کی ایسی عظیم خاتون کردار ہیں جس کا امام حسینؑ خود بھی بڑا احترام کرتے تھے۔ ان کے اندر ایثار وقربانی کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھرا تھا۔ وہ مدینہ سے اپنے بچوں کو امام حسینؑ پر فدا کرنے کے لیے لائی تھیں اور انھوں نے اپنے بیٹوں کو حضرت علی اکبرؑ سے قبل میدان جنگ میں بھیجا اور جب مقتل سے خیمہ میں عون ومحمد کی خون میں لتھ پتھ لاشیں لائی گئیں تب بھی انھوں نے صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوٹنے دیا۔ میر انیس نے اس کیفیت کو بیان کرنے میں ڈرامائی عناصر سے استفادہ کیا ہے۔ اس کی مثال میں شارب ردولوی یہ بند پیش کرتے ہیں :

بیٹھی تھیں ایک کونے میں زینب جو ننگے سر
واں جاں کے بولیں بانوئے ناشاد نوحہ گر

پرسے کولوگ جمع ہیں چلئے ذرا ادھر
فرمایا میں نہ جاؤں گی بچوں کی لاش پر
آنچ آتما کی دل کو جلائے تو کیا کروں
گر فرق میرے صبر میں آئے تو کیا
کروں

اسی طرح حضرت زینب کے ساتھ جناب سکینہ، حضرت کبرا کے بیان کو بھی رقم کیا۔ شارب ردولوی نے جہاں امام حسینؑ اوران کے ساتھیوں سے متعلق مرثیہ کے بند پیش کیے ہیں وہ بند بھی مثال کے طور پر رقم کیے ہیں، جن میں انیس نے فوج یزید کے سپاہیوں کا ذکر کیا ہے اور ایسے بند بھی ہیں جن میں دونوں طرف کی فوجوں کا منظر سامنے آتا ہے۔ یہ بند ملاحظہ ہو :

زاری تھی التجا تھی مناجات تھی ادھر
واں صف کشی وظلم وتعدو شعور سر
کہتا تھا ابن سعد یہ جا جا کے نہر پر
گھاٹوں سے ہوشیار ترائی سے باخبر
دو روز سے ہے تشنہ دہانی حسین کو
ہاں مرتے دم بھی دیجو نہ پانی حسین کو

اسی طرح ارزق کے کردار کو پیش کرنے کے لیے اس مصرعے کو پیش کیا ہے جس میں انیس نے ارزق کو دیو سے مشابہ بتایا ہے :

نکلا پرے سے دیو چنگھاڑتا ہوا

ارزق کے کردار سے متعلق ڈرامائی عنصر کو پیش کرنے کے لیے انیس کے مراثی سے اس سے بہتر اشعار بہت سے موجود ہیں لیکن شارب ردولوی نے میر انیس کے مرثیے سے بہت مناسب مثالیں تلاش کی ہیں۔ شارب ردولوی نے تصادم، کشمکش

اورعمل کے ضمن میں بڑی جامع مثالیں مرثیہ سے اخذ کی ہیں۔ وہ لکھتے ہیں :

''تصادم جو کہ واقعات کے اندر
بڑھتا جاتا ہے اور جس کے سبب ظاہری
تصادم ظہور میں آتا ہے، یہ عنصر خالص
ڈرامے کا ہے لیکن مثال سے یہ ظاہر ہوتا
ہے کہ میر انیس نے اسی کو مرثیہ میں کس
طرح جگہ دی ہے کہ یہ بھی مرثیے کا ایک
خاص جز بن کر رہ گیا۔''

شارب ردولوی نے بڑی سنجیدگی سے مراثی انیس کا مطالعہ کیا اور دانشورانہ وعالمانہ اسلوب کے ساتھ اس میں ڈرامائی عناصر کو تلاش کیا اور مرثیے کے ایسے بند کا انتخاب کیا جس میں انیس نے مختلف کرداروں کے جذبات، حرکات وسکنات کی تصویر کشی کی ہے۔ شارب ردولوی نے انیس کے مراثی سے ڈرامائی عناصر کی مثالیں پیش کر کے اس درمکنون کو تلاش لیا ہے جو نگاہوں کی رسائی سے باہر ہے۔ اس جستجو کے لیے جس ذہن رسا کی ضرورت تھی وہ یقینی طور پر شارب ردولوی کو قدرت نے ودیعت کیا ہے ورنہ وہ تنقید کے باب میں نئے جزیروں کی جستجو میں ناکام رہتے۔

ماخذ:

مراثی انیس میں ڈرامائی عناصر۔ شارب ردولوی

****

اردو کی خواتین افسانہ نگار اور ان کے افسانوں کا تجزیاتی مطالعہ

Keywords: Urdu fiction, women fiction writers, evolution, societal values, Western thought, post-1857 period, socio-cultural context, feminist theoretical frameworks, contemporary authors, taboo social issues, gender roles, societal norms.

نصرت جہاں
ریسرچ اسکالر، شعبہ اردو
یونی ورسٹی آف دہلی، نئی دلی

Abstract: This research article presents a comprehensive analysis of the evolution of Urdu fiction, with a focus on the significant contributions of women fiction writers. Urdu fiction, spanning over a century, has evolved in response to changing societal values and influences from Western thought. The multidisciplinary research approach employed includes text analysis, sociocultural context exploration, comparative analysis, and feminist theoretical frameworks. Primary sources like published collections, literary journals, and critical reviews, along with secondary sources such as scholarly articles, inform the study.

The article commences by examining the post-1857period, marked by an intellectual awakening

after India's war of independence, which introduced Western literature and ideas into Urdu literary circles. The historical classification of Urdu fiction reveals early female fiction writers, including Khatun Akram, Rashid Jahan Dehlavi, Hamida Sultan, and Razia Sajjad Zaheer, who fearlessly tackled taboo social issues and demonstrated a profound understanding of human psychology and societal complexities.

The study also explores the impact of these pioneering women authors, highlighting their exploration of themes like changing social values, social justice, and the pain of partition. Contemporary women Urdu fiction writers, such as Zahida Hina, Zakia Mashhadi, Nigar Azeem, Shamim Nikhat, Tarannum Riyaz, and Bilqis Fatima, are examined, showcasing their contributions to the ongoing evolution of Urdu literature.

In conclusion, this research article underscores the enduring influence of these women writers on Urdu literature. They have challenged conventional norms, addressed complex societal issues, and enriched the literary landscape with their distinctive storytelling. By promoting critical dialogue and addressing contemporary concerns, these authors continue to shape the narrative of gender and society within Urdu literature, leaving an indelible mark on this vibrant

literary tradition.

.....

تعارف:

اردو افسانہ، داستانوں اور کہانیوں کا خزانہ ہے جو اپنے ساتھ ایک شاندار تاریخ رکھتا ہے جو ایک صدی پر محیط ہے۔ اردو فکشن کی ایک طویل اور متنوع تاریخ ہے جو تقریبا120 سال پر محیط ہے۔ اگر چہ یہ مغربی فکشن کے ساتھ مشترک عناصر کا اشتراک کرتا ہے، لیکن اس کی مختلف خصوصیات، بشمول ضمنی کہانیاں، نیسٹڈ کہانیاں، اور ناول، اسے الگ کرتے ہیں۔ اس مضمون کا مقصد اردو فکشن کے ارتقاء کا سراغ لگانا ہے، جس میں روایتی بیانیوں سے اس کے انحراف اور نئی اقدار اور نقطہ نظر کو اپنانے پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس تحقیقی مضمون میں اردو فکشن کے سفر کا جائزہ لیا گیا ہے اور اس کی روایتی داستانوں سے ایک ایسی صنف میں تبدیلی پر روشنی ڈالی گئی ہے جو بدلتی ہوئی معاشرتی اقدار کی عکاسی کرتی ہے۔

پس منظر:

اردو فکشن، جس کی تاریخ تقریبا120 سال پر محیط ہے، نے نمایاں ترقی کی ہے، جو بدلتی ہوئی معاشرتی اقدار اور امنگوں کی عکاسی کرتی ہے۔ اس تحقیقی مضمون کا مقصد اس ارتقاء کا سراغ لگانا ہے، جس میں روایتی بیانیوں اور مغربی فکر کے اثر و رسوخ پر زور دیا گیا ہے۔ مزید برآں، اس میں اردو ادب کی تشکیل میں خواتین افسانہ نگاروں کے اہم کردار کا جائزہ لیا گیا ہے۔

تحقیقی مقاصد:

اس تحقیق کے بنیادی مقاصد یہ ہیں:

اردو فکشن کے روایتی بیانیوں سے ایک ایسی صنف میں ارتقاء کا جائزہ لینا جو بدلتی ہوئی معاشرتی اقدار کی عکاسی کرتی ہے۔

خواتین افسانہ نگاروں کی خدمات اور انہیں درپیش چیلنجوں کو اجاگر کرنا۔

اہم خواتین مصنفین کے اثرات کا تجزیہ کرنا۔

ان خواتین مصنفین کی ادبی خدمات کا جامع تجزیہ کرنے کے لئے ایک کثیر الجہتی تحقیقی نقطہ نظر کا استعمال کرنا۔

طریقہء کار:

یہ تحقیق ایک کثیر الجہتی نقطہ نظر اختیار کرتی ہے، جس میں متن کا تجزیہ، سماجی وثقافتی سیاق وسباق کی تلاش، تقابلی تجزیہ، اور فیمنسٹ نظریاتی فریم ورک شامل ہیں۔ اس میں ناولوں، مختصر کہانیوں اور مضامین کی جانچ پڑتال شامل ہے، جو بنیادی ذرائع جیسے شائع شدہ مجموعے، ادبی جرائد اور تنقیدی جائزوں کے ساتھ ساتھ ثانوی ذرائع جیسے علمی مضامین، انٹرویوز اور تنقیدی تجزیے سے اخذ کیے جاتے ہیں۔

مضمون کا جائزہ:

یہ مضمون اردو فکشن کے ارتقاء اور خواتین مصنفین کی خدمات کو جامع طور پر تلاش کرنا ہے۔ اس کا آغاز 1857ء کے بعد اردو فکشن کے دور اور مغربی فکر کے اثرات کے تاریخی جائزے سے ہوتا ہے۔ اس کے بعد کے حصوں میں اردو فکشن کی تاریخی درجہ بندی، رشید جہاں دہلوی کا نمایاں کام، حمیدہ سلطان کی بدلتی ہوئی سماجی اقدار کی کھوج اور رضیہ سجاد ظہیر کی ترقی پسند نظریے کی وکالت شامل ہیں۔ صالحہ عابد حسین کی تقسیم کے درد کی تصویر کشی کا بھی جائزہ لیا گیا ہے، اس کے بعد رضیہ سجاد ظہیر اور عصمت چغتائی کی خدمات کا گہرائی سے تجزیہ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ یہ مضمون ذکیہ مشہدی، نگار عظیم، ڈاکٹر شمیم نکہت، ترنم ریاض اور بلقیس فاطمہ جیسی معاصر خواتین اردو افسانہ نگاروں کے بارے میں بصیرت فراہم کرتا ہے۔ یہ اردو ادب پر ان مصنفین کے اثرات اور معاشرتی اقدار کو چیلنج کرنے میں ان کی ہمت کی نشاندہی کرتا ہے۔

طریقہ کار کے لحاظ سے، مضمون تحقیقی نقطہ نظر کا خاکہ پیش کرتا ہے، جس میں متن کا تجزیہ، سماجی و ثقافتی سیاق و سباق، تقابلی تجزیہ، اور نسوانی ادبی تنقید،

نوآبادیاتی نظریہ، اور سماجی و ثقافتی تجزیہ کا اطلاق شامل ہے۔ آخر میں تحقیق اپنے نتائج کا خلاصہ پیش کرتے ہوئے اردو ادب میں خواتین کی خدمات کی اہمیت پر زور دیتی ہے اور مستقبل میں تحقیق کی راہیں اجاگر کرتی ہے۔

1857ء کے بعد کا دور (فکری بیداری کا دور)

1857ء میں ہندوستان کی جنگ آزادی کے بعد ایک نئی فکری بیداری ابھر کر سامنے آئی، جس میں بدلتے ہوئے سیاسی اور سماجی حالات شامل تھے۔ اس دور میں ثقافت، اخلاقیات اور ادبی تحریروں کا ازسرنو جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ تعلیم یافتہ حلقوں پر مغربی فکر اور ادب کے اثرات کا ازسرنو جائزہ لینے کی اجتماعی کوشش دیکھنے میں آئی۔ انگریزی، فرانسیسی، ترکی، روسی اور امریکی کہانیوں سمیت مغربی ادب کے ترجموں نے اردو ادب کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا۔

اردو فکشن کی تاریخی درجہ بندی: اردو فکشن کی تاریخی درجہ بندی سے پتہ چلتا ہے کہ اس کے ابتدائی بانیوں میں خواتین کی نمایاں کمی ہے۔ اردو ادب کی پہلی ممتاز خاتون افسانہ نگار خاتون اکرم تھیں جن کی تصانیف میں "جمال ہم نشین"، "پیکر وفا" اور "بچی بیوی" شامل ہیں۔ بدقسمتی سے، اس کے بارے میں تفصیلی معلومات ابھی تک پوشیدہ ہیں۔

خاتون اکرم ایک روشن شخصیت نے اردو ادب پر اپنی ناقابل فراموش چھاپ چھوڑ کر پہلی ممتاز خاتون افسانہ نگار کے طور پر ابھری ہیں۔ اردو ادب میں خاتون اکرم کی خدمات کو اس وقت یاد کیا جاتا ہے جب ہم ان کی تخلیقات کا جائزہ لیتے ہیں۔ ہم ان کے بیانیے کے اثرات اور ان کے قائدانہ کردار کی اہمیت پر غور کرتے ہیں۔

رشید جہاں دہلوی نے 1932 میں "انگارے" کے نام سے ایک کتاب لکھی، جس میں ان کی مختصر کہانی "دہلی کی سیر" اور "پردے کے پیچھے" کے عنوان سے ایک ڈرامہ شامل تھا۔ رشید جہاں نے بے خوف ہو کر اس وقت کے ممنوعہ سمجھے جانے والے معاشرتی مسائل پر بات کی۔ رشید جہاں کی کہانیوں کا تجزیہ، جیسے

"افطاری"، "چور" اور "زیرو" انسانی نفسیات، سماجی مسائل اور مارکسی نظریات کے بارے میں ان کی گہری تفہیم کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ کہانیاں انسانی فطرت اور معاشرتی پیچیدگیوں کی حقیقت پسندانہ تصویر پیش کرتی ہیں اور سعادت حسن منٹو اور عصمت چغتائی جیسے بعد کے مصنفین کے لئے زرخیز زمین فراہم کرتی ہیں۔

حمیدہ سلطان ابتدائی خاتون افسانہ نگار حمیدہ سلطان نے آزادی سے پہلے اپنے کیریئر کا آغاز کیا تھا۔ "نیلمبر " کے عنوان سے ان کے مجموعے میں بدلتے ہوئے معاشرتی اقدار اور آزادی کی جدوجہد کا احاطہ کیا گیا ہے۔ان کی کہانی "عذرا" ایک قدامت پسند معاشرے میں ایک لڑکی کی فکری اور عملی آزادی کی خواہش کی عکاسی کرتی ہے۔

رضیہ سجاد ظہیر ترقی پسند نظریات کی چیمپیئن، معروف افسانہ نگار رضیہ سجاد ظہیر سوشلسٹ نظریات سے گہری وابستگی رکھتی تھیں۔ان کے کام سماجی انصاف اور پسماندہ طبقات کی جدوجہد کے تئیں وابستگی کی عکاسی کرتے ہیں۔ان کے افسانوں کے مجموعے "اللہ دے بندہ لے" اور "زرد گلاب" معاشرے میں رائج طبقاتی کشمکش اور ناانصافیوں کی ایک جھلک پیش کرتے ہیں۔

صالحہ عابد حسین کی تحریروں سے سماجی اصلاح سے گہری وابستگی کا پتہ چلتا ہے۔ان کا افسانہ تقسیم ہند کی وجہ سے پیدا ہونے والے غم و غصے کی عکاسی کرتا ہے۔ "نراس میں آس" اور "لوٹ" جیسی کہانیوں کے ذریعے وہ تقسیم ہند کے بعد فرقہ وارانہ تشدد اور برادریوں کی مشترکہ ذمہ داری کے بارے میں دردناک بصیرت فراہم کرتی ہیں۔ان کے بیانیے اتحاد کی اہمیت اور تقسیم کے المناک نتائج پر زور دیتے ہیں۔ان کے افسانوی مجموعوں کی تعداد بالترتیب ''اشاعت نقش اول۔''1939ء، 'ساز ہستی'1946ء، 'نراس میں آس' 1948ء، ''نونگے''1959ء، درد درماں مارچ 1977ء، اور'' تین چہرے تین آوازیں 1986ء؟، میں عمل میں آئی۔

رضیہ سجاد ظہیر کے شخصیت کا اندازہ ان کے مشہور افسانوی مجموعے کے

جائزے سے ہوتا ہے اور جس میں کہانی "اللہ دے بندہ لے" پر بحث کی گئی ہے۔ اس میں اس بات پر روشنی ڈالی گئی ہے کہ یہ کہانی کس طرح انفرادی ذمہ داری پر زور دیتی ہے اور اعمال کو خدا کی مرضی سے منسوب کرنے کو چیلنج کرتی ہے۔ اس مضمون میں رضیہ سجاد ظہیر کے محنت کشوں اور مظلوموں کی جدوجہد کی عکاسی کرنے اور ان کے انداز کو ترقی پسند ادب سے ہم آہنگ کرنے کے عزم کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔

عصمت چغتائی کی مشہور کہانی "چوتھی کا جوڑا" کا تجزیہ متوسط طبقے کے مسلم خاندانوں کو درپیش شادی کے مسائل اور معاشرتی رکاوٹوں کے بارے میں ان کی کھوج پر روشنی ڈالتا ہے۔ انھوں نے معاشرہ میں قدامت پرستی، شرم و حیا اور جہالت کو بھی اپنی تخلیقات میں بڑی چابکدستی سے تحریر کیا ہے۔ ان کے یہاں غریب، نادار اور محنت کش عوام کو نمایاں طور پر پیش کیا گیا ہے۔ جنسی موضوع پر لکھے گئے معروف افسانے ''طاف''، ''تل'' اور بھول بھلیاں۔ وغیرہ ہیں۔ اس کے علاوہ متوسط طبقہ دیگر مسائل کو فنکاری سے اپنے افسانوں میں سمو دیا ہے۔ مثلاً چوتھی کا جوڑا، دو ہاتھ، ننھی کی نانی، بچھو پھوپھی، چھوئی موئی، بیکار، ڈائن، ساس، کنواری اور سونے کا انڈا وغیرہ بڑی اہمیت کے حامل افسانے ہیں۔

شکیلہ اختر نے سرمایہ داری کے علم وصبر اور استحصال کے خلاف آواز بلند کی۔ انہوں نے ہندو مسلمانوں میں مذہبی منافرت کے باعث ہوئے فسادات کو بھی اپنی تخلیقات کا موضوع بنایا۔ اس حوالے سے مظلوم اور ایک دن قابل ذکر افسانے ہیں۔ ان کے افسانوں کے بیشتر موضوعات دیہی علاقے میں ان کے یہاں جذباتیت بھی نظر آتی ہے۔ انہوں نے مسلم گھرانوں کے نوجوان لڑکیوں اور لڑکوں کے رمانی مزاج کو اپنے افسانوں میں بڑی بے باکی کے ساتھ پیش کیا ہے۔ ان کے بیشتر افسانوں کے عنوانات سے ہی نفس مضمون کا اندازہ ہو جاتا ہے۔ ان کے یہ افسانے عنوان کے مطابق نفس مضمون کی غمازی کرتے ہیں۔ مثلاً ''ڈائن''، ''درپن''، ''آگ اور پتھر اور آنکھ مچولی وغیرہ۔

قرۃ العین حیدر کی ادبی نگارشات میں تقسیم ہند کے اثرات کے تعلق سے 'جلاوطن' اور ہاؤسنگ سفر معروف افسانے ہیں۔ انھوں نے زندگی کے حقائق اور قدروں کے نشیب وفراز اپنے فکشن میں خوب سمویا ہے۔ 'پت جھڑ کی آواز' ان کا ایک طویل افسانہ ہے۔ جس میں افسانہ نگار نے انسانی قدروں اور رشتوں کے بکھرتے، ٹوٹتے اور پامال ہونے کو موضوع بنایا ہے۔ قرت العین حیدر کی افسانوی نگارشات نے اردو فکشن کے معیار کو بلند کیا ہے۔ ان کے افسانوں میں جنسیت غیر واضح اور رومانی فکر کی زیریں لہریں بین السطور ملتی ہیں۔ مگر اشرافیہ طبقہ کی زوال پذیر تہذیبی قدریں نمایاں نظر آتی ہیں۔

خدیجہ مستور نے اپنی تخلیقات کے ذریعہ اردو زبان وادب کو فروغ بخشا ہے ان کے افسانے ملامتوں، تشبیہوں اور استعاروں سے خالی ہیں۔ ان کے افسانے بیانیہ انداز میں پیش کیے گئے ہیں جو قارئین کے ذہن پر کسی دشواری کے سید منظور پر اثرات مرتب کرتے ہیں۔ انھوں نے عورتوں کے مسائل کو اپنی نگارشات میں خصوصی طور پر ابھارنے کی کوشش کی ہے۔ وہ اپنے معاشرے میں عورتوں کے حقوق اور ان کو عزت دلانے کی خواہاں ہیں وہ عورت اور مرد کو ایک دوسرے کے لیے ناگزیر سمجھتی ہیں۔ مگر وہ ایک دوسرے کے حقوق اور عزت کا پاس رکھتیں۔

بانو قدسیہ کو معاشرتی طور پر لوگووں کی نفسیات کی فہم خوب تھی۔ اس کے علاوہ یہ بھی محسوس ہوتا ہے کہ انھوں نے نفسیاتی علم کا وسیع مطالعہ کیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے افسانے سماج میں نفسیاتی پیچیدگیاں کس طرح پیدا ہوتی ہیں۔ ان کے یہ چند افسانے 'پابند'، 'کلو'، 'اڑیل' اور بازگشت وغیرہ نفسیاتی شعور کے غماز ہیں۔

ہاجرہ مسرور کے افسانوں میں سماجی حقیقت نگاری متوسط مسلم گھرانوں کے مسائل، جنسی ہیجان، نفسیاتی کشمکش، عورتوں کے مسائل، معاشی واقتصادی مسائل اور جلاوطنی کے مسائل کو موضوع بنایا ہے۔ انھوں نے جنسی مسائل کے ساتھ دیگر

مسائل کو زیادہ پیش نگاہ رکھا۔ان کے۔ان کے جنسی مسائل کے حوالے سے''ہائے اللہ''اور''نل اوٹ پہاڑ''وغیرہ افسانے اہم ہیں۔ان کے''لاعلاج''،''کاروبار''، ''سرگرشیاں''وغیرہ افسانے عورتوں پر ظلم و جبر اور ان کے مسائل کو موضوع بحث بناتے ہیں۔انھوں نے معاشرے کے مختلف طبقات کے افراد کو بھی افسانوں کی نمائندگی عطا کی ہے۔

جیلانی بانو کے افسانوں کے موضوعات میں حیدرآباد کی زوال آمادہ تہذیب، جاگیردارانہ نظام کی زبوں حالی اور معاشرتی زندگی میں بکھراؤ ہے۔انھوں نے ان سب کا بہت قریب اور کھلی آنکھوں سے براہ راست مشاہدہ کیا۔مزید انھوں نے متوسط مسلم گھرانوں کی گھریلو زندگی،عورتوں کی بے بسی اور نوجوان لڑکے لڑکیوں کی شادی بیاہ کے مسائل کو بھی افسانوں کے موضوعات کا حصہ بنایا۔ان کے افسانوں میں حقیقت نگاری کا طرز اسلوب پریم چند کی حقیقت نگاری کے اثرات معلوم ہوتے ہیں۔سماجی حقیقت نگاری کے سیاق میں ان کے بہترین افسانے''سونا آنگن''، تلچھٹ''اور نروان اہم افسانے ہیں۔ان کے اہم افسانے''نتھ کا بوجھ،نتھ کا غرور،'اترن'اور'نتھ اترائی''وغیرہ ہیں۔جاگیردار طبقے کی زوال آمادہ تہذیب و تمدن کے حوالے سے''گلستان سے قبرستان تک''،''ناگن''اور''دیار حبیب''وغیرہ ہیں۔

واجدہ تبسم نے مسلم معاشرے کے مسائل کو اپنی کہانیوں میں بیان کیا۔وہ دکھنی تہذیبی وثقافت کے بارے میں خاطر خواہ معلوم رکھتی تھیں۔انھوں نے حیدرآباد کے گردونواح کے سماج واقعات و مسائل کو بڑی جا بکدستی سے افسانوں کے موضوعات میں سمودیا۔انھوں نے افسانہ کے کرداروں کے ذریعہ وہاں کے لوگوں کے حالات و کیفیات کو بڑے نفسیاتی انداز میں قلم بند کیا ہے۔

آمنہ ابوالحسن نے خواتین کے مسائل اور ان نفسیات کے حوالے سے بڑے قابل تعریف افسانہ لکھے۔وہ اپنی ادبی نگارشات میں انسان کے جذبات اور

اس کے اندرون کی باطنی کیفیت کو بڑی چابکدستی سے صفحہ قرطاس پر اتار دیتی ہیں۔ 'بائی فوکل' اسی طرح کے نفس مضمون کی خاطر خواہ نمائندگی کرتی ہے۔ ''پہنچان'' جذبات نگاری کی شدت سے بھرپور کہانی ہے۔ آمنہ ابوالحسن نے اپنے معاشرے میں لوگوں کو بڑے قریب سے دیکھا اور سمجھا اور انسان کے باہمی رشتے اور ان کے تعامل کو پرکھا اور ان کے افسانوں کے متنوع موضوعات میں ڈھال دیا۔

سرلا دیوی کی افسانوی نگارشات میں سب سے اہم موضوع تقسیم ہند اور فرقہ وارانہ فسادات ہیں۔ ان کے افسانوں کے کرداروں میں عموماً سرمایہ دارانہ، متوسط طبقہ اور نچلے طبقہ مفلس و بادار لوگوں کی نمائندگی پائی جاتی ہے۔ یہ تمام اپنے معاشرے اور طرز زندگی خاطر خواہ عکاسی کرتے ہیں۔ ان کی بیشتر کہانیاں بیانیہ تکنیک کی حامل ہیں۔ ان کا اسلوب بڑا سادہ اور عام فہم ہے۔ ان کے یہاں ہندی زبان کے الفاظ بڑے برجستہ ہیں جو قارئین پر گراں نہیں گزرتے۔

صغریٰ مہدی نے اپنے افسانوں میں لڑکیوں پر کی جانے والی ظلم و زیادتی کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی ہے۔ انھوں نے بچوں کو نفسیات پر لمبی اور بہترین افسانے لکھے ہیں۔ جن میں انھوں نے ان کی تعلیم کے ساتھ تربیت پر توجہ دلانے کی کوشش کی ہے۔ ''قیمت کی لکیر'' اسی سیاق لکھا ہیہو ا بہترین افسانہ ہے۔ نے اپنے افسانوں اپنے معاشرے کے زندگی کے چھوٹے چھوٹے واقعات کو بڑی خوبصورتی سے ڈھال دیے ہیں۔ ان کا پہلا افسانوی مجموعہ ''پتھر کا شہزادہ'' 1976ء میں شائع ہوا۔ دوسرا مجموعہ ''جو میرے وہ راجہ کے نہیں'' 1958ء میں شائع ہوا۔ تیسرا افسانوی مجموعہ پہچان 1995ء میں منظر عام پر آیا۔

عصر حاضر کی خواتین اردو افسانہ نگار

زاہدہ حنا نے لوگوں کی زندگی کے کربناک حالات کو پاس سے دیکھا اور سمجھا اور انھیں حالات کو مختلف موضوعات کی شکل میں اپنے افسانوں کا حصہ بنا دیا۔ نفسیات کے حوالے سے ''ناکا آباد'' ہم کہانی ہے۔ تقسیم ہند، ہجرت اور فسادات سے

تعلق رکھنے والی کہانیاں ''زیتون کی ایک شاخ'' اور ''منزل کہاں ہے تیری'' ہیں۔ تاریخ اور تہذیب کے سیاق میں ''ابن ابوب کا خواب'' بہت مشہور افسانہ ہے۔ دیگر معروف افسانوں میں ''تتلیاں ڈھونڈنے والیں''، ''زرد ہوائیں''، ''زرد آوازیں''، ''رقص مقابر''، ''رقص مقابر'' وغیرہ دوسرے موضوعات پر لکھے گئے ہیں۔

ذکیہ مشہدی اپنے فطری اور سادہ کرداروں کی وجہ سے مشہور ذکیہ مشہدی کی تخلیقات اکثر معاشرے میں عام جاننے والوں پر توجہ مرکوز کرتی ہیں اور نچلے طبقے کے کرداروں کی نمائندگی پر زور دیتی ہیں۔ ان کی تخلیقات، جن میں "پارے چہرے" (1984)، "تاریک راستوں کے مسافر" (1993) اور "سدائی ایکوز" (2003) شامل ہیں، نے ادبی حلقوں میں مقبولیت اور تعریف حاصل کی ہے۔

نگار عظیم (ملکہ مہر نگار)، تین دہائیوں سے فکشن لکھ رہی ہیں، جن کے مجموعے "عکس" (1990)، "گہان" (1999) اور "بلڈنگ" ہیں۔ ان کی مختصر کہانیاں مختصر لیکن موثر ہیں، جو اکثر معاشرے کے اندر جنسیت اور گھریلو مسائل سے متعلق موضوعات کی تلاش کرتی ہیں۔

ڈاکٹر شمیم نکہت کے افسانوں کا پہلا مجموعہ "ٹو ہاف" (1989) میں "آموختہ" اور "ممتا کا کرب" جیسی کہانیاں شامل ہیں، جو تعلیم اور زچگی کے موضوعات کو تلاش کرتی ہیں۔ ان کے افسانوں میں محبت، بگڑتے ہوئے رشتوں اور جنسیت کے موضوعات پر توجہ مرکوز کرتی ہیں۔ "ذہن میں رکھیں" جیسی کہانیاں ان کے کرداروں کی زندگی میں شدید لمحات اور جذبات کی عکاسی کرتی ہیں۔

ترنم ریاض سرینگر میں پیدا ہونے والی ترنم ریاض نے اردو ادب میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ ان کی تخلیقات، جن میں ناول "اسنو فیمیل برڈز" اور "یہ تانگ زمین" اور "بمبارزل" جیسے مختصر کہانیوں کے مجموعے شامل ہیں، محبت، خواتین کی نفسیات اور کشمیر کی صورتحال کے موضوعات کی کھوج کرتی ہیں۔ وہ اکثر

اپنی کہانیوں میں کشمیر کے قدرتی مناظر کی خوبصورتی کو ظاہر کرتی ہیں۔

ان مصنفین نے اردو ادب میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں اور اپنی تصانیف میں متعدد سماجی اور جذباتی موضوعات پر روشنی ڈالی ہے۔ اردو کی ان خواتین افسانہ نگاروں کی ادبی خدمات نے اردو ادب پر ایک انمٹ نشان چھوڑا ہے، جو قارئین کو انسانی حالت، معاشرتی حرکیات اور صنف اور جنسیت کی پیچیدگیوں کے بارے میں گہری بصیرت فراہم کرتا ہے۔ اپنی منفرد کہانی سنانے کی تکنیک اور کردار کی عکاسی کے ذریعے، ان مصنفین نے ادبی منظر نامے کو بلندی عطا کیا ہے، جس سے ان موضوعات پر بحث کو فروغ ملا ہے جو معاصر معاشرے میں اب بھی متعلقہ ہیں۔ ان کی تصانیف کی مزید تحقیق سے اردو ادب میں صنف اور معاشرے کے ابھرتے ہوئے بیانیے کے بارے میں قابل قدر بصیرت حاصل ہوتی ہے۔

اردو ادب پر خواتین مصنفین کے اثرات

چیلنجنگ سماجی اصول: خواتین مصنفین کی خدمات ان کی تخلیقات کے صفحات سے تجاوز کرتی ہیں۔ ہم اس بات پر غور کرتے ہیں کہ کس طرح ان مصنفین نے روایتی اصولوں کو چیلنج کیا، سماجی اقدار اور تبدیلی کی وکالت کی۔

پیچیدہ مسائل کو حل کرنا: ان خواتین مصنفین کی کہانیوں کے ذریعے ہمارا سفر ان مسائل کی گہرائی اور پیچیدگی کو ظاہر کرتا ہے جن پر انہوں نے توجہ دی۔ ہم بیداری پیدا کرنے اور مکالمے کو فروغ دینے میں ان کے کاموں کے گہرے اثرات کو تسلیم کرتے ہیں۔

اردو ادب کو تقویت: اردو ادب میں خواتین مصنفین کی پائیدار وراثت ہمارا اختتامی موضوع بن گئی ہے۔ ہم ادبی منظر نامے میں ان کی خدمات اور مصنفین کی اگلی نسلوں پر ان کے اثرات کو تسلیم کرتے ہیں۔

طریقہ کار: منتخب اردو افسانہ نگاروں کی ادبی خدمات کا جامع تجزیہ کرنے کے لئے ایک کثیر الجہتی تحقیقی نقطہ نظر اپنایا گیا۔ اس میں ناولوں، مختصر کہانیوں اور

مضامین سمیت ان کے کاموں کا باریک بینی سے جائزہ لینا شامل تھا۔ابتدائی ذرائع میں شائع شدہ مجموعے، ادبی جرائد اور تنقیدی جائزے شامل تھے، جبکہ ثانوی ذرائع میں علمی مضامین، انٹرویوز اور تنقیدی تجزیے شامل تھے۔

متن کا تجزیہ:

اس تحقیق کے مرکز میں مصنفین کے کاموں کا گہرائی سے متنی تجزیہ شامل تھا۔ ہر مصنف کی اہم اشاعتوں، بشمول ناولوں اور مختصر کہانیوں کے مجموعوں، کو بار بار موضوعات، کردار کی ترقی، بیانیہ کی تکنیک، اور اسلوبیاتی انتخاب کے لئے جانچ پڑتال کی گئی۔اس بات پر خصوصی توجہ دی گئی کہ ان مصنفین نے صنفی کرداروں کو کس طرح پیش کیا، جنسیت کی پیچیدگیوں کو دریافت کیا، اور معاشرتی اصولوں اور تعلقات پر تبصرہ کیا۔اس تجزیے کا مقصد ان کے بیانیوں میں شامل باریکیوں کو بے نقاب کرنا تھا۔

سماجی وثقافتی سیاق وسباق:

ان مصنفین نے جس سماجی و ثقافتی سیاق وسباق میں لکھا ہے اسے سمجھنا بہت ضروری تھا۔اس کے لئے مروجہ معاشرتی اقدار، صنفی حرکیات اور ان ادوار کے ادبی منظرنامے کی کھوج کی ضرورت تھی جن میں وہ فعال تھے۔ مصنفین کے محرکات اور ان کی ادبی پیداوار کو تشکیل دینے والے بیرونی اثرات کے بارے میں بصیرت حاصل کرنے کے لئے تاریخی ریکارڈ، سوانحی معلومات اور تنقیدی مضامین سے لیا گیا۔

تقابلی تجزیہ:

ان مصنفین کے کاموں میں مشترکات اور اختلافات کی نشاندہی کرنے کے لئے ایک تقابلی تجزیہ کیا گیا۔موضوعات، بیانیہ کی تکنیک، اور صنف اور جنسیت کا موازنہ ہر مصنف کی مخصوص نقطہ نظر کو اجاگر کرنے کے لئے کیا گیا۔

نظریاتی فریم ورک:

اس تحقیق میں ایک نظریاتی فریم ورک شامل کیا گیا جونسوانی ادبی تنقید، نو آبادیاتی نظریہ اور سماجی وثقافتی تجزیے سے اخذ کیا گیا۔ ان فریم ورک کا اطلاق اردو ادب کے وسیع تر تناظر میں ان کی تخلیقات اور ان کی اہمیت کی تنقیدی تشریح کے لئے کیا گیا۔

اردو کی منتخب خواتین افسانہ نگاروں کے تجزیے سے اردو ادب میں ان کے موضوعات اور داستانوں کی بھرمار کا پتہ چلتا ہے۔ ذکیہ مشہدی کی توجہ قدرتی کرداروں پر مرکوز ہے، نگار عظیم کی جنسیت کی کھوج، ڈاکٹر شمیم نکہت کی تعلیم اور زچگی پر زور، ڈاکٹر نکہت ریحانہ کی بگڑتے ہوئے رشتوں کی عکاسی، ترنم ریاض کی کشمیر کی خوبصورتی کا جشن اور بلقیس فاطمہ کی کم معروف موضوعات کی کھوج مجموعی طور پر ادبی منظرنامے کو مالا مال کرتی ہے۔ ان مصنفین نے معاشرتی اصولوں کو چیلنج کیا اور صنف، جنسیت اور تعلقات پر منفرد نقطہ نظر پیش کیا۔ ان کی تخلیقات فکر اور بحث و مباحثہ کو فروغ دیتی رہتی ہیں اور اردو ادب کے جاری ارتقاء؟ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ مزید برآں، ان کی ادبی کامیابیاں معاشرتی رکاوٹوں کے باوجود خواتین مصنفین کی لچک اور تخلیقی صلاحیتوں کا ثبوت ہیں۔ ان مصنفین نے صنف، جنسیت اور معاشرتی حرکیات سے متعلق پیچیدہ موضوعات کو حل کیا ہے۔ ان کے کام قارئین کو ثقافتی اور عارضی حدود سے تجاوز کرتے ہوئے انسانی تجربات کی کثیر الجہتی فطرت میں ایک نظریہ فراہم کرتے ہیں۔ ان مصنفین نے بہادری کے ساتھ سماجی اقدار کو آگے بڑھایا ہے، دقیانوسی تصورات کو چیلنج کیا ہے اور اردو ادب کو اپنی باریک داستانوں سے سرفراز کیا ہے۔

حواشی

ص۔15-14، افسانوں کا تجزیاتی مطالعہ (دہلی کے حوالے سے) 2017۔

ص 27 افسانوں کا تجزیاتی مطالعہ

ص 244 دہلی میں اردو افسانہ 1900ء؟ تا 1947 ئڈاکٹر ظل ہما۔

ص139، اللہ دے بندہ لے، رضیہ سجاد ظہیر۔

ص11، آجکل، دسمبر 1949ء۔

ص13، شاعر بمبئی، شمارہ6، جون 1976، صالحہ عابد حسین سے ایک ملاقات۔ ڈاکٹر عنوان چشتی۔

ص۔29-28، کتاب نما صالحہ عابد حسین ایک ملاقات۔عنوان چشتی۔

ص156، درد و درماں، صالحہ عابد حسین۔

ص101، تین چہرے تین آوازیں، صالحہ عابد حسین۔

ص35، 'عصمت چغتائی نقد کی کسوٹی پر،: ڈاکٹر جمیل اختر

ص۔6262، فن اور شخصیت آپ بیتی نمبر، مارچ 1980۔

صفحہ 2 آجکل، ستمبر، نئی دہلی

ص100، ترقی پسند تحریک اور اردو افسانہ، ڈاکٹر صادق۔

ص37 آئینہ خانہ میں، افکار کراچی۔

ص451، اردو افسانہ روایت اور مسائل، گوپی چند نارنگ۔

ص292 افسانوں کا تجزیاتی مطالعہ، ڈاکٹر سرفراز جاوید۔

ص152، قرت العین حیدر کی منتخب کہانیاں۔

ص2 فکر و نظر سہ ماہی علی گڑھ۔

ص491، نوش افسانہ نمبر، جنوری 1954۔

ص334، اردو افسانہ اور افسانہ نگار، ڈاکٹر فرمان فتحپوری۔

ص514، دیباچہ، چھپے چوری، پطرس بخاری۔

ص211، صرف من وتو، عہد حاضر کے اہم ادیبوں کے انٹرویو، آصف فرخی، اکیڈمی، اردو زبان کراچی۔

ص127، ادبی تنقید، پروفیسر محمد حسن ادارہ فروغ اردو لکھنو 1954۔

ص397، اردو افسانے کا ارتقاء ڈاکٹر حامد جسپروی۔

ص24،شاعر،بمبئی،مئی196۔

ص6،نئی روشنی،انورنزہت۔

ص2،انداز،رسالہ،فخرالکریم۔

ص21-22،کتاب نما،فروری1986۔

ص45،تاریک راہوں کے مسافر،ذکیہ مشہدی۔

ص عمارت،نگار عظیم

ص31،ممتا کا کرب،دوآدھے،شمیم نکہت۔

ص25،شیشوں کا مسیحا،ڈاکٹر نکہت ریحانہ۔

ص11 پیش لفظ،ابابیلیں لوٹ آئیں گی،ترنم ریاض۔

ص45 مٹی،ابابیلیں ٹوٹ آئیں گی۔

****

ضروری اعلان

بین الاقوامی ریسرچ اسکالرز سیمینار

خواہشمند حضرات ۱۵؍جنوری ۲۰۲۴ء تک اپنے مقالے درج ذیل

پتہ پر ای میل کریں-editortau@gmail.com براہ

راست رابطے کا نمبر ہے۔9968244001

مسدّس حالی: تاریخی وثقافتی مطالعہ

پروفیسر ڈاکٹر محمد یحییٰ صبا
شعبۂ اُردو
کروڑی مل کالج دہلی یونیورسٹی

Abstract: Hali familiarized Urdu literature with the true literary color, but also left the best examples for the upcoming writers by expressing themselves tirelessly on literary criticism, biography, composition and contemporary issues. Maulana Hali's highest achievement in Urdu poetry is his long poem "Masdus Hali". It is said that for many years the most published book in the subcontinent after the Holy Qur'an was "Musdus Hali". It is a matter of faith for anyone to stand up and give a positive message for the nation in a dire situation and in a difficult time, and this work can only be done by someone who has strong faith and knows how to speak the truth in a difficult time. The message of awakening could have been the death knell, but it encouraged truth and audacity and caused even more heat in his emotions. The British knew very well that if anyone could resist their nefarious intentions, it could only be the Muslims. The coming time also proved this and the British had to face stiff resistance at the hands of the Muslims. In such a period, Maulana Altaf

Hussain Hali breathed that soul into the dead hearts of Muslims with his poetry and poetry that the promise of revolution started to be heard everywhere.

Masdus Hali is a poem that reflects the highlights of the Muslim past. In this poem, Maulana Hali not only discusses the former greatness and glory of the nation, but challenges their honor in the present era. Rather, by describing it with historical events, the causes and reasons for their development and decline from era to era have also been described. Which shows Maulana Hali's deep study and awareness of the history of Islam? He has tried to awaken the Muslim nation by giving the form of a poem as a model to the historical events from era to era, which has no example. For example, in the opening verses, a map of the state of Arabia is drawn. He is so true that from the time the pen penned the scene to the present day he has served as a model for every cartographer of that era.

Today, there is not a single leader or reformer who can inspire respect among Muslims in the entire Islamic world. There is a world of chaos everywhere and there is a famine-like situation. Muslims in Muslim countries are thirsty for the blood of Muslims. They are cutting each other's throats day and night. They are bombing. They have no shame in the fact that not only their enemies, innocent children, women, old people

and the innocent are also coming under their attack. The limit is that even the hospital is not safe from their brutal acts. There is a market of brutality and brutality which is always hot, but there is honor and dignity which is not awakening.

Maulana Hali has also mentioned the teachings of Islam in detail. He ? made human beings and especially the land of Arabia where the darkness of ignorance was spread and people were living worse than animals. It is forced to give examples and references of these souls in making the day and night of life ideal.

If the earth is to be made an example of Paradise and it is to be kept above all temptations and mischief, then it is necessary to update the Shariah brought by this Bani ? and to publicize the Sunnah of this Bani ? and the exemplary character of his Companions. Otherwise, the world can never become a paradise, but it can definitely prove to be a hell. The arrival of the Prophet (pbuh) and the spread of his teachings are described in this way:

If history is studied with a sincere heart, even the most developed nation cannot deny that the basis of all the knowledge they have at today's stage of development was provided by the Muslims. New worlds were discovered by Muslims. Muslims provided

the highest standard of justice. Muslims taught the world how to govern. Muslims taught how hearts are lived. He informed the people of the world about sciences and arts such as mathematics, philosophy, medicine, chemistry, geometry, composition, tourism, commerce, architecture, painting, and surgery. It is another matter that the Muslims went ahead and fell victim to neglect of dreams and fell into luxury and avoided research and were defeated by other nations.

In Masad, after describing the progress and rise of the nation in a very effective manner, Hali has stated with great sorrow that the Muslims are content with degradation and are not willing to give up neglect. In this way, they themselves have been humiliated, but due to their indifference, they have also defamed Hadi Burhaq's religion.

This paper aims to present Maulana Altaf Husain Hali's, a talented Urdu poet, for a better understanding of his life and poetry, through various events and issues that shaped his life including his involvement in the Humanist movement, the struggle against colonialism, his participation in the Visionary Writers and thinkers movement, and his relationship with the Social reformation. This paper also focuses on unraveling how love and reformation inspired him for his poetry

.....

مولانا الطاف حسین حالی کا یوں تو ہر کارنامہ شاہکار ہے تاہم جس قدر شہرت اور مقبولیت 'مسدس حالی' کو ملی ایسی نہ تو خود ان کی کسی دیگر تصنیف کو ملی اور نہ کسی اور شاعر کی کسی تصنیف و تالیف کو۔ مسدس حالی، سرسید احمد خاں کے خوابوں کی حسین تعبیر اور برسوں کی عبادت و جد و جہد کا ثمرہ ہے۔ اسے سر سید احمد خاں اپنی نجات کا ذریعہ اور وسیلہ کہتے تھے۔ چنانچہ آج تک تاریخ ادب اردو کی کتابوں میں ان کا یہ مشہور جملہ مرقوم ہے کہ 'اگر اللہ تعالیٰ نے مجھ سے کہا کہ سید احمد دنیا سے کیا لائے ہو؟ تو میں کہوں گا کہ مسدس حالی لکھوا کے لایا ہوں۔' بات یہیں ختم نہیں ہو جاتی بلکہ یہ سچائی بھی ہے کہ مسدس حالی نے اپنے یوم تصنیف سے آج تک وہ مقبولیت و شہرت اور دل پسندگی حاصل کی ہے، جتنی آسمانوں کو بھی نصیب نہیں ہے۔ مسدس حالی کا اگر ایک نظر میں جائزہ لیا جائے تو یہ محسوس ہوگا کہ یہ ہماری یعنی مسلمانوں کی چودہ سو سال کے عروج و زوال کی تاریخ، بیان اور حقیقی تصویر ہے۔

اس کی ابتدا آفرینش عالم سے لے کر وجہ کا ینات رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدایش، امانت و صدق سے سجی زندگی کا ذکر مختصر، اس کے بعد خلعت نبوت کی زیب تنی، اس کے بعد اخلاقیات، اسلام، گمراہی اور تباہی میں پڑی دنیا کے لیے پیغام حق سنانے اور نجات دینے، صراط مستقیم کی جانب تلقین کرنے کی ہدایت۔ پھر مسلمانوں کی آفاقی جدو جہد اور کایا پلٹ دینے کے فسانوں کا ذکر، بعد ازاں جب فتوحات اسلامی ساری دنیا میں پھیل گئیں۔۔۔۔۔اس کے بعد 'ہر عروجے راز وال است' کے ازلی کلیے کے مطابق زوال پذیری اور پھر ساری دنیا سے اسلام کا دائرہ سمٹ کر حجاز یا مخصوص طبقات ارض میں رہنے کا کڑوا سچ۔ ہم کیا تھے اور کیا ہو گئے۔ زمانہ ہمیں روند کر کیسی چال چل گیا۔ جو بساط ہم نے بچھائی تھی اس پہ ہم خود ہی مات کھا گئے اور ایسی مات ہم نے کھائی کہ اپنے ساتھ ساتھ فرزیں، رُخ، فیل، شاہ، وزیر اور پیدل و سوار تک کی ڈگر بھول گئے۔ اب عالم یہ ہے کہ نکبت و فلاکت ہمارے گھروں میں آ کر ہمیں چاروں طرف سے بلکہ حالی کے

الفاظ میں شش جہات سے گھیر کر ہم سے متاع عزیز چھین رہی ہے۔ مناسب ہوگا کہ مسدس حالی کے آئینے میں ہی اپنے ماضی و حال، مستقبل، عروج و زوال اور ترقی وتنزلی کا جائزہ لیں۔ حالؔی لکھتے ہیں:

پستی کا کوئی حد سے گزرنا دیکھے
اسلام کا گر کر نہ ابھرنا دیکھے
مانے نہ کبھی کہ مد ہے ہر جزر کے بعد
دریا کا جو ہمارے اترنا دیکھے

یہ رباعی ہی ہماری پستی اور زوال پر پہلا نقش ہے۔ اب ہمیں یہ ماننے میں ذرا بھی تامل نہیں کہ واقعی ہم بلندی سے پستی میں گرے ہیں اور ہمارے اس طرح بلندی سے پستی میں گرنے نے کئی نا قابل انکار وتسلیم حقیقتوں کو ماننے اور تسلیم کرنے مجبور کر دیا۔ کبھی دنیا مد وجزر کو ایک نہیں مانتی تھی مگر جب ہمارا منہ زور اور شراٹے بھرتا دریا اترا تو دنیا نے سر پیٹ کر یہ سچ بھی دیکھا اور مانا۔ یہ بھی دیکھا کہ مد کے بعد جزر آیا اور ایسا آیا کہ اب اس کے برعکس معاملہ نہیں ہوسکتا یعنی جزر کے بعد اب مد آنے کے آثار دور دور تک نظر نہیں آتے۔

اب مسدس کا آغاز یعنی تمہید:

کسی نے یہ بقراط سے جا کے پوچھا
مرض تیرے نزدیک مہلک ہیں کیا کیا
کہا دکھ جہاں میں نہیں کوئی ایسا
کہ جس کی دوا حق نے نہ کی ہو پیدا
مگر وہ مرض جس کو آسان سمجھیں
کہے جو طبیب اس کو ہذیان سمجھیں

یہ پہلی مسدس ہے۔ یعنی چھے اشعار ہیں۔ اس میں ایک واقعہ بیان کیا گیا ہے۔ اس کی سچائی اور تصدیق کا نہ یہ موقع ہے اور نہ ضرورت، مگر اس میں جو بات

ہے وہ ہماری زندگیوں میں انقلاب لانے کے لیے کافی ہے۔

بقراط۔یونان کا مشہور حکیم اور دانشور گزرا ہے۔جو 460 قبل مسیح پیدا ہوا تھا۔اس کا انتقال 370 قبل مسیح ہوا۔اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے ہاتھ میں ہر مرض کی شفا رکھی تھی۔یہاں تک کہ اگر وہ کسی راہ سے گزرتا تو اس راستے کی جھاڑیاں، پیڑ پودے، پتھر، کنکر تک اس سے کہتے کہ ہم اس مرض کی دوا ہیں، ہم فلاں مرض میں کام آتے ہیں اور وہ ان کا استعمال کر کے علاج کیا کرتا تھا۔اسی حکیم دانا سے کسی نے پوچھا کہ جناب والا! آپ کے نزدیک مہلک امراض کیا کیا ہیں۔اس نے کہا بھائی دنیا میں کوئی ایسا مرض نہیں ہے جس کی دوا اللہ نے پیدا نہ کی ہو، ہاں اس مرض کا تو کوئی علاج نہ میرے پاس ہے اور نہ کسی اور پاس، جسے آدمی سیریس نہ لے اور اگر حکیم اس کی جانب نشان دہی کرے بھی تو اسے حکیم صاحب کا ہذیان، بکواس مان کر اس مرض سے لاپروائی برتی جائے۔ایسے آدمی کو اب تباہی اور بربادی سے کوئی نہیں بچا سکتا اور ایسا ہی مرض مہلک اور لا علاج ہوتا ہے۔

یہ حکایت یا تمثیل مسلمانوں کی اس مسلسل کاہلی اور اپنے مقام و مقصد سے پیہم لاپروائی کی جانب اشارہ ہے۔اسے بہت آسان مرض سمجھا جا رہا ہے اور کہا جا رہا ہے کہ بھلا یہ بھی کوئی بات ہے۔سمجھانے والوں اور واعظوں کی باتوں کو بکواس کہا جا رہا ہے بلکہ ان کا مذاق اڑایا جا رہا ہے اور برملا کہا جا رہا ہے کہ ابھی تو بہت وقت ہے، ہم سدھر جائیں گے اور پھر سے اپنا کھویا ہوا وقار حاصل کر لیں گے۔۔۔۔۔یہ نادانو! کی کج فہمی اور نا سمجھی ہے۔

بقراط آگے کہتے ہیں:

سبب یا علامت گران کو بجھائیں
تو تشخیص میں سونکا لیں خطائیں
دوا اور پرہیز سے جی چرائیں

یونہی رفتہ رفتہ مرض کو بڑھائیں
طبیبوں سے ہرگز نامانوس ہوں وہ
یہاں تک کہ جینے سے مایوس ہوں وہ

اس بند میں جن باتوں کی جانب اشارہ کیا گیا ہے یہی وہ مشکل کی باتیں ہیں، ایسے ہوتے ہوتے مرض بڑھتا جاتا ہے۔ یعنی پہلے حکیم کی باتوں کو بکواس محض سمجھا گیا۔ اس کے بعد جب اسے بتایا گیا کہ تیرا مرض یہ ہے کہ تو اس نے مرض کی تشخیص پر ہی اعتراض کر دیا۔ پھر اگر اسے پرہیز اور دوا اور علاج کے تلقین کی گئی تو اس سے جی چرایا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ مرض بڑھتا گیا۔ جب آنکھیں کھلیں اور ہوش آیا تو مرض بہت بڑھ چکا تھا اب سوائے مایوسی اور افسوس کے کچھ نہیں بچا، یہاں تک کہ جینے کا یارا ہی چھوڑ دیا۔

یہی حال دنیا میں اس قوم کا ہے!
بھنور میں جہاز آ کے جس کا گھرا ہے!
کنارہ ہے دور اور طوفاں بپا ہے!
گماں ہے یہ ہر دم کہ اب ڈوبتا ہے!
نہیں لیتے کروٹ مگر اہل کشتی
پڑے سوتے ہیں بے خبر اہل کشتی

بقراط نے سائل کے سوال کا جواب دیتے ہوئے تمام باتیں بتائیں اور پھر کھل کے اشارہ کر دیا کہ یہ تمثیل اس قوم کی ہے جس کا بیڑہ طوفانوں میں پھنس گیا ہو، جس کی کشتی منہ زور لہروں کی زد پر ہو، یہ آثار بھی نمایاں ہو گئے کہ اب تو کشتی ڈوب کر ہی رہے گی۔ کنارہ بہت دور ہے اور سمندر بپھرا ہوا ہے، یہ آثار و نشاں بھی واضح ہیں، اس کے باوجود بے حسی کا عالم یہ ہے کہ اہلیان کشتی کروٹ لینے تک کو تیار نہیں، اس پر مستزاد یہ کہ وہ پڑے بے خبر سو رہے ہیں۔۔۔۔۔۔ ایسے لوگوں کا انجام اب کیا ہوگا یہ بتانے سے زیادہ سمجھنے کی چیز ہے۔ ان کا نشان تک نہیں مل سکتا اور

سمندر کی بے رحم لہریں انھیں کہاں سے کہاں لے جائیں گی۔

گھٹا سر پے ادبار کی چھا رہی ہے
فلاکت سماں اپنا دکھلا رہی ہے
نحوست پس و پیش منڈلا رہی ہے
چپ و راست سے یہ صدا آ رہی ہے
کہ کل کون تھے آج کیا ہو گئے تم
ابھی جاگتے تھے ابھی سو گئے تم

یہاں سے حالی نے راست مدعا شروع کر دیا اور اپنے مخاطبین سے ہم کلام ہو گئے۔۔۔۔۔ان کو بتا رہے ہیں کہ تمھیں پتا نہیں اور نحوست اپنے پورے شباب پر ہے، سماں دکھلا رہی ہے، سر پر ادبار کی گھٹا چھا رہی ہے۔فلاکت ہمارے پس و پیش منڈلا رہی۔۔۔۔۔اس سے بھی زیادہ تازیانے والی بات یہ ہے کہ ہر چہار جانب سے آواز آ رہی ہے، ماحول ہم سے کہہ رہا ہے، وقت کی خاموشیاں چیخ اٹھی ہیں۔ہمیں ہمارا ماضی یاد دلا رہی ہیں۔۔۔۔۔۔

کہ کل کون تھے آج کیا ہو گئے تم
ابھی جاگتے تھے ابھی سو گئے

بھلا ایسا بھی کہیں ہوتا ہے۔ہاں مانا! جاگنے والے سوتے بھی ہیں مگر ابھی اس وقت تھوڑی ہے ابھی تو جاگنے کا وقت ہے۔افسوس تم سو رہے ہو اور سونا بھی ایسا کہ اب تو صور قیامت ہی تمھیں جگا سکتا ہے۔پھر جب تم جاگو گے تو سوائے افسوس کے کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔

پر اس قوم کی غفلت وہی ہے
تنزل پے اپنے قناعت وہی ہے
ملے خاک میں پر رعونت وہی ہے
ہوئی صبح اور خواب راحت وہی ہے

نہ افسوس انھیں اپنی ذلت پے ہے کچھ
نہ رشک اور قوموں کی عزت پے ہے کچھ

یہ وہی بات ہوگئی۔۔۔۔۔۔جب یہ قوم اس قدر سوئی ہوئی ہے کہ قیامت گزرتی جارہی ہے اور انھیں ہوش نہیں ہے تو شاعر بلکہ حالات، اس پر افسوس کناں ہیں کہ اتنا سب کچھ ہوگیا، نقصان ہوگیا اور سب کچھ لٹ گیا مگر اس قوم کی حالت بد ستور وہی ہے، اس نے تنزل پر قناعت کر لی۔ اس کی عظمت خاک میں مل گئی، مگر رعونت وہی ہے، افسوس ناک بات تو یہ ہے کہ دن کا سویرا پھیل گیا مگر یہ اب تک پڑے سو رہے ہیں۔ خواب راحت سے جاگنے کا نام ہی نہیں لیتے۔ اور تو اور انھیں اس پر ذرا بھی افسوس نہیں ہے۔۔۔۔۔۔! دنیا کا دستور ہے کہ ایک قوم دوسری قوم کو دیکھ کر رشک کرتی ہے اور اس کے جیسا بننے کی کوشش کرتی ہے۔ اس سے سیکھتی ہے اس کی خوبیاں اپنا کر اپنی خامیاں دور کرتی ہے مگر اس قوم کا یہ حال ہے کہ کچھ سیکھنا سکھانا تو بہت دور، رشک بھی نہیں کرتی اور نہ اسے یہ احساس ہے کہ یہ لوگ کیسے اور کیوں کر آگے بڑھ گئے اور ہم پیچھے کے پیچھے ہیں۔

بہائم کی اور ان کی حالت ہے یکساں
کہ جس حال میں ہیں اسی میں ہیں شاداں
نہ ذلت سے نفرت نہ عزت کا ارماں
نہ دوزخ سے ترساں نہ جنت کے خواہاں
لیا عقل و دیں سے نہ کچھ کام انھوں نے
کیا دین برحق کو بدنام انھوں نے

یہ بند آنکھیں کھول دینے والا بند ہے۔ جب یہ حالت ہو اور کچھ بھی اثر نہ ہو تو ایسی قوم کی حالت حقیقت میں جانوروں جیسی ہوجاتی ہے۔ جانور یعنی چوپائے۔۔۔۔۔جس حال میں رکھو، خوش ہیں، بارش، سردی، گرمی، آفت مصیبت کسی میں بھی وہ خوش ہیں۔ ان لوگوں کو یا اس قوم کو ذلت سے بھی نفرت نہیں اور نہ

عزت کا ارمان ان کے دلوں میں جوش مارتا ہے۔اس سے بھی دو قدم آگے نہ انھیں جہنم کا کھٹکا ہے اور نہ جنت میں جانے کا شوق، بلکہ انھوں نے تو دین اور عقل ہی بیچ کھائی۔وہ دین جو برحق تھا اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے آسمانوں سے اترا تھا۔خدا کا دستور تھا وہ۔خدا کا منشور تھا وہ۔خدا کی بتائی ہوئی راہ نجات تھی وہ مگر اسے بھی انھوں نے رسوا اور بدنام کر دیا۔اب دیگر اقوام یہ کہہ کر اس سے بے زار ہیں کہ اگر اسلام اور دین یہی ہے جو مسلمانوں کے اعمال و افعال سے ہویدا ہے تو اس سے اللہ ہی بچائے۔۔۔۔ہم بغیر اسلام اپنائے ہی ٹھیک ہیں۔یہ کتنے افسوس کی بات ہے کہ ہماری وجہ سے ہمارا دین و مذہب رسوا ہو رہا ہے۔ہمیں اس سے ناپا اور تولا جا رہا ہے اور سمجھا جا رہا ہے کہ یہ اسلام کی تعلیم ہے کہ تم زمانے، وقت اور حالات سے پیچھے رہو۔۔۔۔جب کہ اسلام تو تمام مذاہب میں سب سے زیادہ ترقی پذیر مذہب ہے۔مگر کیا کیا جائے اس کے ماننے والوں نے اسے کہیں کا نہ چھوڑا۔

وہ دیں جس نے اعدا کو اخواں بنایا
وحوش اور بہائم کو انساں بنایا
درندوں کو غم خوار دوراں بنایا
گڈریوں کو عالم کا سلطاں بنایا
وہ خطہ جو تھا ایک ڈھوروں کا گلہ
گراں کر دیا اس کا عالم سے پلہ

اب سنیے۔۔۔۔۔جس دین کو انھوں نے اپنے کرتوتوں سے بدنام کر دیا اس کی خوبیاں یہ ہیں۔اس نے دشمنوں کو دوست اور بھائی بنایا۔جانور صفت انسانوں کو حقیقی اور دردمند انسان بنایا۔جو لوگ بکریاں، گائے بھینس اور اونٹ بیل چراتے تھے۔وہ کچھ نہ جانتے تھے اور کچھ انھیں نہ آتا تھا۔ساری دنیا انھیں گنوار اور جاہل کہتی تھی بلکہ کوئی ان سے بات تک کرنا پسند نہیں کرتا تھا، وہی لوگ اس دین کو اپنا کر عالم کے سلطان بن گئے۔اس سے بھی آگے اس دین کا کمال دیکھیے کہ جس خطے

کوساری دنیا میں جانوروں کا گلہ یعنی ریوڑ رکھنے کی جگہ کہا جاتا تھا اس دین کی برکتوں نے اس کا پلہ تمام عالم سے اونچا کر دیا۔

عرب جس کا چرچا ہے یہ کچھ وہ کیا تھا
جہاں سے الگ اک جزیرہ نماں تھا
زمانے سے پیوند جس کا جدا تھا
نہ کشور ستاں تھا نہ کشور کشا تھا
تمدن کا اس پر پڑا تھا نہ سایہ
ترقی کا تھا واں قدم تک نہ آیا

یہاں سے حالی نے زمانہ جاہلیت یعنی ظہور اسلام سے قبل کی جھلکیاں دکھانی شروع کی ہیں۔سلسلہ وہی ہے کہ جس اسلام، جس دین اور جس مذہب کو ان لوگوں نے بدنام کر دیا اس کی خوبیاں تو جگ ظاہر ہیں۔صرف لکھنے یا کہنے کی باتیں نہیں ہیں بلکہ عملی نمونے بھی اس نے پیش کیے ہیں اور اس کی سب سے بڑی نظیر عربستان میں انقلاب برپا کرنا ہے۔اس عربستان میں جو بالکل اور پوری طرح سے تہذیب وتمدن والی دنیا سے کٹا ہوا تھا۔وہاں انسانیت، بنیادی حقوق سے بھی نا آشنا تھی۔وہ لوگ کچھ بھی نہیں جانتے تھے۔نہ وہاں نہ کوئی بادشاہ تھا اور نہ وہ لوگ آداب شاہی سے واقف تھے۔کوئی ان سے معاملہ کرنے کو تیار نہیں تھا۔بلکہ جو سنتا منہ بناتا چلا جاتا۔کس کی بات کر رہے ہو یار۔۔۔۔عربوں کی۔۔۔۔بدوؤں کی۔۔۔۔ جنھیں رہنے، کھانے، پینے اور جینے کا سلیقہ تک نہیں ہے۔بہتر ہے کہ کوئی اور بات کی جائے۔۔۔۔اس طرح کی باتیں کرتے تھے لوگ اس عربستان اور وہاں کے باشندوں کے بارے میں۔۔۔۔۔وہ لوگ ترقی، تمدن، تہذیب، شایستگی، اخلاق، مورل، مینرز۔۔۔۔۔کسی بھی اچھائی کے پاسدار نہ تھے۔ایسے لوگوں کو اس اسلام نے، اس دین نے۔۔۔اس مذہب نے کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔

اسی عرب کی خستہ حالی، بدحالی اور پامالی کی ایک اور تصویر دیکھیے :

نہ آب و ہوا ایسی تھی روح پرور
کہ قابل ہی پیدا ہوں خود جس سے جوہر
نہ کچھ ایسے ساماں ن تھے واں میسر
کنول جس سے کھل جائیں دل کے سراسر
نہ سبزہ تھا صحرا میں پیدا نہ پانی
فقط آبِ باراں پہ تھی زندگانی

یہ تھا وہاں کا عالم۔۔۔۔۔میدان کے میدان چٹیل۔۔۔۔۔ پھول، پتے، پیڑ، پودے، کیاریاں، پارک، گلستان، باغ، چمن۔۔۔۔اللہ اللہ کچھ بھی نہیں تھا۔ دور دور تک تپتا اور منہ چھلسا تا صحرا تھا جو دور دور تک پھیلا ہوا تھا۔ وہاں جھیل، سمندر، ندی، تالاب، بیچ، برج، کیسل، پیلس کچھ بھی نہیں تھا۔ پینے کو پانی تک نصیب نہیں تھا۔ ہاں! کبھی جب بارش ہوتی تو وہ اس کا پانی جمع کر کے رکھ لیتے۔ جو چند روز میں سوکھ جاتا۔ مگر ایسے علاقے میں بھی اسلام کی بدولت بہار آ گئی۔ اس مذہب کی بدولت جسے آج بدنام اور رسوا کر دیا گیا اور اس کے حاملین علی الاعلان اس کا مذاق اڑانے پر تلے ہوئے ہیں۔

اور سنیے۔۔۔۔۔۔غور کرتے جایئے اس عرب کی حالت پر جس کا یہ نقشہ ہے:

زمیں سنگلاخ اور ہوا آتش فشاں
لوؤں کی لپیٹ باد صرصر کے طوفاں
پہاڑ اور ٹیلے سراب اور بیاباں
کھجوروں کے جھنڈ اور خار مغیلاں
نہ کھیتوں میں غلہ نہ جنگل میں کھیتی
عرب اور کل کائنات اس کی یہ تھی
نہ واں مصر کی روشنی جلوہ گر تھی
نہ یونان کے علم و فن کی خبر تھی

وہی اپنی فطرت پے طبع بشر تھی
خدا کی زمیں بن جتی سر بسر تھی
پہاڑ اور صحرا میں ڈیرا تھا سب کا
تلے آسماں کے بسیرا تھا سب کا
کہیں آگ پجتی تھی واں بے محابا
کہیں تھا کواکب پرستی کا چرچا
بہت سے تھے تثلیث پر دل سے شیدا
بتوں کا عمل سو بسو جا بجا تھا
کرشموں کا راہب کے تھا صید کوئی
طلسموں میں کاہن کے تھا قید کوئی

اتنا سب کچھ ہونے کے باوجود کہ قدرت نے انھیں کچھ بھی دینے کے لائق نہیں سمجھا تھا، وہ ترقی اور تمدن کے زمانے میں بھی مصر کی روشنی اور یونان کے علوم سے نا آشنا تھے۔اس پر ستم یہ کہ وہ بتوں کو بھی پوجتے تھے۔خدا کے تین ٹکڑے وہ بآسانی تسلیم کرتے تھے۔ستاروں کی پوجا اور ان کے اثرات کے وہ قائل اور معتقد تھے۔بتوں کی عمل کاری کے قائل بھی اور ان سے ڈرتے بھی تھے۔مزید یہ کہ وہ جھوٹے ،فریبی اور بدمعاش کرشمے دکھانے والوں اور بوگس کاہنوں کے جال میں بھی پھنسے ہوئے تھے۔وہ ان سے اپنی مرادیں مانگتے تھے اور اپنے بگڑے کاموں کو بنانے کی امید رکھتے تھے۔اس سے بھی زیادہ نحوست اور کیا ہوسکتی تھی مگر اللہ پاک نے پھر بھی ان پر رحم کیا اور انھیں اپنا پسندیدہ مذہب، دین دے کر سرتاج عالم بنا دیا۔اپنا گھر اسی علاقے میں بسوا یا اور تمام دنیا کو حکم دیا کہ اس کی تعظیم بجالائیں۔۔۔۔اس کی جانب رخ کر کے نمازیں پڑھیں اور اسے اپنا قبلہ تصور کریں۔

وہ دنیا میں گھر سب سے پہلا خدا کا

خلیل ایک معمار تھا جس بِنا کا
ازل میں مشیت نے تھا جس کو تاکا
کہ اس گھر سے ابلے گا چشمہ ہدیٰ کا
وہ تیرتھ تھا اک بت پرستوں کا گویا
جہاں نام حق کا نہ تھا کوئی جویا

اللہ کے اسی گھر کو ان ناہنجاروں نے لات وعزی اور منات کا گھر بنا دیا۔اسے تیرتھ استھل بنا دیا۔۔۔اس گھر میں جسے اللہ کے خلیل نے اللہ کے لیے بنایا تھا، بت بھر دیے۔۔۔تین سو ساٹھ بڑے بڑے بت اور چھوٹے چھوٹے بے شمار۔۔۔کوئی کنگورہ، روشن دان، طاق ایسا نہ تھا جہاں بت نہ ہوں۔وہاں سب ان ہی کے گیت گانے والے تھے خدا کا نغمہ کسی کی زبان پر نہیں تھا۔

قبیلے قبیلے کا بت اک جدا تھا
کسی کا ہبل تھا کسی کا صفا تھا
یہ عزا پہ یہ نائلہ پر فدا تھا
اسی طرح گھر گھر نیا اک خدا تھا
نہاں ابر ظلمت میں تھا مہر انور
اندھیرا تھا فاران کی چوٹیوں پر

یہ تھا حال اس قوم کا۔نہ صرف یہ کہ مجموعی طور پر بہت سارے بتوں کی وہ پوجا کرتی بلکہ گھر گھر کا خدا جدا تھا اور ہر ایک ایک سے زیادہ خصوصیتوں کا مالک۔۔۔وہ ان کی طاقت واثر کو لے کر آپس میں لڑتے بھی تھے۔عجیب جاہل اور بدخصلت انسان تھے نا وہ۔ابھی اور سنیے!

چلن ان کے جتنے تھے سب وحشیانہ
ہر ایک لوٹ اور مار میں تھا یگانہ
فسادوں میں کٹتا تھا ان کا زمانہ

نہ تھا کوئی قانون کا تازیانہ
وہ تھے قتل وغارت میں چالاک ایسے
درندے ہوں جنگل میں بے باک جیسے

یہ ان کی مزید بدخلقیاں تھیں جنھیں وہ بہادری اور جواں مردی کہتے تھے۔ غیرت اور حمیت کہتے تھے۔قبیلیت اور خاندانی فرض کہتے تھے۔اس پر انھیں افسوس ہونے کے بجائے ناز تھا بلکہ انھیں قبیلے کی عورتیں انھیں ہی اہمیت دیتی تھیں۔۔۔۔ ۔ان کے لیے اپنی متاع عزیز داؤ پر لگا دیتی تھیں۔وہ شخص بھی اپنے آپ کو اتنا ہی خو ش نصیب اور خوش قسمت سمجھتا تھا۔۔۔۔۔مزید ملاحظہ کیجیے:

نہ ٹلتے تھے ہرگز جو اڑ بیٹھتے تھے
سلجھتے نہ تھے جب جھگڑ بیٹھتے تھے
جو دو شخص آپس میں لڑ بیٹھتے تھے
تو صدہا قبیلے بگڑ بیٹھتے تھے
بلند اک ہوتا تھا گر واں شرارا
تو اس سے بھڑک اٹھتا تھا ملک سارا

یہ ان کی سفاکیت اور درندگی کی ایک اور مثال ہے۔اگر کسی بات پر اڑ گئے تو اڑ گئے۔چاہے وہ معمولی اور بے وقعت سی بات ہی کیوں نہ ہوتی۔اڑنا بھی ایسا کہ الامان والحفیظ۔اگر آپس میں لڑ پڑے تو سلجھائے نہ سلجھیں۔اس کا اثر صرف دو لڑنے والوں پر ہی نہیں ہوتا تھا بلکہ قبائل کے قبائل اس سے متاثر ہوتے اور سب کے سب ایک دوسرے کے مدمقابل آ جاتے۔ان کا آپسی لین دین، ملنا جلنا، باہمی رواداری، سب کی سب ایک آن میں ختم ہو جاتی اور اس کی جگہ ان کے ہاتھوں میں تلواریں اور آنکھوں میں نفرت کی آگ بھر جاتی۔عورتیں سروں پر خاک ڈال ڈال کر نوجوانوں کو ورغلاتیں اور انھیں جنگ پر ابھارتیں۔عالم یہ تھا کہ اس ملک میں کہیں بھی کوئی شرارا بلند ہوا تو اس کی چپیٹ میں وہاں کا چپہ چپہ آ جاتا۔پورے ملک میں

کشیدگی پھیل جاتی اور پورا ماحول آگ آگ، دھواں دھواں ہو جاتا۔

وہ بکر و تغلب کی باہم لڑائی
صدی جس میں انھوں نے آدھی گنوائی
قبیلوں کی کر دی تھی جس نے صفائی
تھی اِک آگ ہر سو عرب میں لگائی
نہ جھگڑا کوئی ملک و دولت کا تھا وہ
کرشمہ اک ان کی جہالت کا تھا وہ

اس بند میں شاعر نے عرب قبائل کی ایک مشہور جنگ کی طرف اشارہ کیا ہے۔ یہ جنگ کم و بیش پچاس سال تک چلی۔ اس نے سارے عرب کو متاثر کر دیا۔ نیز اس کے اثر سے چھوٹے موٹے قبائل کا صفایا ہو گیا تھا۔ تاریخ میں اسے ایک خوں خوار جنگ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ ایسا نہیں تھا کہ وہ جنگ کسی ملک یا فوج کے خلاف لڑی گئی ہو۔ یا کسی ملک پر قبضہ کرنے یا اپنے ملک سے قبضہ کرنے والوں کو بھگانے کے لیے کی گئی ہو بلکہ ان کی آپسی معمولی سی بات تھی۔ بات بھی ایسی کہ نادان بھی جسے سن کر ہنسے مگر وہ جاہل اسے انا اور ایگو کا مسئلہ بنا کر برسوں لڑتے رہے۔ اگلے بند میں شاعر نے اس جنگ یا اس جیسے دیگر جھگڑوں کا سبب بننے والی ان معمولی باتوں کا تذکرہ کیا ہے۔ ملاحظہ کیجیے:

کہیں تھا مویشی چرانے پہ جھگڑا
کہیں پہلے گھوڑا بڑھانے پہ جھگڑا
لب جو کہیں آنے جانے پہ جھگڑا
کہیں پانی پینے پلانے پہ جھگڑا
یونہی روز ہوتی تھی تکرار ان میں
یونہی چلتی رہتی تھی تلوار ان میں

یہ تھیں وہ باتیں بلکہ بے حیثیت باتیں جنھیں وہ اپنی انا سے بھی اونچا بنا لیتے

تھے اور بے دریغ لڑ پڑتے تھے۔ کتوں کی جیسی لڑائی لڑتے یا جیسے سینگ والے جانور گتھم گتھا ہوتے ہیں۔

جو ہوتی تھی پیدا کسی گھر میں دختر
تو خوف شماتت سے بے رحم مادر
پھرے دیکھتی جب تھے شوہر کے تیور
کہیں زندہ گاڑ آتی تھی اس کو جا کر
وہ گود ایسی نفرت سے ہوتی تھی خالی
جنے سانپ جیسے کوئی جننے والی

من جملہ متعدد برائیوں، خرابیوں اور افسوسناک جرائم کے ان میں یہ اخلاقی برائی بھی تھی کہ اگر کسی گھر میں بیٹی پیدا ہوگئی تو نہ صرف اس بیٹی، بلکہ معصوم بیٹی پر مصیبتیں ٹوٹتیں، اس کے ساتھ جننے والی پر بھی زندگی بھاری ہوجاتی۔ وہ ماں اپنے اس جگر پارے کو اپنی آنکھوں کے سامنے مٹی میں زندہ دبا دیتی۔ ان کے دل بھی سخت ہو گئے تھے۔ بیٹیوں کی پیدائش کو وہاں جرم عظیم سمجھا جاتا تھا۔ چنانچہ وہ مائیں اپنی لاڈلی اور پھول جیسی بیٹیوں کو ایسے پھینکتی جیسے کسی کی گود میں سانپ آ گیا ہو۔ بلکہ اسے دفن کر کے انھیں ایسا ہی محسوس ہوتا تھا جیسے انھوں نے دنیا کا عظیم ترین کارنامہ کر ڈالا ہو۔۔۔۔۔ انھیں باقاعدہ اس کے لیے سزائیں ملتی تھیں کہ بیٹی کیوں جنی اور اگر جنی ہے تو اس جرم کی تلافی یہ ہے کہ اسے جتنا جلدی ہو سکے کسی گڑھے میں، کنویں میں، یا جنگل میں پھینک دیا جائے۔ چنانچہ وہ مائیں ایسا ہی کرتیں اور اپنے شوہروں کی منظور نظر بنتیں۔ ہائے ربا یہ کیسا ستم تھا۔ زمین پر آسمان کے نیچے۔۔۔۔۔ خدا کی نظروں کے سامنے۔۔۔۔۔!!!

جو اُن کی دن رات کی دل لگی تھی
شراب ان کی گھٹی میں گویا پڑی تھی
تعیش تھا، غفلت تھی، دیوانگی تھی

غرض ہر طرح ان کی حالت بری تھی
بہت اس طرح ان کی گزری تھیں صدیاں
کہ چھائی ہوئی نیکیوں پر تھیں بدیاں

جوا، شراب، غفلت، دیوانگی، جھوٹ، فریب، دھوکہ، عیش مستی، بس یہی حالت تھی ان کی جس پر وہ صدیوں سے گامزن تھے اور نہ جانے کب تک رہتے کہ خدا نے ان پر کرم کیا۔ ان میں اچھائیاں نہیں بلکہ برائیاں ہی برائیاں تھیں۔ سر سے لے کر پیر تک اور پیر سے لے کر سر تک وہ برائیوں میں ہی ملوث تھے۔ ان کی اچھائیوں پر برائیاں چھائی ہوئیں تھیں۔

یکا یک ہوئی غیرت حق کو حرکت
بڑھا جانب بوقیس ابر رحمت
ادا خاکِ بطحا نے کی وہ ودیعت
چلے آتے تھے جس کی دیتے شہادت
ہوئی پہلوئے آمنہ سے ہویدا
دعائے خلیل اور نوید مسیحا

جب عربوں اور عربستان کی یہ حالت حد سے زیادہ بڑھی، اللہ تعالیٰ کو ان پر رحم آیا اور اس بے آب و گیاہ زمین پر اپنے خزانے کی سب سے قیمتی تحفہ، بلکہ وجہ کاینات، سرور کاینات، غریبوں کے مسیحا، مظلوموں کے ہمدرد، غمگینوں کا غم بانٹنے والا، امانتوں کا پاسبان اور صدق و صفا کا جلی عنوان۔ جس کی دعا خلیل اللہ، یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مانگی اور اس کی بشارت مسیحا یعنی حضرت عیسیٰ ابن مریم نے دی تھی۔ وہ آمنہ کے بطن سے پیدا ہوا۔ اس کے بعد ایسا لگا جیسے اندھیروں میں اجالے بھر گئے ہوں، تاریکیوں میں تابانیاں چمک اٹھی ہوں، سیاہیوں پر سفیدیوں نے قبضہ کرلیا ہو۔۔۔۔۔ کالی اور گھنی رات میں اچانک جیسے چاند نمودار ہوگیا ہو۔ اللہ پاک خاص کرم تھا وہ جو فاران کی چوٹیوں سے نمایاں ہوا اور دیکھتے ہی

دیکھتے اس کے دم سے روشن دنیا کے شبستان بھی جگمگانے لگے۔ چنانچہ:

ہوئے محو عالم سے آثار ظلمت
کہ طالع ہوا ماہ برسعادت
نہ چٹکی مگر چاندنی ایک مدت
کہ تھا ابر میں ماہتاب رسالت
یہ چالیسویں سال لطف خدا سے
کیا چاند نے کھیت غار حرا سے

یہ کرشمہ ہوا۔ نبی رحمت کا ورود مسعود ہوا، مگر مشیت ایزدی سے وہ نور بطحا تقریباً چالیس سال تک چھپا رہا اور جب چالیسواں برس ہوا تو خلعت نبوت سے سرفراز کیا گیا اور 'اے مزمل' اور 'اے مدثر' جیسے خطاب عطا کر کے 'اقرا' کا سبق پڑھا کے حکم دیا گیا کہ اب ایسے عرب کو رشک دو جہاں بنا دو۔۔۔۔۔۔قربان جایئے رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم پر کہ اخلاق، حسن انداز، تڑپ، فکر، احساس، دعا، آرزو، لگن، عمل پیہم، مسلسل جدو جہد سے محض 23 برس میں وہ انقلاب برپا کر دیا کہ دنیا آج تک حیران ہے۔ بڑے بڑے انقلابی رہ نما اسی سے رہ نمائی اور سبق حاصل کرتے ہیں اور اس طریقے کو اپنا کر اپنے متبعین کو پیغام نجات سناتے ہیں۔ اس نبی کی صفات جس نے عرب کی کایا پلٹ دی۔۔۔۔۔۔یہ تھیں:

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا
مرادیں غریبوں کی بر لانے والا
مصیبت میں غیروں کے کام آنے والا
وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا
فقیروں کا ملجا ضعیفوں کا ماویٰ
یتیموں کا والی غلاموں کا مولیٰ

اور یہ بھی صفات بھی اس نبی میں تھیں:

خطا کار سے درگزر کرنے والا
بداندیش کے دل میں گھر کرنے والا
مفاسد کو زیروزبر کرنے والا
قبائل کو شیروشکر کرنے والا
اتر کر حرا سے سوائے قوم آیا
اور اک نسخہ ؟ کیمیا ساتھ لایا
اس کے کارنامے دیکھیے ۔۔۔۔:
مس خاک کو جس نے کندن بنایا
کھرا اور کھوٹا الگ کر دکھایا
عرب جس پہ قرنوں سے تھا جہل چھایا
پلٹ دی بس اک آن میں اس کی کایا
رہا ڈر نہ بیڑے کو موج بلا کا
اِدھر سے اُدھر پھر گیا رخ ہوا کا

اس نے ایسا کر دکھایا اور نا قابل یقین کو قابل یقین اور ناممکن ہی نہیں محال کو بھی ممکن کر دکھایا۔ قرنوں کی جہالت مختصر سے وقت میں بدل دی۔

پڑی کان میں دھات تھی اک نکمی
نہ کچھ قدر تھی اور نہ قیمت تھی جس کی
طبیعت میں جو اس کے جوہر تھے اصلی
ہوئے سب تھے مٹی کے میں مل کر وہ مٹی
یہ تھا ثبت علمِ قضا و قدر میں
کہ بن جائے گی وہ طلا اک نظر میں
وہ فخر عرب زیب محراب و منبر
تمام اہل مکہ کو ہم راہ لے کر!

گیا ایک دن حسب فرمان داور
سوئے دشت اور چڑھ کے کوہ صفا پر
کہ فرمایا سب سے کہ اے آل غالب
سمجھتے ہو تم مجھ کو صادق کہ کاذب

اس بند میں نبوت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی تبلیغ کا قصہ مذکور ہے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو غار حرا میں پیغام حق ملا اور حکم ملا کہ جا کے اس کو ساری قوم کو سناؤ اور انھیں اللہ کا خوف دلا کر برائیوں سے بچا کر اچھائیوں کی طرف آنے کی تلقین کرو۔ انھیں اچھا اور برا بتاؤ اور ماننے کی ہدایت کرو۔ انھیں اطاعت کی صورت میں جنت کی بشارت اور نافرمانی کی صورت میں جہنم سے ڈراؤ۔۔۔۔۔ رسول اعظم و آخر صلی اللہ علیہ وسلم، یہ پیغام حق لے کر اپنی قوم کے پاس آئے اور انھیں یہ صدائے حق سنانے کے لیے کوہ صفا پر جمع کیا۔ ایک پہاڑ تھا جو مکہ شہر کا سب سے بلند اور دوسری پہاڑیوں کے بہ نسبت قدرے اچھا تھا۔ اسی پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی قوم کے افراد کو جمع کر کے اپنی بات کا آغاز اس طرح کیا کہ 'اے آل غالب! تم مجھے بتاؤ کہ میرے بارے میں تمھارا کیا خیال ہے، آیا میں سچا ہوں یا جھوٹا۔۔۔۔۔ تو سب نے کہا:

کہا سب نے 'آج تک کوئی قول تیرا
کبھی ہم نے جھوٹا سنا نہ دیکھا'
کہا 'گر سمجھتے ہو تم مجھ کو ایسا
تو باور کرو گے اگر میں کہوں گا
کہ فوج گراں پشت کوہ صفا پر
پڑی ہے کہ لوٹے تمھیں گھات پا کر'
کہا 'تیری ہر بات کا یاں یقیں ہے
کہ بچپن سے صادق ہے تو اور امیں ہے'

کہا 'گر مری بات یہ دلنشیں ہے
تو سن لو خلاف اس میں اصلا نہیں ہے
کہ سب قافلہ یاں سے ہے جانے والا
ڈرو اس سے جو وقت ہے آنے والا'

یہ تھا وہ پیغام۔۔۔۔۔یہ تھی وہ ہدایت اور اس کی تمہید یا آغاز بیان۔۔۔۔۔۔پہلے اپنی اہمیت،صداقت و امانت ان کے دلوں میں جاگزیں کی۔پھر جب سب لوگوں نے کہا کہ ہاں!ہاں!ہم آپ کی سب بات مانتے ہیں اور آپ کو خود سے زیادہ اچھا اور بہتر جانتے ہیں۔آپ کی نیکیاں اور خوبیاں جگ ظاہر ہیں۔اب ہمیں زیادہ قسمیں نہ دلایئے۔۔۔۔۔۔جو بات ہے وہ فرمایئے۔۔۔۔۔۔اہلیان قوم کی جانب سے تصدیق ہونے کے بعد آپ نے جو فرمایا اسے شاعر یوں بیان کرتا ہے:

وہ بجلی کا کڑکا تھا یا صورت ہادی
عرب کی زمیں جس نے ساری ہلا دی
نئی اک لگن دل میں سب کے لگا دی
اک آواز میں سوتی بستی جگا دی
پڑا ہر طرف غل یہ پیام حق سے
کہ گونج اٹھے دشت و جبل نام حق سے

رسالت مآب کے کلمات حق نے کایا پلٹی شروع کر دی۔سرزمین میں ایک زلزلہ سا آ گیا اور زلزلہ بھی ایسا جس سے نہ تو کچھ گرا اور نہ منہدم ہوا ہاں!دلوں میں ضرور شدید قسم کی ہلچل ضرور مچ گئی تھی۔اس صدائے حق پر بہت خوش نصیبوں نے لبیک کہا اور کچھ اسے کا انکار کر کے گمراہیوں میں گرتے چلے گئے۔جنھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات مانی انھیں آپ نے کیا کیا سکھایا۔اس کا بیان شاعر یوں کرتا ہے۔

سبق پھر شریعت کا ان کو پڑھایا
حقیقت کا گُر ان کو اک اک بتایا
زمانہ کے بگڑے ہوؤں کو بنایا
بہت دن کے سوتوں ہوؤں کو جگایا
کھلے تھے نہ جو راز اب تک جہاں پر
وہ دکھلائے ایک پردہ اٹھا کر
کسی کو ازل کا نہ تھا بادہ پیماں
بھلا دیے تھے بندوں نے مالک کے فرماں
زمانہ میں تھا دور صہبائے بطلاں
مئے حق سے محرم نہ تھی بزم دوراں
اچھوتا تھا توحید کا جام اب تک
خم معرفت کا تھا منہ خام اب تک
نہ واقف تھے انساں قضا اور جزا سے
نہ آگاہ تھے مبدا ؤ منتہا سے
لگائی تھی ایک اک نے لَو ماسوا سے
پڑے تھے بہت دور بندے خدا سے
یہ سنتے ہی تھرا گیا گلّہ سارا
راعی نے للکار کر جب پُکارا

یہ سب تعلیمات تھی پیغمبر اسلام اور اللہ تعالیٰ کے عطا کیے ہوئے اس دین کی اور اس کا فیضان تھا کہ سب کچھ جیسے بدلتا چلا گیا۔ جو لوگ خدا سے دور تھے، وہ قریب آ گئے۔ جو مئے حق سے محروم تھے انھیں جام توحید پینے کو ملے۔ جس سے ان کے دلوں کی جہالت روشنی میں تبدیلی ہوتی چلی گئی اور ان کی خماری کو نئے آہنگ مل گئے۔ وہ شراب خسیس سے شراب طہور کے عادی ہو گئے جس میں شفا ہی شفا

تھی۔قلوب کی شفا،دلوں کی خرابیوں کا سچا علاج، بلکہ ہر قسم کی بیماریوں کا علاج۔عرب میں اب خوشگوار انقلاب کروٹیں لے رہا تھا اور ٹھنڈی ٹھنڈی ہواؤں کا آغاز ہوگیا۔عرب کے صحرا پر اب رحمت وکرم کے بادل منڈلانے لگے۔

رسول اعظم وآخر صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاں عرب باشندوں کو اخلاق، حق، باطل، غلط، صحیح، حقوق کی ادائیگی اور اچھائی وسچائی کی راہ پر چلنے کی تلقین کی وہیں سب سے اہم ترین بات اور بھی بتائی۔وہ کیا؟اس کا ذکر شاعر نے اگلے بند میں کیا ہے:

کہ ہے ذات واحد عبادت کے لایق
زبان اور دل کی شہادت کے لایق
اسی کے ہیں فرماں اطاعت کے لایق
اسی کی ہے سرکار خدمت کے لایق
لگاؤ تو لو اس سے اپنی لگاؤ
جھکاؤ تو سر اس کے آگے جھکاؤ

یہ توحید کا سب سے پہلا سبق تھا۔شرک سے دور رہنے کا سبق، ذات واحدہٗ لاشریک لہ کی عبادت کا سبق تھا۔اسی سے اپنی مرادیں مانگنے،فریادیں کرنے،التجائیں اور عاجزیاں کرنے کا سبق تھا۔اسی کو اپنا حاجت روا،مشکل کشا، دعا سننے والا، کچھ دینے لینے والا، اسی سے ڈرنے اور گھبرانے، اسی سے امید و تمنا اور آرزو کرنے کا سبق تھا۔آگے اسی سلسلے کو بڑھایا گیا:

اسی پر ہمیشہ بھروسا کرو تم
اسی کے سدا عشق کا دم بھرو تم
اسی کے غضب سے ڈرو گر ڈرو تم
اسی کی طلب میں مرو گر مرو تم
مبرا ہے شرکت سے اس کی خدائی
نہیں اس کے آگے کسی کی بڑائی

یہ ہے اللہ پاک کا تعارف۔وہ لاشریک ہے۔تمام تعریفیں اسی کے لیے ہیں۔اسی سے عشق،اسی سے محبت اور اسی سے الفت کرنا روا ہے،اسی سے کیا ہوا عشق،عشق حقیقی ہوگا اور مقبول بھی۔اسی کی ہی اطاعت حقیقی اطاعت ہوگی۔اسی کی ہی طلب سچی طلب ہے۔وہ سب سے بڑا ہے اور اس سے اعلا ہے۔۔۔۔۔۔اور سنیے،اللہ کے حضور میں سب مجبور ہیں و بے بس ہیں۔سب اسی کے محتاج ہیں۔

خرد اور ادراک رنجور ہیں واں
مہ و مہر ادنیٰ سے مزدور ہیں واں
جہاں دار مغلوب و مقہور ہیں واں
نبی اور صدیق مجبور ہیں واں
نہ پرسش ہے رہبان و احبار کی واں
نہ پروا ہے ابرار و احرار کی واں

اللہ کے دربار میں سوائے اس کے کسی کی بھی نہیں چلتی۔دنیا میں چاہے اس کے پاس کتنا ہی مال ہو۔روپیہ ہو،دھن دولت ہو،جاہ و حشم،عقل مندی ہو،اس کے پاس چاہے ساری دنیا ہو،وہ کتنا بڑا ہی کرشمہ ساز کیوں نہ ہو،اس کی تو چھوڑ و وہ نبی،ولی،پیر فقیر چاہے کچھ بھی ہو کسی کی نہیں چلتی،چلتی ہے تو صرف اور صرف اللہ کی جس نے ان سب کو پیدا کیا اور اسے کسی نے پیدا نہیں کیا۔لہٰذا اے میرے پرستارو!،میرے متبعین،میرے صحابہ،میری قوم کے لوگو!

تم اوروں کی مانند دھوکا نہ کھانا
کسی کو خدا کا نہ بیٹا بنانا
مری حد سے رتبہ نہ میرا بڑھانا
بڑھا کر بہت تم نہ مجھ کو گھٹانا
سب انساں ہیں واں جس طرح سرفگندہ
اسی طرح ہوں میں بھی اِک اس کا بندہ

جس طرح یہود ونصاریٰ حدود کو پھلانگ گئے۔کہیں انھوں نے نبیوں کو قتل کر دیا اور کہیں انھیں خدا کا بیٹا اور شریک مان لیا۔تم ہرگز میرے ساتھ ایسا نہ کرنا۔میرا جو بھی رتبہ،مقام اور مرتبہ ہے مجھے وہیں تک رکھنا۔من جانب اللہ مجھے جو عہدہ ملا ہے اسی پر مجھے سمجھنا۔ مجھے بڑھا کر نہ گھٹانا اور گھٹا کر نہ بڑھانا۔ بلکہ میں تو تمھاری طرح کا ایک بندہ ہوں۔اس کی نظر میں میری اہمیت بس اتنی ہے کہ میں اس کا نبی اور پیغام رساں ہوں، میں اس کی دعوت اور اس کا نغمہ لے کر تمھارے پاس آیا ہوں۔اس سے زیادہ میں کچھ نہیں۔اور ہاں!یاد رکھیے گا۔۔۔۔۔خبردار۔۔۔۔۔!!

بنانا نہ تربت کو میری صنم تم
نہ کرنا مری قبر پر سر کو خم تم
نہیں بندہ ہونے میں کچھ مجھ سے کم تم
کہ بے چارگی میں برابر ہیں ہم تم
مجھے دی ہے حق نے بس اتنی بزرگی
کہ بندہ بھی ہوں اس کا اور ایلچی بھی

جس طرح دوسری قوم کے لوگوں نے اپنے نبیوں، ولیوں، بزرگوں اور اللہ والوں کی تربتوں کو صنم خانہ اور پوجا پاٹ کی جگہ بنالیا۔۔۔۔ہرگز ہرگز تم میری تربت کو ایسا نہ بنانا۔کیوں کہ جس طرح تم بندے، مجبور محتاج، حاجت منداور ضرورت مند ہو، بالکل ایسا ہی میں ہوں۔جب تم اپنی قبروں کو نہیں پوج سکتے تو میری قبر پوجنے کا سوال وخیال کیسا۔تاہم اگر مجھ میں اور تم میں کوئی امتیاز ہے تو بس اتنا کہ میں بندہ ہونے کے ساتھ ساتھ اس کا ایلچی بھی ہوں۔۔۔۔۔۔۔

اس طرح دل ان کا ایک اک سے توڑا
ہر اک قبلہ کج سے منہ ان کا موڑا
کہیں ماسوا کا علاقہ نہ چھوڑا
خداوند سے رشتہ بندوں کا جوڑا

کبھی جو پھرتے تھے مالک سے بھاگے
دیے سر جھکا ان کے مالک کے آگے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تبلیغ کا اثر یہ ہوا اور آپ کی فرمائی ہوئی باتیں لوگوں کے دلوں میں اس طرح راسخ ہوئیں کہ وہ ہر چیز، ہر خدا، ہر بات سے منہ موڑ کر اللہ وحدہ لاشریک کے دربار میں آ گئے۔ عالم یہ تھا کہ جو کبھی بتوں کے سوا کسی کا نام لینا یا سننا گوارنہیں کرتے تھے اب انھیں اللہ کے سوا کسی کا نام لینا اور سننا گوارنہیں تھا۔

پتا اصل مقصود کا پا گیا جب
نشاں گنج دولت کا ہاتھ آ گیا جب
محبت سے دل ان کا گرما گیا جب
سماں ان پے توحید کا چھا گیا جب
سکھائے معیشت کے آداب ان کو
پڑھائے تمدن کے سب باب ان کو

دین وایمان اور توحید ورسالت کی پیہم چوٹوں سے جب ان کے سخت دل نرم ہو گئے تو پھر انھیں دین وایمان کے ساتھ ساتھ تہذیب وتمدن اور آداب زندگانی بھی نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھائے۔

جتائی انھیں وقت کی قدر و قیمت
دلائی انھیں کام کی حرص ورغبت
کہا چھوڑ دیں گے سب آخر رفاقت
ہو فرزند وزن اس میں یا مال ودولت
نہ چھوڑے گا پر ساتھ ہرگز تمھارا
بھلائی میں جو وقت تم نے گزارا

یہ تعلیمات بھی سکھائی۔ وقت کے ضائع اور استعمال کرنے کے طریقے

سمجھائے۔انھیں مال ومتاع، بیوی، اولاد، رشتے داروں کی اہمیت بھی بتائی اوراس بات سے بھی آگاہ کیا کہ یہ لوگ ہمیشہ تمھارے ساتھ نہیں رہیں گے بلکہ تمھارے ساتھ جو کچھ رہے گا وہ تمھارا اچھا وقت، نیکیاں، بھلائی اور ایمان کی باتیں رہیں گی۔وہی تمھیں نجات بھی دلائیں گی اور وہی کامیاب بھی کرائیں گی۔آپ صلی اللہ علیہ سلم نے انھیں اچھے اور نیک کام کرنے کی بھی تلقین کی۔نیز سمجھایا

غنیمت ہے صحت علالت سے پہلے
فراغت مشاغل کی کثرت سے پہلے
جوانی بڑھاپے کی زحمت سے پہلے
اقامت مسافر کی رحلت سے پہلے
فقیری سے پہلے غنیمت ہے دولت
جو کرنا ہے کرلو کہ تھوڑی ہے مہلت

یہ کہہ کر کیا علم پے ان کو شیدا
کہ 'ہیں دور رحمت سے سب اہل دنیا
مگر دھیان ہے جن کو ہر دم خدا کا
ہے تعلیم کا یا سدا جن میں چرچا
ان ہی کے لیے ہے یاں نعمت خدا کی
ان ہی پر ہے واں جا کے رحمت خدا کی'

سکھائی انھیں نوع انساں پے شفقت
کہا 'ہے یہ اسلامیوں کی علامت
کہ ہمسایے سے رکھتے ہیں وہ محبت
شب وروز پہنچاتے ہیں اس کو راحت
وہ جو حق سے اپنے لیے چاہتے ہیں
وہی ہر بشر کے لیے چاہتے ہیں

خدارحم کرتانہیں اس بشر پر
نہ ہودرد کی چوٹ جس کے جگر پر
کسی کے گرآفت گزر جائے سر پر
پڑے غم کا سایہ نہ اس بے اثر پر
کرومہربانی تم اہل زمیں پر
خدامہرباں ہوگا عرش بریں پر
اورمزید یہ بھی۔۔۔۔۔۔۔۔!
ڈرایاتعصب سے ان کو یہ کہہ کر
کہ زندہ رہااورمراجواسی پر
ہواوہ ہماری جماعت سے باہر
وہ ساتھی ہمارانہ ہم اس کے یاور
نہیں حق سے کچھ اس محبت کو بہرہ
کہ جوتم کواندھا کرے اور بہرہ
بچایابرائی سے ان کو یہ کہہ کر
کہ طاعت سے ترک معاصی ہے بہتر
تورع کا ہے ذات میں جن کی جوہر
نہ ہوں گے کبھی عابدان کے برابر
کروذکراہل ورع کا جہاں تم
نہ لوعابدوں کا کبھی نام واں تم
غریبوں کومحنت کی رغبت دلائی
کہ بازو سے اپنے کروتم کمائی
خبرتا کہ لواس سے اپنی پرائی
نہ کرنی پڑے تم کودردر گدائی

طلب سے ہے دنیا کی گریاں یہ نیت
تو چمکو گے واں ماہ کامل کی صورت
امیروں کو تنبیہ کی اس طرح پر
کہ ہیں تم میں جو اغنیا اور تونگر
اگر اپنے طبقے میں ہوں سب سے بہتر
بنی نوع کے ہوں مددگار و یاور
نہ کرتے ہوں بے مشورت کام ہرگز
اٹھاتے نہ ہوں بے دھڑک گام ہرگز
تو مردوں سے آسودہ تر ہے وہ طبقہ
زمانہ مبارک ملے جس کو ایسا
یہ جب اہل دولت ہوں اشرار دنیا
نہ ہو عیش میں جن کو اوروں کی پروا
نہیں اس زمانہ میں کچھ خیر و برکت
اقامت سے بہتر ہے اس وقت رحلت
دیے پھیر دل ان کے مکر و ریا سے
بھرا ان کے سینے کو صدق و صفا سے
بچایا انھیں کذب سے افترا سے
کیا سرخرو خلق سے اور خدا سے
رہا قول حق میں نہ کچھ باک ان کو
بس اک شوب میں کر دیا پاک ان کو

یہ سب وہ تعلیمات ہیں جو سماجی، معاشرتی اور شہری بنیادوں پر استوار ہیں۔ ہم اگر کسی مقام پر رہیں تو ہمارا سوشل اور سماجی کردار کیا ہونا چاہیے۔ ہمیں کس طرح سے چیزوں سمجھنا اور سمجھانا چاہیے۔۔۔۔ اگر ہم امیر ہوں تو ہمارے اوپر دیگر

بندوں، ناداروں اور کمزوروں کے کیا حقوق ہیں اور اگر غریب ہیں تو ہمارا عمل کس طرح ہونا چاہیے۔ یہ نہایت چھوٹی اور مختصر باتیں ہیں تاہم ان کے اثرات وفوائد بہت عظیم ہیں اور سماجی ڈھانچوں کی مضبوطی وتعمیر میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ان کی اہمیت وافادیت وہی جانتے ہیں جنھیں سماجی مسائل کا سامنا ہوتا ہے اور سماجی زندگی میں ناکام ہوجاتے ہیں۔

ان تمام تعلیمات نبوی نے انھیں حیوان سے انسان بنا دیا اور ان کے سینوں میں مروت، ہمدردی، انسانیت،اخوت بھردی۔ان کے تاریک سینوں میں ان کی تمام زندگی کوروشن کرنے والی قندیلیں جلادیں۔

****

فیض کی شاعری میں واردات عشق

کلیدی الفاظ: فیض#شاعری#واردات عشق

ڈاکٹر پش پیندر کمار نم
اسسٹنٹ پروفیسر
شعبۂ اُردو، کروڑی مل کالج، دہلی یونیورسٹی دہلی

ملخّص: اردو شاعری میں اقبال کے بعد فیض احمد فیض مزدوروں کی ایک مضبوط آواز بن کر ابھرتے ہیں اور وہ روایتی سطح سے بالکل ہٹ کر اپنے لیے ایک مختلف راہ کا انتخاب کرتے ہیں۔ان کی شاعری کا انسانی زندگی سے گہرا تعلق ہے۔ فیض احمد فیض کی پوری شاعری نہ صرف رومان اور انقلاب کے گرد گھومتی ہے بلکہ رومان اور انقلاب کے سنگم کی بھی عکاسی کرتی ہے۔ایک تاثر یہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی رومانوی شاعری میں رومانس اور محبت کو الوداع کہتے ہیں۔''میری پہلی محبت میری محبوبہ نہیں ہے'' لیکن یہ تاثر غلط ہے کیونکہ اس کی محبت کا تصور صرف جنس مخالف تک محدود نہیں ہے بلکہ یہ پوری کائنات میں پھیل کر ہر قسم کے لوگوں خصوصاً ملک کے غریبوں تک پہنچتا ہے۔عوام اور ان لوگوں کے لیے جو غربت کی چکی میں پس رہے ہیں۔موجودہ مضمون میں فیض احمد فیض کے جذبے کو ان کی شاعری کی روشنی میں دیکھنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ یہ ظاہر کیا جا سکے کہ ان کا جذبہ کتنا عالمگیر ہے اور ان کی شاعری کس طرح کے موضوعات کا احاطہ کرتی ہے۔ محبت اور انسانیت کے موضوعات جو محبت کے لیے انسانی خواہشات کی عکاسی کرتے ہیں۔

.....

ادب میں عشق کی روایت ایک قدیم تر روایت ہے۔جس کا استعمال نثر کے ساتھ ساتھ شاعری میں بھی بخوبی ہوتا رہا۔اگر ہم شاعری کی بات کریں تو عشق کا موضوع روایتی صنف سخن غزل کا ایک بنیادی موضوع ہے۔ جو ایک وسیع تر مفہوم کا

حامل ہے۔

جب عالمی شاعری کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں اس بات کا اندازہ لگانے میں زیادہ دیر نہیں لگتی کہ ادب میں متعدد شعرا کی ایسی تعداد پائی جاتی ہے جنہوں نے عشق کے احساسات و تجربات کو اپنی زندگی کا حامل سمجھا اور ان سے ایک شعری کائنات کی تشکیل وجود میں آئی۔ اردو شاعری کے اندر جگہ جگہ حسن و عشق کے ملے جلے جذبات کے رنگا رنگ پھول کھلتے دکھائی دیتے ہیں۔ جو شاعری کو ایک دلکش معنویت اور وقار عطا کرتے ہیں۔ اس میں شاعر اپنے داخلی واردات و تجربات کا نچوڑ ایک مترنم اور دلکش طرز ادا کے ساتھ بیان کرتا ہے۔ جس میں عشق مجازی کہیں نہیں بلکہ عشق حقیقی کا ذکر بھی بڑے دل نشین انداز میں کیا جاتا ہے۔

اردو شاعری میں عشق کا رنگ دلی سے لے کر اب تک کہ تمام شعرا کے یہاں نظر آتا ہے۔ ولؔی، میرؔ، دردؔ، غالبؔ اور مومنؔ سے لے اقبالؔ، جوشؔ، جذبیؔ، یگانہ، جاں نثار اختر، سردار جعفری اور فیض جیسے اردو کے بڑے، ایسے شعرا ہوئے ہیں جنہوں نے اپنے کلام میں موضوع عشق کا بڑی خوبصورتی سے استعمال کیا ہے۔ کیوں کہ حقیقت یہ ہے کہ شاعری کا متعدد حصہ تجربات عشق پر مشتمل ہوتا ہے۔

اردو میں عشق کے موضوع کو محض چند صفحات میں تحریر کرنا گویا دریا کو کوزہ میں بند کرنے کے مترادف ہے۔ اس لیے میں نے درج بالا شعرا میں صرف فیض احمد فیضؔ کی عشقیہ شاعری کا انتخاب کیا ہے۔

فیض ایک رومانی مزاج کے شاعر ہیں۔ ان کے یہاں وفور جذبات، حسن فطرت، حسن پرستی اور خواب آفرینی جیسے بہت سے عوامل موجود ہیں۔

عموماً اردو شاعری میں صنف غزل کو ہی عشقیہ شاعری کے لیے سب سے موزوں سمجھا جاتا ہے اور اس کے معنی بھی رومانیت کے ہیں۔ اس لیے زیادہ تر شعرا نے اغزل میں ہی اپنے عشقیہ جذبات کو بیان کیا ہے۔ مگر فیض کے یہاں ہمیں غزل کے ساتھ ساتھ نظم میں بھی عشقیہ اظہار ملتا ہے۔ ان کی عشقیہ شاعری سے متاثر ہو کر

ڈاکٹر وزیر آغا یوں رقم طراز ہیں:

''شاید اور نظم کے کسی شاعر نے محبت کے جذبے کو اتنی شدت اور خلوص کے ساتھ

پیش نہیں کیا جتنی شدت اور خلوص کے ساتھ فیضؔ نے پیش کیا ہے۔''

فیضؔ ابتدائی دور میں ان کی شاعری نازک احساسات وجذبات کو شعری پیرائے میں بیان کرتے ہیں۔محبت کا حادثہ ان کی زندگی کا ایک بڑا حادثہ تھا جوان کی زندگی کے ساتھ ساتھ ان کی شاعری میں بھی بہت اہمیت کا حامل رہا۔ان کے جذبہ عشق نے ہی ان کے خوابیدہ شعری قوتوں کو جھنجھوڑا اور ان کے بے مثال رومانی شاعری میں ایک اہم رول ادا کیا۔

فیضؔ کی شاعری کی ابتدا عشقیہ موضوعات سے ہوئی ہے۔جن میں نظر آنے والا رومانی انداز روایتی انداز کے قریب معلوم ہوتا ہے۔شروع شروع میں وہ فارسی شعرا کی طرح محبوب کے جمال جہاں آرا کو فطرت کے نگار خانے میں سجاتے ہیں۔

صبا کے ہاتھ میں نرمی ہے ان کے ہاتھوں کی
ٹھہر ٹھہر کے یہ ہوتا ہے آج دل کو گماں

مگر جلد ہی انہوں نے عشق کے اس روایتی انداز سے انحراف کیا۔اور عشق کے تجربوں کو انسانی سطح پر محسوس کیا۔ان کا محبوب کوئی فرضی یا خیالوں میں تراشا ہوا پیکر نہیں ہے بلکہ وہ حقیقت کی دنیا میں رہنے بسنے والا ایک نسوانی کردار ہے۔جس کو وہ اپنے دل کی تمام تر گہرائیوں سے چاہتے ہیں۔وہ ایک سچے عاشق ہیں اور ان کے عشق کا دامن سب ہی ذہنی برائیوں سے پاک اور بے داغ ہے۔عشق کی راہ سے وہ حیاتی، جذباتی اور ذہنی طور پر شدید کیفیات سے گذرتے معلوم ہوتے ہیں۔ان کے جذبہ ؟ عشق کے سوتے داخلی وجود کی گہرائیوں سے پھوٹتے ہیں جوان کی شاعری میں ایک خاص قسم کی شگفتگی اور تازگی کا احساس دلاتا ہے:

تمہاری یاد کے جب زخم بھرنے لگتے ہیں
کسی بہانے تمہیں یاد کرنے لگتے ہیں
خدا وہ وقت نہ لائے کہ تجھے یاد آئے
وہ دل کہ تیرے لیے بے قرار اب بھی ہے
وہ آنکھ جس کو تیرا انتظار اب بھی ہے

فیضؔ کی شاعری کی بڑی خوبی یہ ہے کہ انہوں نے ہجر، انتظار، قرب، محرومی، امید ملاقات، وصل، لمس اور مسرت جیسے عشق کی بہت سی کیفیات و تجربات سے گذرتے ہوئے عشقیہ شاعری کو آرزو کا نگار خانہ بنا دیا ہے:

بہار حسن پر پابندی؟ جفا کب تک؟
یہ آزمائش صبر گریز پا کب تک
قسم تمہاری! بہت غم اٹھا چکا ہوں میں
غلط تھا دعوی؟ صبر و شکیب آ جاؤ؟
قرار خاطر بے تاب تھک گیا ہوں میں

فیضؔ کی عشقیہ شاعری میں موجودہ داخلیت پسندی کے عناصر غالب ہیں۔ کیوں کہ حادثہ عشق نے ان کے ذہن کو بہت متاثر کیا تھا۔ اس لیے ان کے یہاں موجود داخلیت کا احساس عشقیہ تصورات سے مل کر ہی پیدا ہوتا ہے۔

فیض کا ایک اہم کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے عشق کو حسن شناسی میں تبدیل کر دیا۔ جذبہ؟ عشق سے سرشار ہو کر حیات و کائنات کے مظاہر میں حسن و جمال کا مشاہدہ کیا ہے۔ لہٰذا ان کے یہاں عشق ایک جمالیاتی اہمیت اختیار کر لیتا ہے۔

تیرا جمال نگاہوں میں لے کر اٹھتا ہوں
نکھر گئی ہے فضا تیرے پیرہن کی سی
نسیم تیرے شبستاں سے ہو کر آئی ہے
میری سحر میں مہک ہے تیرے بدن کی سی

فیض کی عشقیہ شاعری میں ایک مرکزی خصوصیت کی دھوپ چھاؤ ؟ں کے علاوہ دوسری چیزیں بھی ہمیں نظر آتی ہیں، جس میں صرف وصل کی سرشاری نہیں بلکہ ان کے عشقیہ کلام میں جدائی کی خاموش تڑپ بھی ہے:

محبت کی دنیا پہ شام آ چکی ہے
سیاہ پوش ہیں زندگی کی فضا میں
تغافل کے آغوش میں سو رہے ہیں
تمہارے ستم اور میری وفائیں
مگر پھر بھی اے میرے معصوم قاتل
تمہیں پیار کرتی ہیں میری دعائیں

فیضؔ نے بیشک اپنی شاعری کا آغاز رومانی انداز میں کیا اور وہ زمانہ بھی رومانیت کا زمانہ تھا مگر فیض نے اپنے عہد کے تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے بھی اس وقت کے تلخ حقائق کو بھی نظر انداز نہیں کیا۔ وہ اس وقت پیدا ہو رہے تغیرات سے متاثر ہوئے لیکن ان کی شاعری کا سب سے بڑا کمال ہے کہ انہوں نے عشقیہ رنگ کو ہمیشہ قائم رکھا اور بڑی ہنرمندی کے ساتھ غم جاناں کو غم دوراں میں تبدیل کر دیا۔

مختصر یہ ہے کہ فیض کا موضوع سخن محبوب ہے مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ وہ جہاں محبوب کی قربتوں سے مسرت حاصل کرتے ہیں وہیں وہیں وہ اپنے فکری دائروں کو وسیع کر سماجی اور سیاسی پر تضادات اور الجھنوں کا شعور عام کرتے ہیں۔ فیض کا عشق ان کی سماجی ذمہ داریوں پر حاوی نہیں ہوتا۔ وہ ایک حساس انسان کا دل رکھتے ہیں۔ اس لیے وہ اپنے چاروں طرف پھیلی زندگی سے کس طرح منہ موڑ سکتے ہیں۔

مجھ سے پہلی سے محبت میری محبوب نہ مانگ
میں نے سمجھا کہ تو درخشاں ہے حیات

تیرا غم ہے تو غم دہر کا جھگڑا کیا ہے
تیری صورت سے عالم میں بہاروں کو ثبات
تیری آنکھوں کے سوا دنیا میں رکھا کیا ہے؟
لوٹ جاتی ہے ادھر کو بھی نظر کیا کیجئے
اب بھی دلکش ہے ترا حسن مگر کیا کیجئے!
اور بھی دکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا
راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا
مجھ سے پہلی سی محبت میری محبوب نہ مانگ

حوالہ جات

''،مقتدرہ قومی زبان، پاکستان، ۲۰۱۳ء،ص نقش فریادی ن۔م۔راشد،مقدمہ''۱۔
۱۳

ڈاکٹر محمد علی صدیقی، نقش فریادی مشمولہ فیض احمد فیض درد اور درمان کا ۳۔
شاعر، پیس پبلی کیشنز لاہور، ۲۰۱۱ء، ص ۷۶
''،ص ۷ نقش فریادی ''فیض احمد فیض، ۲۔
''،ص ۳۶ نقش فریادی فیض احمد فیض، ''رقیب سے''مشمولہ'' ۹۔
رد اور درمان کا شاعر، پیس پبلی ڈاکٹر محمد علی صدیقی، فیض احمد فیض د ۵۔
کیشنز لاہور، ۲۰۱۱ء، ص ۱۶
پروفیسر ڈاکٹر محمد عارف فیض احمد فیض رومان اور شاعر، پاکستان رائٹر کو ۶۔

آپریٹر سوسائٹی لاہور، ۲۰۱۳ء، ص ۵
''،ص ۲۱ نقش فریادی ''انجام''، مشمولہ ''فیض، ۷۔
''،ص ۱۱ نقش فریادی ''انتہائے کار''، مشمولہ ''فیض، نظم ۱۔

?خیال ''فیضؔ، نظم۴۔

''،ص۴۱نقشِ فریادی''، مشمولہ ''حسینہ

''،ص۵۲نقشِ فریادی ''ایک رہگزر پر''، مشمولہ ''فیضؔ، ۳۱۔

مشمولہ فکرِ فیض، معیاری، سائرہ غالم: فیضؔ کا عکس، غزل کے آئینے میں ۱۱۔

اُردو زبان اور درست امال کا محرک ۳۱۳۳ء، ص ۴۱۳

''،ص۱۱نقشِ فریادی ''فیضؔ، ۳۱۔

''،ص۳۱نقشِ فریادی ''فیضؔ، ۲۱۔

''،ص۴۱نقشِ فریادی ''فیضؔ، ۹۱۔

''ض کا تصورِ محبت یادی'' میں فی نقشِ فر 44

''،ص۹۹نقشِ فریادی ''فیضؔ، ۵۱۔

''،ص۹نقشِ فریادی ''فیضؔ، ۶۱

****

پروفیسر شارب ردولوی کی تنقید نگاری

کلیدی الفاظ: شارب ردولوی# تنقید نگاری

ڈاکٹر ناصرہ سلطانہ
شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی دہلی

ملخّص: شارب ردولوی اردو کے ان معتبر ترقی پسند ناقدین میں سے تھے جو ترقی پسند نقطہء نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ اردو کے کلاسیکی ادب اور جدید مغربی ادب پر گہری نگاہ رکھتے تھے ان کا شمار اردو کے ان چند اہم ناقدین میں ہوتا تھا جنہوں نے ادبی تنقید کے اصول ونظریات سے بحث کی اور ادبی مطالعہ کے لیے ان کی اہمیت اور ضرورت کو تسلیم کیا شارب ردولوی کے نزدیک تنقیدی نظریہ کے بغیر ادبی تخلیق کا مطالعہ دشوار ہے ان کے خیال میں ایک عام قاری کو کسی ادیب کی داخلی کیفیات کے ساتھ خارجی عوامل سے آگاہی بھی ضروری ہے اس لیے کہ داخلی اور خارجی عوامل کی آگہی کے بعد ہی ادب کا جامع مطالعہ ہوسکتا ہے ان خیالات کی روشنی میں یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ وہ ادب کے مطالعے میں ایک نظریہء تنقید کے قائل تھے اور ادبی مطالعہ کے لیے اسے لازمی قرار دیتے تھے۔

انہوں نے اپنی بیشتر توجہ حصول تنقید کو متعین کرنے میں صرف کی یہ کام آسان نہیں تھا اس لیے کہ ترقی پسند تحریک کے فروغ کے ساتھ جس طرح مغربی تنقیدی دبستانوں کے اثرات اردو کے تنقید پر پڑے انہوں نے اس کام کو خاصا دشوار بنا دیا۔

ناقدین ادب نے ادب کی تعریف اپنے اپنے نظریات کے مطابق کی ہے کسی نے ادب کو سماج کا آئینہ کہا تو کسی نے دستور حیات کوئی ادب کو تفسیر حیات کہتا ہے تو کسی کے نزدیک ادب فن لطیف ہے_ شارب ردولوی کے یہاں ادب زندگی اور تہذیب کا عکاس ہے وہ خارجی حقیقتوں کو داخلی آئینہ میں پیش کرتا ہے ان کے خیال میں انسانی جذبات واحساسات کے علاوہ مشاہدات، تجربات اور خیالات کی جھلکیاں

واضح طور پر ادب میں نظر آتی ہیں_ یہی وجہ ہے کہ ایسے ادب میں تاریخی حقیقت زندگی کا سچا تصور اور فن کے صحیح احساس کا ہونا بہت ضروری ہے وہ ادب کے انسانی زندگی اور تہذیب سے جڑے رشتے پر زور دیتے ہیں۔

.....

شارب ردولوی ادب برائے زندگی کے نظریے کو اہمیت دیتے ہیں وہ ادب کو سماج اور انسانی زندگی سے منسلک سمجھتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے فنی و جمالیاتی پہلوؤں کی شمولیت کو بھی اہم بتایا ہے ان کے نزدیک بہترین ادب وہی ہے جو سماجی ثقافتی فنی و جمالیاتی عوامل کا حامل ہو چونکہ ادیب سماج کا ایک اہم رکن ہوتا ہے وہ جو کچھ مشاہدہ کرتا ہے اس کا اثر قبول کرتا ہے_ شاعر و ادیب بڑا حساس ہوتا ہے وہ سماج سے علیحدہ نہیں رہ سکتا شاعر و ادیب صرف اپنے لیے نہیں لکھتا بلکہ اس کی تخلیقات دوسروں کے لیے بھی ہوتی ہیں اس طرح وہ سماج کے دوسرے افراد کے فکر وعمل کو متاثر کرنے کا ذمہ دار ہوتا ہے گویا ان کے نزدیک ادیب سماجی زندگی کا عکاس وترجمان ہونے کے ساتھ ساتھ افراد کو معلومات بہم پہنچاتا ہے۔

پروفیسر شارب ردولوی کی تنقید نگاری

کسی بھی شاعر و ادیب کے ادبی اظہار میں لفظیات کے فنی استعمال کی جانچ پرکھ کو اصطلاح میں تنقید کہتے ہیں۔ تخلیقی متن کی جانچ پرکھ کے لیے اس امر پر توجہ ضروری ہے کہ جس لسانی متن/فن پارے کی جانچ پرکھ مقصود ہے اس کا تعلق کس صنف ادب سے ہے؟ لہذا دوران تنقید اس مخصوص صنف ادب کے قوانین اور صحت مند تنقید کے مقرر کردہ وصول وضوابط کا لحاظ رکھنا قطعی ناگزیر ہے۔ ادبی اصولوں کی روشنی میں اس امر کی دریافت لازمی ہو جاتی ہے کہ پیش نظر ادب پارے کا ادبی معیار کیسا ہے؟ صنف ادب کے بنیادی اوصاف نمایاں ہیں کہ نہیں؟ اظہار کے کون کون سے وسائل کا استعمال موجود ہے؟ اظہار کا طریقہ روایتی ہے یا اس میں چونکانے والی کوئی نئی چیز بھی ہے؟ نیز معاصر مسائل سے یہ فن پارہ ہم آہنگ ہے یا

نہیں؟ پیش نظر تخلیقی متن میں کس قسم کے جذبات کی تسکین کا سامان فراہم کرتا ہے؟ متن کی تخلیق کا کوئی خاص مقصد ہے یا محض تفنن طبع کے لیے اسے معرض وجود میں لایا گیا ہے؟ ان تمام باتوں کو ایک کامیاب نقاد اور تجزیہ نگار اپنے تجربات اور مطالعے کی روشنی میں ہم تک پہنچاتا ہے۔

شارب ردولوی اردو کے ان معتبر ترقی پسند ناقدین میں سے تھے جو ترقی پسند نقطہ نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ اردو کے کلاسیکی ادب اور جدید مغربی ادب پر گہری نگاہ رکھتے تھے ان کا شمار اردو کے ان چند اہم ناقدین میں ہوتا تھا جنہوں نے ادبی تنقید کے اصول ونظریات سے بحث کی اور ادبی مطالعہ کے لیے ان کی اہمیت اور ضرورت کو تسلیم کیا شارب ردولوی کے نزدیک تنقیدی نظریہ کے بغیر ادبی تخلیق کا مطالعہ دشوار ہے ان کے خیال میں ایک عام قاری کو کسی ادیب کی داخلی کیفیات کے ساتھ خارجی عوامل سے آگاہی بھی ضروری ہے اس لیے کہ داخلی اور خارجی عوامل کی آگہی کے بعد ہی ادب کا جامع مطالعہ ہوسکتا ہے ان خیالات کی روشنی میں یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ وہ ادب کے مطالعے میں ایک نظریہ تنقید کے قائل تھے اور ادبی مطالعے کے لیے اسے لازمی قرار دیتے تھے:

''کسی نظریہ کے بغیر ادب کا مطالعہ تو مشکل ہے ہی اس کے ساتھ ہی نقاد کے تصورات کو بھی سمجھنے میں دشواریاں پیدا ہوتی ہیں اس لیے کہ ایسی تحریروں میں کبھی کبھی تضاد پیدا ہو جاتا ہے اس کے مطالعہ کا یا تو کوئی وصول نہیں رہتا یا داخلی کیفیات کی ترجمانی پر بہت زیادہ زور ہو جاتا ہے اور نقاد تنقید کا سارا کام کسی اصول کے بجائے زبان کی رنگینی اور تحریر میں شاعرانہ دلکشی سے لینا شروع کر دیتا ہے ایسی صورت میں ادب کے ایک عام قاری کے لیے جو کسی فنی تخلیق کی خوبیوں اور خامیوں کو سمجھنا چاہتا ہے مشکلیں پیدا ہو جاتی ہیں ایسے مضامین کو پڑھ کر وہ کوئی وصول نہیں بنا پاتا جن کو سامنے رکھ کر وہ ادب کا مطالعہ کرے۔''

شارب ردولوی کا اس سلسلے میں سب سے بڑا کارنامہ ان کی کتاب "جدید

اردو تنقید اصول ونظریات" ہے _theory of literature اصول ادب سے لے کر theories of criticism تنقیدی نظریات تک بڑی تفصیل اور وضاحت سے گفتگو کی ہمارے یہاں یہی نہیں طے تھا کہ ہم ادب کسے کہیں کیا ہر چھپا ہوا لفظ ادب ہے؟ کیا عام بازاری ناولوں اور افسانوں کو ہم ادب میں شمار کر سکتے ہیں؟ کیا تک بندی کی شاعری ادبی اقدار پر پوری اترتی ہے؟ کیا ادبی اقدار جیسی کوئی چیز حقیقتا موجود ہے؟ جس پر ہم ادب کو پرکھ سکیں بہت سے سوال ایسے تھے جن کا واضح جواب ہمیں نہیں مل پاتا تھا شارب ردولوی نے پہلی بار اپنی کتاب میں اس کا جواب فراہم کیا۔

شارب ردولوی کی تنقید کا مطالعہ کرتے وقت یہ بات ذہن میں رکھنی ہے کہ جب تنقید کے سلسلہ میں نظریاتی تنقید کا نام لیا جاتا ہے تو ان کے یہاں اس سے مراد کوئی مخصوص نظریہء تنقید نہیں ہے بلکہ نظریاتی تنقید کا لفظ وہ theory یعنی اصول نقد کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں "مقدمہء شعر وشاعری" کی اشاعت کے بعد سے آج تک تنقید دو حصوں میں منقسم ہے وہ ایک حصہ جو وصول نقد سے متعلق ہے اور ایک وہ حصہ جو عملی تنقید سے متعلق ہے یہ اتفاق ہے کہ اردو میں نظریاتی تنقید یا اصول تنقید پر بہت کم کام ہوا تنقید ذاتی تحسین اور تنقیص کے دائرے میں رہی کسی کو کوئی شاعر پسند ہے تو اس نے اس کی توصیف میں مضامین لکھ دیے یا کوئی ناپسند ہے تو اس پر اعتراضات کے دروازے کھول دیے بہت عرصے تک تنقید کی معیار بندی نہیں ہوئی اور اس طرح توصیف وتنقیص کو تنقید کا نام دیا جاتا رہا۔

شارب ردولوی نے قدیم نظریہء تنقید کے دائرہ کار میں شامل تین پہلوؤں کی نشاندہی کی ہے " تعریف" " تشریح" اور " تجزیہ" انہوں نے ان پہلوؤں کو پیش کرتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار بھی کیا ہے:

ا۔ پہلا نظریہ تعریف کا ہے۔ اس سے یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ مصنف کو عوام میں مقبول بنانا ہے خواہ اس کے خیالات نقصان دہ ہی کیوں نہ ہوں اور اس کی تخلیق کی فنی

حیثیت یا سماجی اور جمالیاتی اہمیت کتنی ہی کم کیوں نہ ہوں اس نظریے میں سب سے بڑی کمزوری یہ ہے کہ ہمیں اچھائی برائی میں تفریق کرنے کا موقع نہیں ملتا"

۲۔ دوسرا نظریہ تشریح کا ہے_ اس کے پیش نظر کسی بھی ادبی تخلیق کی تنقید، تفسیر یا شرح بن کر رہ جاتی ہے یعنی کسی بھی چیز کو پرکھنے کے لیے ہم مصنف کے خیالات اور مطالب کو تفصیل سے پیش کر دیں وہی تنقید ہے۔،،

۳۔ تیسرا نظریہ تجزیے کا ہے جو کہ تشریح کی ایک ترقی یافتہ شکل ہے.....اس رجحان نے نئی تنقید کو جنم دینے میں کافی مدد کی ہے اس لیے اس کے ذریعے تشریح یا تعریف ہی نہیں کی گئی بلکہ اچھائیوں اور برائیوں پر بھی نظر رکھی گئی اور ان کے مفید و مضر پہلوؤں کو بھی دیکھا گیا ہے۔،،

اردو میں پہلی بار حالی سے اصول نقد کے تعین کا سلسلہ شروع ہوا اور مغربی نظریات سے واقفیت اور اس کے فروغ کے ساتھ نئے نئے نقطہ ہائے نظر پیدا ہوتے گئے اس کے باوجود اردو میں نقطہء نظر کو پرکھنے یا ان کے اصولوں کی درجہ بندی کرنے کی کوشش نہیں ہوئی اور اگر بعض ناقدین نے کچھ لکھا بھی تو وہ بہت با قاعدہ شکل نہیں اختیار کر سکی۔

شارب ردولوی جدید عہد کے ان اہم ناقدوں میں سے تھے جنہوں نے اپنی بیشتر توجہ اصول تنقید کو متعین کرنے میں صرف کی یہ کام آسان نہیں تھا اس لیے کہ ترقی پسند تحریک کے فروغ کے ساتھ جس طرح مغربی تنقیدی دبستانوں کے اثرات اردو کے تنقید پر پڑے انہوں نے اس کام کو خاصا دشوار بنا دیا۔

ناقدین ادب نے ادب کی تعریف اپنے اپنے نظریات کے مطابق کی ہے کسی نے ادب کو سماج کا آئینہ کہا تو کسی نے دستور حیات کوئی ادب کو تفسیر حیات کہتا ہے تو کسی کے نزدیک ادب فن لطیف ہے_ شارب ردولوی کے یہاں ادب زندگی اور تہذیب کا عکاس ہے وہ خارجی حقیقتوں کو داخلی آئینے میں پیش کرتا ہے ان کے خیال میں انسانی جذبات و احساسات کے علاوہ مشاہدات، تجربات اور خیالات کی

جھلکیاں واضح طور پر ادب میں نظر آتی ہیں_ یہی وجہ ہے کہ ایسے ادب میں تاریخی حقیقت زندگی کا سچا تصور اور فن کے صحیح احساس کا ہونا بہت ضروری ہے وہ ادب کے انسانی زندگی اور تہذیب سے جڑے رشتے پر زور دیتے ہیں۔

ادب کے ان زندہ خیالات و جذبات کی وضاحت کرتے ہوئے وہ لکھتے ہیں:

ادب انسان کے خیالات و جذبات کا اظہار ہے لیکن ادب ساکن و جامد تصورات کا اظہار نہیں بلکہ وہ لمحہ لمحہ بدلتے ہوئے معاشرتی نظام تہذیبی اقدار اور سماج کے ارتقا کا ایک جزو ہے۔

اور ایک جگہ لکھتے ہیں:

"ادب انسان کے خیالات و جذبات کے اظہار کا نام ہے اور اس کے خیالات و جذبات کی بنیاد تجربات پر ہوتی ہے جب ہم ادب کے لیے یہ بات کہتے ہیں تو اس کا سلسلہ زندگی اور اس کے مادی حالات اور عوارض سے مل جاتا ہے۔،،

شارب ردولوی ادب کو انسانی زندگی کے تجربات و مشاہدات کے ساتھ عہد بہ عہد ہونے والی تبدیلیوں کو اس کے تہذیبی، تاریخی، معاشرتی و سیاسی پس منظر میں دیکھنا چاہتے تھے جس میں کہ وہ ادب پارہ وجود میں آیا ہے یہی وجہ ہے کہ ان کے نزدیک ادب اپنے عہد کے احساس کا وہ آئینہ ہے جس میں انسانی احساس کا پرتو ہمیں نظر آتا ہے ادب میں فرد کے اسی احساس کا ہر پہلو سے جائزہ لیا گیا ہے_ وہ لکھتے ہیں:

"ادب عصری احساس کا آئینہ ہے اور عصری احساس میں فرد کا احساس بھی پوشیدہ ہے اب تک جن صورتوں میں ادب کا مطالعہ کیا گیا ہے ان میں کسی ایک پر زیادہ زور دیا گیا ہے_،،

شارب ردولوی کے نزدیک ادیب اس عہد سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا جس میں وہ رہتا بستا ہے انسان اس قدر حساس ہوتا ہے کہ شعوری و لاشعوری طور پر ان حالات کا اثر اس کے ذہن پر ضرور پڑتا ہے جن سے وہ گزرتا ہے یہی وجہ ہے

کہ ادیب وشعرا کی تخلیقات میں ہمیں اس عہد کی جھلکیاں واضح طور پر نظر آتی ہیں_ شارب ردولوی ادب کو محض لطف اندوزی کا ذریعہ نہیں سمجھتے تھے بلکہ وہ اس میں اپنے عہد کی ان رائج قدروں کو دیکھتے تھے جس سے کہ ادیب متاثر ہوا اس لیے انہوں نے ادب کو سماجیات و تاریخیات کا علم کہنے کے بجائے اپنے عہد کی سماجی تاریخ سے تعبیر کیا ہے وہ کہتے ہیں:

"ادب اپنے عہد کے عقائد اور تعصّبات سے متاثر ہوتا ہے وہ سماجیات اور تاریخ نہ ہوتے ہوئے بھی اپنے عہد کی سماجی تاریخ ہوتا ہے وہ صرف تعین کا ذریعہ نہیں اس میں جھانک کر کسی بھی عہد کی رائج قدروں کو دیکھا جا سکتا ہے اردو شاعری میں اظہار و بیان کی متانت اور احتیاط ان تہذیبی ضابطوں اور پابندیوں کی نشاندہی کرتی ہیں جو اس سرمایہ دارانہ سماج میں رائج تھیں جہاں محبت بالا خانوں پر تو پھل پھول سکتی تھی لیکن گھر کے آنگن اور دالانوں میں اس کا اظہار ممنوع تھا۔،،

ادب کے بارے میں دو نظریے رہے ہیں_ ایک ادب برائے ادب اور دوسرا ادب برائے زندگی ادب برائے ادب کے نظریہ کے پیدا ہونے کے اسباب کے بارے میں ان الفاظ میں روشنی ڈالی ہے:

" ادب برائے ادب کا نظریہ ایسے موقعوں پر ہوتا ہے جب انسان کا اخلاقی، تہذیبی، معاشرتی اور ذہنی معیار گر جاتا ہے اور جس وقت کوئی ایسا صحت مند سیاسی نظام جو عوام کو پرسکون زندگی گزارنے اطمینان سے رہنے اور زندگی کی دوسری ضروری سہولتیں فراہم کرنے میں معاون و مددگار نہیں ہوتا تو عوام کے ساتھ ساتھ پڑھے لکھے طبقے ادبا، نقاد اور شاعروں میں بھی بے اطمینانی اور اخلاقی و ذہنی گراوٹ پیدا ہو جاتی ہے جس میں صرف ایک احساس زیادہ سے زیادہ حظ اٹھانے، لطف لینے، مسرت حاصل کرنے کا رہ جاتا ہے۔۔۔۔بعض اوقات کسی بڑی تحریک کی ناکامی کے ردعمل میں بھی ادب برائے ادب کا نظریہ وجود میں آجاتا ہے۔،،

غیر صحت مند سماج اور نامساعد حالات میں فنکار غم و اندوہ کا شکار ہو جاتا ہے

مصائب کا سامنا کرنے کے بجائے وہ فرار تلاش کرتا ہے وہ ان خارجی اشیاء سے جو اسے مسرت کا سامان مہیا کرتے ہیں ان میں پناہ ڈھونڈنے لگتا ہے ادب میں خارجی اشیاء کا ذکر اور معاملہ بندی اسے غم والم سے دور رکھنے میں معاون و مددگار ثابت ہوتے ہیں_ شارب ردولوی نے ادب برائے ادب کے سلسلے میں اس پس منظر کو اجاگر کرتے ہوئے لکھا ہے:

''جب کوئی صحت مند سماجی نظام نہ ہو، مستقبل پر سے عوام کا اعتقاد اٹھ گیا ہو اور اپنے سماجی ماحول سے فنکار ہم آہنگ نہ ہو ایسے تمام حالات میں انسان زندگی کی حقیقتوں سے فرار اختیار کرنے کی کوشش کرتا ہے اور یہ فرار عام طور پر اسے دو چیزوں میں ملتا ہے "غم"، "اداسی" کرب اور مایوسی وغیرہ یا پھر "شاہد و جام" ساقی و پیمانہ اور عاشقی و بوالہوسی میں_ اس لیے ایسے تمام ادیبوں اور شاعروں کے یہاں یا تو غم اندوہ ملے گا یا ہر چیز سے لطف و مسرت حاصل کرنے اور حظ اٹھانے کا جذبہ جس سے ادب میں خارجی لوازمات کے ذکر اور معاملہ بندی کو راہ ملی۔،،

شارب ردولوی ادب برائے زندگی کے نظریہ کو اہمیت دیتے ہیں وہ ادب کو سماج اور انسانی زندگی سے منسلک سمجھتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے فنی و جمالیاتی پہلوؤں کی شمولیت کو بھی اہم بتایا ہے ان کے نزدیک بہترین ادب وہی ہے جو سماجی، ثقافتی، فنی و جمالیاتی عوامل کا حامل ہو چونکہ ادیب سماج کا ایک اہم رکن ہوتا ہے وہ جو کچھ مشاہدہ کرتا ہے اس کا اثر قبول کرتا ہے شاعر و ادیب بڑا حساس ہوتا ہے وہ سماج سے علیحدہ نہیں رہ سکتا شاعر و ادیب صرف اپنے لیے نہیں لکھتا بلکہ اس کی تخلیقات دوسروں کے لیے بھی ہوتی ہیں اس طرح وہ سماج کے دوسرے افراد کے فکر و عمل کو متاثر کرنے کا ذمہ دار ہوتا ہے گویا ان کے نزدیک ادیب سماجی زندگی کا عکاس و ترجمان ہونے کے ساتھ ساتھ افراد کو معلومات بہم پہنچاتا ہے۔

"ادب زندگی کا ترجمان اور نقاد ہوتا ہے اس لیے بہترین ادب میں سماجی، ثقافتی، فنی اور جمالیاتی پہلوؤں کا ہونا لازمی ہے کیونکہ یہی چیزیں اس کو زندگی سے ہم

آہنگ کرتی ہیں ادب زندگی اور اس کے تجربات کو سمجھنے کا شعور بخشتا ہے اور نئے تجربات کے لیے اہم معلومات بہم پہنچاتا ہے ادب صرف یہی نہیں کہ ہماری فکر و ذہنی سطح کو بلند کرتا ہے بلکہ بدلتے ہوئے سماجی نظام میں بھی معین و مددگار رہوتا ہے زیادہ واضح الفاظ میں یوں کہہ سکتے ہیں کہ ادب معاشرتی و تہذیبی اثرات کا آلہء کار رہوتا ہے۔،،

ادب سے جو مسرت حاصل ہوتی ہے وہ بھی ایک طرح سے ادب کی افادیت ہے لیکن سوال یہ ہے کہ ادب سے مسرت و نشاط کا تعلق زندگی کی حقیقتوں کی شمولیت سے ہے بھی یا نہیں شارب بجا طور پر کہتے ہیں کہ ادب میں زندگی کی حقیقتوں کی شمولیت کے بغیر نشاط کا تصور محال ہے یہ سچ بھی ہے جب انسان کی زندگی کی مادی ضرورتیں پوری ہوں گی اسے انصاف ملے گا چین و سکون اور امن نصیب ہوگا تو ایسے میں اسے سچی مسرت بھی ہوگی انہوں نے زندگی کی حقیقتوں سے مسرت کو جوڑ دیا ہے البتہ انہوں نے اس کے ساتھ اس بات کی اہمیت بھی بتائی ہے کہ زندگی کی عکاسی ادیب و شاعر کے تجربات و مشاہدات کا بیان فنی اور لطیف انداز سے کیا جانا چاہیے یہ ادبی فن پارہ کے لوازمات ہیں:

" ادب سے مسرت حاصل کرنے کا سوال بھی اسی شکل میں پورا ہوسکتا ہے جب ادیب اپنی تخلیقات کے ذریعے زندگی کی صحیح عکاسی کرے اور زندگی کے حسن اور اپنے تجربات و مشاہدات کو مناسب اور لطیف انداز میں پیش کرے زندگی کے بغیر مسرت کا کوئی تصور یا فنکار کے اپنے ماحول سے تعلق اور اس کے معاشرتی روابط کے نفی کرنے کے بعد نشاط انگیزی کی توقع بیکار ہے۔،،

شارب ردولوی کے نزدیک ادب ثقافتوں کے دیگر شعبوں کی طرح سماجی شعور کا ایک ایسا ڈھانچہ ہے جس کی بنیاد پیداوار کے رشتوں پر استوار کی گئی ہے ادیب اپنے سماج اور اس سے مربوط اداروں کے عروج و زوال کو مختلف حالات کے تحت بنتے بگڑتے دیکھتا ہے اور اس متحرک سماج سے منسلک تمام سیاسی، تعلیمی، معاشی

واقتصادی اداروں کے اثرات شعوری طور پر ادیب کے ذہن پر مرتب ہوتے ہیں اسی لیے وہ ادب میں سماجی تصور کو تاریخ سے زیادہ اہمیت دیتے ہیں:

''سماجی ادارے حالات کے تغیرات کے تابع ہوتے ہیں انہیں سے بنتے بگڑتے ہیں انہیں سے ان کا ارتقاء وانحطاط ہوتا ہے سماجی تصور تاریخ سے بھی زیادہ وسیع تر تصور ہے کیونکہ اس کے دائرے میں مختلف مظاہر، مذہبی تصورات، سیاسی ادارے، معاشی واقتصادی حالات اور نظام تعلیم وغیرہ سبھی شامل سمجھی جاتی ہیں اور ان سب کا کسی نہ کسی طرح انسانی ذہن پر اثر تلاش کیا جاسکتا ہے۔''

شارب ردولوی ادب برائے زندگی کے تعلق سے فیرل کے اس خیال سے کہ "ادب اور فن کا ارتقاء خلا میں وجود میں آنے والا خود مختار عمل نہیں" سے اتفاق کرتے ہوئے ادیب اور اس کی تخلیقات کا انسانی زندگی سے نہ ٹوٹنے والے اس رشتے پر زور دیتے ہیں۔

''فنکار اپنی تخلیق خلا میں نہیں کرتا اس کی تخلیقات انہیں روایات اور سماجی ماحول سے وابستہ ہوتی ہے جن میں وہ سانس لیتا ہے جن حالات سے اس کی زندگی دوچار ہوتی ہے اس کے نقوش خیالات کے ذریعے ادب میں بھی دکھائی دیتے ہیں۔''

شارب ردولوی نے ادب اور انسانی زندگی کے مربوط رشتے پر روشنی ڈالتے ہوئے اس بات کی بھی وضاحت کر دی ہے کہ ادب کو سماج سے منسلک کرنے کا مقصد اسے سماج کی پابندیوں کا تابع کرنا نہیں ہے بلکہ ادب پارے میں پوشیدہ اس گہرائی اور صداقت کی نشاندہی کرنا ہے جس سے کہ ادیب کو ذہنی غذا وطاقت ملتی ہے چونکہ ادیب بھی سماج کا ایک اہم فرد ہوتا ہے اور سماج پر مرتب ہونے والے اثرات سے متاثر رہتا ہے اس لیے ادب کو سماج سے جڑے اس رشتے کو نظر انداز کر کے اس کی صحیح قدر و قیمت کا تعین ممکن نہیں وہ رقم طراز ہیں:

''ادب کو اس زمانے کے سماجی، سیاسی اور مادی پس منظر میں دیکھنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اس پر کوئی پابندی عائد کر دی جائے یا اسے سماج کے متنازعہ گروہوں میں

تقسیم کر دیا جائے بلکہ اس کا مطلب صرف اتنا ہے کہ ادب میں دلچسپی رکھنے والا اس کی صحیح قدروں کو آسانی سے سمجھ سکے اور یہ دیکھ سکے کہ فنکار کے اظہار میں کتنی گہرائی و صداقت ہے اس کا ذہنی رجحان کن سماجی طاقتوں سے قوت حاصل کر رہا ہے جس طرح ایک عام آدمی خارجی اسباب وحالات سے متاثر ہوتا ہے اسی طرح ایک فنکار بھی اثر قبول کرتا ہے اسی لیے ادب کو زندگی کا آئینہ کہا گیا ہے۔،،

ادب کے سماجی رشتہ اور زندگی سے اس کے تعلق پر زور دیتے ہوئے ڈاکٹر محمد حسن نے لکھا ہے:

" ہر فرد اپنے دور کے مزاج کا آئینہ دار بھی ہے اور اس کا خالق بھی اس نوعیت سے ادب ہی نہیں ادیب کی ذات میں اور ادب کی ترویج واشاعت کرنے والے اداروں میں بھی جن میں اخبار، رسالے، پبلشنگ سے لے کر ریڈیو اور ٹیلی ویژن تک سبھی شامل ہیں یہ متواتر اور مسلسل بدلتی ہوئی بنتی اور بگڑتی جمالیاتی اقدار کی تصویریں خود ایک جدلیاتی مرقع پیش کرتی ہیں جس میں ادب اور زمانے ہی کو نہیں پورے تہذیبی شعور کو بہتر طور پر سمجھا جا سکتا ہے۔،،

مشہور ناقد اختر اورینوی کے مطابق:

"۔۔۔۔۔۔فن کے اندر نہ صرف تجربات کی فضا کو ہی ماحول کے مطابق ہونا چاہیے بلکہ ان کے منعکس کرنے کے طریقے کو بھی اپنی انفرادی جدت کے باوجود ماحول کے ساتھ سازگاری کرنی چاہیے_ غرض یہ کہ فن کے مہیبات اور ان کی پیشکش کی تکنیک کی بنیاد کا سماجی ہونا لازمی ہے۔،،

اس عہد کے مشہور ترقی پسند دانشور ڈاکٹر راج بہادر گوڑا کے خیال میں:

''ادیب سماج کا جزو ہے اور اس سے الگ ایک مجرد حقیقت نہیں وہ دیکھتا ہے سوچتا ہے کہ سب کچھ ان حقیقتوں کے بیچ رہ کر ہو رہا ہے جو اس کے اطراف واکناف وقوع پذیر ہیں۔،،

مندرجہ بالا ناقدین کے خیالات کو حوالہ دینے کا مقصد یہی ہے کہ شارب

ردولوی کا نقطہءنظر واضح ہو سکے ادب کے سماجی پہلو پر زور شارب ردولوی کے علاوہ بہت سے ناقدین کے یہاں بھی ملتا ہے لیکن شارب ردولوی کے ہاں اس نظریے کا مطلب صرف یہ نہیں ہے کہ وہ سماجی، سیاسی اور مادی مسائل پر ہی اکتفا کرتے ہیں بلکہ وہ ادب کے اس پہلو کے علاوہ دیگر پہلوؤں کی اہمیت کے بھی قائل ہیں انہوں نے ادب کے سماج اور انسانی زندگی کے اس رشتے پر اس لیے بھی زور دیا کہ ادب قاری کی دلچسپی اور لطف اندوزی کا ایک ذریعہ بھی ہے اور قاری ادب سے حقیقی مسرت اسی صورت میں حاصل کرسکتا ہے جب جمالیاتی اور فنی قدروں کے ساتھ اس میں حقیقی زندگی کی عکاسی کی گئی ہو یہی وجہ ہے کہ وہ ادب کو زندگی کا آئینہ مانتے ہیں۔

شارب ردولوی ادب میں تنقید کی اہمیت کے قائل ہیں ان کے خیال کے مطابق کسی فن پارہ کی اہمیت و افادیت محض ادب کے علم کی آگہی سے حاصل نہیں ہوتی بلکہ ادب کے معیار اور اس کے صحیح قدر و قیمت کا تعین ذخیرہ ادب میں اس کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے تنقید اور تجزیہ کی ضرورت ہوتی ہے کسی ادبی تخلیق کے محاسن و معایب اس کی اہمیت و افادیت ضرورت اور فنی اقدار کے تعین کا حق تنقید ہی ادا کرتی ہے ان کا خیال ہے کہ:

"ادبی مسائل کو سمجھنے کے لیے صرف ادب کا علم کافی نہیں کیونکہ صرف ادب کی واقفیت سے کسی فن پارے کی تشریح تو ہوسکتی ہے اس کے بارے میں بعض معلومات تو ہوسکتی ہیں لیکن ذخیر ادب میں اس کی اہمیت کا اندازہ نہیں کیا جاسکتا ہے تنقید کسی ادب پارے کے سلسلے میں معلومات بھی فراہم کرتی ہے تشریح بھی کرتی ہے تجزیہ بھی اور تاریخ، نفسیات، جمالیات تہذیب و معاشرت کے اثرات کی روشنی میں اس کے فنی اقدار کا تعین بھی۔،،

تنقید کا بنیادی کام یہ ہے کہ وہ اچھے اور برے اور کھرے اور کھوٹے میں تمیز کرے اصطلاح میں کسی فن پارہ کے محاسن و معایب کی پرکھ کا نام تنقید ہے اس میں ادب پارے کی صحیح قدر و قیمت کا تعین کیا جاتا ہے شارب ردولوی رقم طراز ہیں:

'' تنقید کا اہم کام ادب کی عظمت کا صحیح اندازہ لگانا ہے اگر وہ ہمیں ادبی تخلیق کے بارے میں کوئی واضح راہ نہیں دکھاتی ہے اور اس کی اچھائی اور برائیوں کو پیش نہیں کرتی ہے تو اس کا وجود مبہم ہوگا۔،،

شارب ردولوی کے مطابق بہترین تنقید قاری کے ذوق کی تربیت کرتی ہے انہوں نے اعلیٰ اور معیاری ادب کی پرکھ کے لیے تنقید کو ایک اہم ذریعہ قرار دیا ہے ان کے خیال میں تنقید قاری اور تخلیق کے درمیان رابطے کا کام کرتی ہے نقاد کا کام کسی فن پارے کے دونوں رخوں کو پیش کرنا ہے جہاں وہ ادب پارے کے محاسن کا پتہ لگائے وہیں اس کے معایب کی نشاندہی بھی کرے اگر کوئی نقاد صرف خوبیوں کے بیان پر اکتفا کرے گا اور خامیوں کو نظر انداز کرے گا تو فن پارے کی صحیح قدر و قیمت کا تعین نہ ہو سکے گا اور ادبی ذوق کو نقصان پہنچانے کا ذمہ دار ہوگا ان کا خیال ہے:

'' صرف تعریف کو کسی بھی صحت مند اسلوب میں شمار نہیں کیا جا سکتا ہے اس لیے کہ اس سے نہ تو ادب کی صحیح قدروں کا پتہ لگایا جا سکتا ہے اور نہ فنکار کی اہمیت پر روشنی پڑتی ہے ہر فنکار کسی نہ کسی خوبی کا مالک ہے اس لیے اہم ہے کیونکہ یہ بات یقینی ہے کہ بری سے بری چیز میں بھی کوئی نہ کوئی اچھائی ضرور ہوتی ہے اگر اس کی برائی کو اجاگر کیے بغیر صرف اچھائی کا ذکر کیا جائے تو فائدے کے بجائے نقصان ہوگا اور دن بدن ادب کا معیار اور پڑھنے والوں کا ذوق مائل بہ زوال ہوتا جائے گا۔،،

انہوں نے اچھی تنقید کی یہ خصوصیت بتلائی ہے کہ اسے ذاتی تعصب سے پاک ہونا چاہیے یعنی تنقید کا مقصد صرف عیب جوئی یا نقطہ چینی نہیں ہے بلکہ غیر جانبداری سے کسی بھی ادب پارے کے محاسن و معایب کا جائزہ لیں اور اس کی صحیح قدر و قیمت کا تعین کریں:

"ادبی تخلیق میں اقدار کی اہمیت اور نظریے کی ضرورت پر بھی تنقید ہی روشنی

ڈالتی ہے اس لیے اس کے اصولوں کو تعصّبات اور مصلحت اندیشیوں سے دور ہونا چاہیئے۔،،

ان سب جائزوں پر اگر غور سے دیکھیں تو ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ شارب ردولوی غیر جانبدارانہ طور پر ادبی تخلیق کا مطالعہ کرنا چاہتے تھے اور بغیر کسی تعصب کے وہ مختلف تنقیدی دبستانوں کا تجزیہ کرنے کی کوشش کرتے تھے کہ کون سا دبستان ایسا ہے جو ادب کے سلسلہ میں زیادہ وسیع النظر ہے اور ادبی تخلیق میں تمام پہلوؤں اور نشیب و فراز کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے اسی لیے جہاں کہیں انہیں کسی نظریے میں کوئی کمی نظر آتی تو وہ اس کا اظہار کر دیتے خواہ وہ مارکسی، نفسیاتی، یا تاثراتی تنقیدیں ہوں یا اسلوبیاتی، قاری اساس، تشریحی، توضیحی و تقابلی تنقید۔

****

فہمیدہ ریاض ایک سیمابی شخصیت اور روایت شکن شاعرہ

Keywords: Essence & Peals, Red wine, Positive attitude, Star, Pioneer, authoratarian politics, selif-respect, Hormony, The flame of romance, Archetypal, Devine being, Iqlima, Mercury Heart, commandments, Blood Vamparism, Lyrical Music, Fudal Mentality.

ڈاکٹر مجیب اختر
شعبہ عربی، دہلی یونی ورسٹی، دہلی

Abstract: Fahmida Riaz is a poet of bold words and bold lips and accent, whose distinction has been to present women's and social issues with flawless words and poetic harmony and unique style of expression. Her poems are more mind than heart satisfaction. There is no doubt that his loud poems against religious, social and political exploitation shocked the literary world and challenged the supporters of ignorant traditionalism and authoritarian politics. She is known as a Pakistani poet, but has a deep connection with India; Because not only she was born in Meerut, but also established a relationship of academic and literary partnership with Jamia Millia Islamia during her exile. She also served as a distinguished faculty member. Highlighted the archetypal (identity), she sees the role and issues of

woman as connected with physical and spiritual devotion. In this article, an attempt has been made to highlight the different aspects and characteristics of her poetry with reference to several poems, that reflects her whole personality. Among his poetry collections, "Pathar ki Zuban,"Tum Kabeer" are worth mentioning. Poems such as 'soch', 'Khusbu', 'kabhi kabhi', 'Meri Chambeli ki narm khusbu', 'Bakirah', 'Ek Zan-e-Napak', Ishq Awarah Mizaj' 'Iqlima' and 'Kotwal betha hai' are prominent, which reflect her various ideas and thoughts.

.....

سب شیشے، ساغر لعل و گہر
دامن میں چھپائے بیٹھی ہوں
سب ثابت و سالم ہیں اب تک
اک رنگ جمائے بیٹھی ہوں
یہ نازک موتی عزت کا
اور ایماں، کانچ کا یہ پتلا
یہ ساغر دل کا سرخ کنول
لبریز مئے احمر سے سدا
پتھراؤ تھا چو مکھ اُن پر بھی
ٹکرائی تھی ان سے بھی دنیا
دو نسوانی باہوں نے مگر
دیکھو ہر پتھر جھیل لیا

اردو شاعری میں ایجابی تانیثیت کی سرخیل، بے باک الفاظ اور بے باک لب

و لہجے کی علمبردار فہمیدہ ریاض کی یہ نظم اُن کی زندگی اور شاعری کی ارتقائی تصویر ہے۔نسائی اور معاشرتی مسائل کو بے لاگ الفاظ اور شعری خوبصورتی کے ساتھ بیان کرنا اُن کا طرۂ امتیاز رہا ہے۔اشعار انھوں نے تسکینِ دل سے زیادہ دماغ کو جلا بخشنے اور اصلاحِ حال کے لیے کہے۔مذہبی ،معاشرتی اور سیاسی استحصال کے خلاف اُن کی بلند آہنگ نظموں نے جہاں ادبی دنیا کو چونکایا، وہیں جاہلانہ روایت پرستی اور آمرانہ سیاست کے حامیوں کو چیلنج بھی کیا۔

اس مضمون میں فہمیدہ ریاض کو موضوعِ تحریر بنانے کی وجہ اُن کا ہندوستان سے گہرا تعلق ہے، نہ صرف میرٹھ میں پیدائش کا، بلکہ 1981 سے 1987 تک جلاوطنی کے دوران جامعہ ملیہ اسلامیہ سے علمی و ادبی شراکت کا بھی۔ جہاں انھوں نے ایک معزز فیکلٹی ممبر کے طور پر تدریسی خدمات بھی انجام دیں۔1946 میں میرٹھ کی خاک سے اُٹھ کر 2018 میں لاہور کی خاک میں مل جانے والی اس مشت خاک نے اپنی 72 سالہ خاکی پیراہن میں نہ جانے کتنے ذروں کو آفتاب اور کتنے لمحوں کو تاریخ بنا ڈالا۔احمد ندیم قاسمی کے مجلّے ''فنون'' جیسے آبی ذخیرے سے نکلنے والی شعر و ادب اور فکر و فن کی یہ موج بلاخیز اپنے شعری مجموعوں ''پتھر کی زبان'' اور ''تم کبیر'' کے لمبے سفر کے دوران اتہام والزام کے نوکیلے پتھروں سے خود بھی زخمی ہوئیں اور خود پسندی واقتدار کے غرور سے ابھری ہوئی چٹانوں کے سینوں کو بھی چھلنی کیا۔نوعمری سے ہی خوبصورت اور شاداب لہجے کی اس شاعرہ نے عام ڈگر سے ہٹ کر ضرورت والی شاعری کی، اپنے گرم لہو کا دیپ جلا کر اور دل کی کوری مٹی سے پھول کھلا کر شاعری کی۔نسائیت کی عزتِ نفس کے تحفظ اور مظلوموں کے حقوق کی حمایت میں شاعری کی۔

فہمیدہ ریاض نے اپنے پہلے ہی شعری مجموعہ ''پتھر کی زبان'' میں یہ بات کہہ دی تھی کہ جب تک کوئی نظم اُن کو خود ہی مجبور نہ کر دے کہ اسے وہ لکھیں ،تب تک وہ کوئی نظم نہیں لکھیں گی اور اُن کا پورا شعری سرمایہ اُن کے اس عزم کا گواہ ہے۔ابتدائی دور کی شاعری میں گو آہنگ دھیما ہے، لیکن آنے والے طوفان کی تپش موجود ہے۔جوانی کا جوش، رومانیت کا آتشتہ نغمگی اور لہجے کی شفافیت اُس دور کی شاعری کے غالب عناصر

ہیں۔''سوچ''،''خوشبو''،''کبھی کبھی'' جیسی نظموں کے درمیان''میری چمبیلی کی نرم خوشبو'' کا آہنگ ملاحظہ فرمائیں۔

میری چمبیلی کی نرم خوشبو
ہوا کے دھارے پہ بہہ رہی ہے
ہوا کے ہاتھوں میں کھیلتی ہے
تیرا بدن ڈھونڈنے چلی ہے
مری چمبیلی کی نرم خوشبو
مجھے تو زنجیر کر چکی ہے
الجھ گئی ہے کلائیوں میں
مرے گلے سے لپٹ گئی ہے
وہ رات کے کہر میں چھپی ہے
سیاہ خنکی میں رچ رہی ہے
گھنیرے پتوں میں سرسراتی
ترا بدن ڈھونڈنے چلی ہے

گزرتے دنوں کے ساتھ اُن کا انداز بے باک اور لہجہ براہ راست ہوتا گیا۔سعادت حسین منٹو اور عصمت چغتائی نے جن نسائی تجربات کو اردو نثر میں روایت شکن،صاف گوئی سے لکھ کر تہلکہ مچایا تھا،فہمیدہ ریاض نے اُن شجر ممنوعہ سمجھے جانے والے موضوعات اور دو دھارے جنسی تجربات کو اشعار کے قالب میں ڈھال کر نفاق زدہ معاشرہ میں ہلچل مچادی۔دوسرے شعری مجموعہ''بدن دریدہ'' کی کچھ نظموں کے عنوان، مثلاً''باکرہ''،''وہ ایک زن ناپاک'' اور''عشق آوارہ مزاج'' سے کم فہموں نے فحش گوئی کا الزام عائد کر دیا۔لیکن اُن کی یہ شاعری جیسا کہ اُن کے ناقدین کا الزام ہے،نہ علم الابدان کی منظوم داستان ہے اور نہ عریاں فلم کی اسکرپٹ، بلکہ اس کے برعکس عورت کو خدائی تکوین کے عین مطابق جبلت،رومانیت اور روحانیت کی معراج تک پہنچانا ہے۔بقول خالدہ حسین:

''فہمد یہ ریاض وہ پہلی شاعرہ ہے جس نے عورت کا آرکی ٹائپل تشخص اجاگر کیا ہے، وہ عورت کے منصب ومسائل کو جسمانی وروحانی سرشاری کے ساتھ منسلک دیکھتی ہے۔ زندگی کے تسلسل کے لیے انسانی مادے کا کردار صرف جبلتی نہیں، بلکہ ایک ماورائی جہت بھی رکھتا ہے''۔

وہ مزید لکھتی ہیں:

''وہ پانچوں حواس کی شاعرہ ہے، رنگ، خوشبو، آواز، لمس اور ذائقہ اس کے اشعار میں ڈھرکتی تپش پیدا کرتے ہیں، یہ تپش کبھی حیات وموت کے درمیانی سطح پر لے جاتی ہے اور کبھی اس کی شاعری میں وہ حقیقتِ اولی ظاہر ہوتی ہے جو کبھی عدم اور کبھی ہست میں اپنی جھلک دکھاتی ہے''۔

فہمیدہ ریاض کی شاعری میں عورت نہ خود کو آدم کو جنت سے نکالنے کا گنہکار سمجھتی ہے اور نہ اپنے جسم کے نشیب وفراز پر شرمندہ ہے۔ وہ نہ صرف اپنی ذات پر مطمئن اور سرشار ہے، بلکہ اپنی اقلیم وجود پر فرخندہ و پرفخر بھی، جب کہ مشرق میں عورت کا جسم احساسِ جرم سے پامال اور مغرب میں اشتہاری جنس اور اشتہا وتجارت کا سامان ہے۔ حالاں کہ وہ اسے باشعور ہستی تسلیم کرانے پر مصر ہے۔ نظم اقلیما کے یہ بند پیش خدمت ہے:

اقلیما... جو ہابیل کی قابیل کی ماں جائی ہے
ماں جائی ہے مگر مختلف
وہ اپنے بدن کی قیدی
تپتی ہوئی دھوپ میں جلتے
ٹیلے پر کھڑی ہوئی ہے
پتھر پر نقش بنی ہے
اس نقش کو غور سے دیکھو
لمبی رانوں سے اوپر
ابھرے پستانوں سے اوپر

پیچیدہ کوکھ سے اوپر
اقلیما کا سر بھی ہے، اقلیما کا سر بھی ہے

عورت کی عزت اور آزادی کا بلند بانگ دعوی کرنے والی مغربی دنیا اس کی تحقیر وتذلیل کے لیے کیا کیا کھیل نہیں کھیلتی ہے جس میں ایک مقابلہ حسن بھی ہے۔ قربانی کے بکروں کی تفتیش اور مول بھاؤ سے بھی زیادہ عورت کو برہنہ کر کے اس کے انگ انگ کی پیمائش، بے رحم اور بے حس اسکیننگ اور اسکرننگ کے بدترین مراحل سے گزار کر اسے ذلت کے کانٹوں بھرا حسینۂ عالم کا تاج پہنانے کی رسم سے جو حضرات واقف ہیں، وہ فہمیدہ ریاض کی نظم ''مقابلہ حسن'' کی کاٹ اور نشتر کا اندازہ کر سکتے ہیں۔

کولہوں میں بھنور جو ہیں تو کیا ہے
سر میں بھی ہے جستجو کا جوہر
تھا پارۂ دل بھی زیر پستاں
لیکن مرا مول ہے جوان پر
گھبرا کہ نہ یوں گریز پا ہو
پیمائش میری ختم ہو جب
اپنا بھی کوئی عضو ناپو

بے جا بندش اور قید و بند چاہے سماج کی ہو یا ارباب اقتدار کی، انھیں قبول کرنا ہمیشہ اُن کی فطرت کے خلاف ہے، یہاں تک کہ شاعری میں بھی قافیہ اور ردیف کی تنگ نائے سے خود کو آزاد رکھنے کے لیے غزل کے بجائے نظم معری او رآزاد گوئی کو ترجیح دی۔ یوں تو ظالمانہ پابندیوں، فتووں اور فرامین کے خلاف زندگی بھر نبرد آزما رہیں، لیکن جنرل ضیاء کی فوجی آمریت کے ساتھ ان کا ٹکراؤ ایک رزمیہ داستان ہے۔ ''کیا تم پورا چاند نہ دیکھو گے'' کے بے شمار صفحات اور مجموعۂ کلام ''ہم رکاب کی'' ''کوتوال بیٹھا ہے'' جیسی نظمیں جابروں کے جبر، محکوموں کی ذلت و بے بسی اور حریت پسندوں کی ہمت و شجاعت اور جان نثاری کی دل پزیر اور جاں فزا تاریخ ہے۔ وہ کہتی ہیں:

میں اک رزمیہ لکھوں گی

جنگجو شہسواروں کی ٹاپوں سے دھمکتا
قیامت خیز طوفانوں سے گرجتا
بجلیوں کے کوڑے پھٹکاتا ہوا
خون آشام تلواروں کی جھنکار لیے
شعلے اور انگارے برساتا
میرا قلم اسے گائے گا

''کوتوال بیٹھا ہے''، یہ نظم آج کے جابرانہ نظام، ظلم و بربریت، اذیت رسانی، زدوکوب، جھوٹی گواہی اور آمرانہ نحوست کی عکاس ہے جس میں فہمیدہ ریاض نے قانون کی دھجیاں اڑانے والے اور آمریت پر فخر کرنے والے حکام کو چیلنج کیا ہے اور یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ یہ قوانین کھوکھلے ہیں جن کے ذریعہ غریب وستم رسیدہ عوام کو نشانہ بنایا جاتا ہے، جس میں نہ ثبات ہے نہ تاثیر۔ لہذا اس ظالمانہ نظام اور آمرانہ نحوست کے خلاف نبرد آزما ہونے کی ضرورت ہے۔ اس شاہکار نظم کے چند بند پر غور کریں:

کوتوال بیٹھا ہے
کیا بیان دیں اس کو
لوگ بیان دیتے ہیں
ہاں لکھو کہ سب سچ ہے
یہ کرو اضافہ اب
جب تلک ہے دم میں دم
پھر وہی کریں گے ہم
ہو سکا تو کچھ بڑھ کر
پھر وہ حرف لکھیں گے
چیتھڑا ہے یہ قانون
باغیوں کے قدموں کی
اس سے دھول جھاڑیں گے

آمری نحوست کی

قوموں کی تاریخ کا یہ ستم ظریفانہ مرثیہ ہے کہ وہ دوسروں کے انجام سے سبق نہیں لیتیں۔ پاکستان کی بدترین آمریت کے دور میں ہندوستان حریت افکار اور جمہوری اقدار کا گہوارہ ہوا کرتا تھا۔ انھیں دنوں محترمہ امریتا پریتم کے تعاون سے فہمیدہ ریاض کو جلا وطنی کے دوران ہندوستانی حکومت کی طرف سے میزبانی کی مراعات حاصل ہوئیں، لیکن یہ نوے کی دہائی سے پہلے کے حالات تھے۔ فرقہ پرست ہندوستانی تنظیم اور اس کی شر پسند شاخوں نے بابری مسجد کے بہانے بھارت کی گنگا جمنی تہذیب کو زہر آلود کرنا شروع کر دیا تھا۔ نوے کے دہے کے خاتمے تک بھارت خود بھی نفرت وعداوت کے بارود کا ڈھیر بن چکا تھا۔ 1996 میں ہندوستان کے سفر دوران جو تجربہ انھیں ہوا، اس کے پس منظر جو نظم انھوں نے پڑھی، اس کی معنویت اس دور میں مزید بڑھ گئی ہے۔ اس نظم میں خصوصا اور ان کی بہتیری نظموں میں ہندی کے خوبصورت استعمال نے جو شاید میرٹھ کی پیدائش اور دلی کی عارضی رہائش گاہ کا اثر ہے، اس کی اثر پزیری کئی گنا بڑھا دی ہے۔ آبِ زمزم اور گنگا جل سے گیندے کو گلاب کے ساتھ گوندھ کر فکر وخیال کے دھنک رنگ کا کمال دیکھئے:

تم بالکل ہم جیسے نکلے
اب تک کہاں چھپے تھے بھائی
وہ مورکھتا ہے وہ گھانوڑ پن
جس میں ہم نے صدی گنوائی
آخر پہنچی دوار تمہارے
ارے بدھائی، بہت بدھائی
کون ہے ہندو کون نہیں ہے
تم بھی کرو گے فتوے جاری
بھاڑ میں جائے شکشا وکشا
اب جاہل پن کے گن گانا
کیسا ویر مہان تھا بھارت

کیسا عالی شان تھا بھارت

فہمیدہ ریاض انحراف، احتجاج اور انقلاب کی شاعرہ یقیناً ہیں، لیکن انھوں نے زبان وبیان کی شگفتگی اور شعری موسیقیت سے سمجھوتا نہیں کیا۔ سماجی کمزوریوں او رجاگیردارانہ ذہنیت پر سنگ باری کے لیے انھوں نے گل ولالہ جیسے الفاظ سے ہیروں کا جگر کاٹنے کا کام کیا۔ دردِ دل اور دردِ دنیا کی واردات کو مامتا کی والہانہ پن اور سرجن کی جراحتی چابک دستی کے ساتھ اپنے اشعار میں سمویا۔ اُن پر تبصرہ کرتے ہوئے ایک جگہ رام لال رقم طراز ہیں:

''لڑکی سے عورت اور عورت سے ماں بننے کے سفر میں جو تصویریں'' بدن دریدہ'' اور'' دھوپ'' کے زاویوں اور کرنوں میں ڈھلتی چلی جاتی ہیں، وہ ذاتی دھاردار اور ست رنگی ہیں۔ ذاتی اس حوالے سے کہ اس سے پہلے ایسی باتیں ہم نے کسی عورت کی زبان سے نہیں سنیں، دھاردار اس حوالے سے کہ ایسا بے باک لہجہ، ایسے بے باک خیالات کے جلو میں اس سے پہلے کسی نے اختیار نہیں کیا، اور ست رنگی اس حوالے سے کہ فہمیدہ نے ہر تجربے کو ہری بھری رُتوں، ساون کی بارشوں اور بہار کے حسن کی لذتوں اور منظروں کو گود میں پال کر جوان کیا ہے''۔ (رام لال، فہمیدہ ریاض بشمول دریچوں میں رکھے چراغ) (ادبی خاکے) شانتی نکیتن، لکھنؤ، صفحہ 295 سن 1991

فہمیدہ ریاض حال میں جینے کی حامی تھیں، ماضی اور مستقبل کے بلیک ہول سے ہراساں ہونے یا کرنے کے بجائے موجود لمحوں سے زندگی اور خوشی کشید کرنے پر ان کا یقین تھا۔ پہلی شادی ناکام ہوئی تو حسرت کے قفس میں قید رہنے کے بجائے ایک خود کفیل عورت کی حیثیت سے جینا شروع کر دیا۔ پھر دوسری شادی بھی کی اور کامیاب بچوں کی ماں بھی بنیں۔ زندگی کے آخری پڑاؤ میں ایک جوان بیٹے کی ناگہانی موت کا صدمہ بھی سہا، لیکن آپا نہیں کھویا، بلکہ اپنے وضع کردہ سنہرے اصولوں پر کاربند رہیں جس جھلک اس نظم میں نمایاں طور پر نظر آتی ہے:

کچھ لوگ تمہیں سمجھائیں گے
وہ تم کو خوف دلائیں گے

جو ہے وہ بھی کھو سکتا ہے
تم اپنی کرنی کر گزرو
جو ہوگا دیکھا جائے گا۔

فہمیدہ ریاض، فیض احمد فیض اور حبیب جالب جیسے انقلابی شعراء ایک طرف اور پاکستان کا خیر نہ قبول کرنے والا خمیر دوسری طرف۔ عمر کے آخری حصے میں ان کے لہجے میں ٹھہراؤ سا آ گیا تھا، نظام سیاست و معاشرت کے صلاح قبول کرنے کی عدم صلاحیت سے تھوڑی دل برداشتہ تھیں۔ ''تم کبیر'' کی نظموں میں اس رجحان کی بھرپور عکاسی کی گئی ہے، ان کی ایک نظم ہے

شاہ بکتے ہیں
فقیر بکتے ہیں
یہاں صغیر و کبیر بکتے ہیں
کچھ سر عام کچھ پس دیوار بکتے ہیں
اس شہر میں ضمیر بکتے ہیں
یہاں تہذیب بکتی ہے
یہاں فرمان بکتے ہیں
ذرا تم دام تو بدلو، یہاں ایمان بکتے ہیں

فہمیدہ ریاض کی زندگی، نظم و نثر، ترجمے اور تحقیق کی اتنی جہتیں ہیں کہ اس سمندر کو تحریر کے اس کوزے میں بند کرنا ناممکن ہے اور نہ میرے جیسا کوزہ گر اس میں کامیاب ہو سکتا ہے۔

جو اپنی کہنی کہ گزری
تا عمر نہ ہرگز پچتائی

****

اردو اور انگریزی کے شاہکار ناول: ایک تنقیدی و تقابلی مطالعہ

Keyworlds: Masterpiece, Streame of Consiousness, Romance, Fable, Legend, Myth

محمد یونس انصاری
ریسرچ اسکالر، دہلی یونیورسٹی، دہلی

Abstract: From the review of Urdu and English novels, it is clear that Urdu novels have not only used English novels but also imitated them. Since Deputy Nazeer Ahmad, the Urdu novel has continued its journey under the influence of the English novel. The first example in this regard is the transference of the Englsh word 'novel' to Urdu. Examples of English novels can aslo be found in terms of story, theme, style and technique. In the novels of Aziz Ahmed, there are similiar impressions of D. H. Lawrence. Qurratul Ain Haider was not only familiar with English writers, but their works have also captivated her mind. Ahsan Farooqi is influenced by Jane Austen, Charles Dickens, Fielding, S. T. Coleridge, Virginia Woolf, Henry James, Galsworthy. On the Other hand,

Abdullah Husain seems to find the material of his art in the novels of H. G. Wells and Ernest Hemingway. And Khadija Mastoor's vision of Austen is clearly reflected.In this article an attempt has been made to find out how much Urdu and English novels are related to one another.

.....

کہانی کہنا اورسننا فطرت انسانی کا خاصہ ہے۔روز اول سے ہی انسان کوکہانی نے بے حد متاثر کیا ہے اورآج تک یہ سلسلہ جاری ہے۔تمثیل، داستان، حکایت، روایت، رومانس،فیبل اورمتھ سب کہانی کے ہی روپ ہیں۔ پہلے داستان کارواج تھا پھرحقیقت نگاری کے سبب ناول نے فروغ پایا۔ ناول نگارنے قصہ وکہانی کومحض تفریح کا ذریعہ سمجھنے کے بجائے معاشرہ کی ضرورت سمجھااوراسے سماج کی اصلاح کا ذریعہ بنایا۔

انگریزی ناول رومانس،فیبل ،لے جنڈاورمتھ کی نئی شکل لے کرابھرااور شاعری وڈرامے کو پیچھے چھوڑتے ہوئے شہرت ومقبولیت کی بلندیاں طے کرتا گیا جبکہ اردوناول کا رجحان تمثیل اورداستانوں کے بعدنمودارہوا۔ مافوق الفطری عناصر، فطری عناصرمیں تبدیل ہونے لگے۔ جن، بھوت، پریت اور شیاطین کی جگہ معاشرے کے حقیقی کرداروں کوپیش کیاجانے لگااور داستانوں کی فرضی دنیا کی جگہ حقیقی دنیانے لے لی۔اس طرح کی دیگرخصوصیات کے ساتھ ناول ادب کا حصہ بنا اوردیکھتے ہی دیکھتے تمام اصناف ادب میں اہم مقام حاصل کیا۔

اردوانگریزی ناولوں کے جائزہ سے عیاں ہے کہ اردوناول نے انگریزی ناول سے نہ صرف استفادہ کیا بلکہ اس کی تقلید بھی کی ہے۔ ڈپٹی نذیراحمد سے لے

کراب تک اردوناول نے انگریزی ناول کے زیراثر اپنے سفرکوآگے بڑھایا ہے۔اس تعلق سے پہلی مثال انگریزی لفظ' ناول' کی ہے جسے اردومیں جوں کا تواخذ کرلیا گیا جس کی وجہ سے انگریزی ناول کی بعض دیگر خصوصیات بھی اردوناول میں داخل ہوگئیں۔قصہ،موضوع،ماحول اورتکنیک وغیرہ کے اعتبار سے بھی انگریزی ناول کے نمونے تلاش کیے جاسکتے ہیں۔اردوادب میں اس طرح کی مثالوں کی کمی نہیں ہے۔عزیزاحمد،قرۃ العین حیدر،احسن فاروقی اورعبداللہ حسین جیسے نامورناول نگارکسی نہ کسی حدتک انگریزی ناول سے متاثر ہوئے اور کچھ نہ کچھ اس سے اخذ بھی کرتے رہے۔

عزیزاحمد کے ناولوں میں ڈی ایچ لارنس کے واضح نقوش موجود ہیں۔ انھوں نے لارنس کے ناولوں سے اس قدر استفادہ کیا کہ کہیں کہیں ہوبہونقل معلوم ہوتی ہے۔قرۃ العین حیدرانگریزی ادباکے فکروفن سے نہ صرف واقف تھیں بلکہ ان کی تخلیقات نے ان کے ذہن کو مرعوب بھی کیا ہے۔متعددمقامات پروہ ورجینیا وولف کی تقلید کرتی نظرآتی ہیں۔احسن فاروقی پر جین آسٹن،چارلس ڈکنس، فیلڈنگ،ایس ٹی کولرج،ورجینیاوولف،ہنری جیمس اورگالزوردی کے اثرات غالب ہیں۔اس بات کاانھوں نے متعددمقامات پر ذکر کیا ہے۔ادھرعبداللہ حسین ایچ جی ویلز اورارنیسٹ ہیمنگ وے کے ناولوں میں اپنے ناول کا خام مواد تلاش کرتے نظرآتے ہیں تو وہیں دوسری طرف خدیجہ مستور کے یہاں جین آسٹن کا تاثر صاف جھلکتا ہے۔

عزیزاحمد کے ناولوں میں انگریزی ناول کے اثرات نمایاں طور پرنظرآتے ہیں۔انھوں نے جنسی رجحانات ومیلانات کے لحاظ سے جس طرح بے باکی اور بے خوفی کے ساتھ لکھا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عزیزاحمد نے ڈی ایچ لارنس کو اپنااستادتسلیم کرلیا ہو۔لارنس کی فن کاری نے انھیں اس قدرمرعوب کیا کہ وہ اظہار جذبات میں عریانیت کی کھلی کھلی تصویریں پیش کرنے سے بھی گریز نہ کرسکے جس

سے کہ وہ بعض ناقدین ادب کی نظر میں معتوب تک قرار پائے۔انگریزی ناول ''سنس اینڈ لورس'' میں لیڈی چیٹر لی اور باغبان کی ملاقات اور رفعت اور عذرا کا آپس میں ملنا ایک جیسا منظر پیش کرتا ہے۔

''لیڈی چیٹر لی اور باغبان کی ملاقات ایک باغ میں ہوتی ہے۔رات کی تنہائی ہے۔چاندنی چٹکی ہوئی ہے۔لیڈی چیٹر لی بالکل باریک شب خوابی کے لباس میں ہے۔باغباں باغ میں ٹہل رہا ہے اور لیڈی چیٹر لی وہاں داخل ہوتی ہے اور اس کے بعد ان دونوں کی ملاقات ومباشرت کی جو تصویر لارنس نے کھینچی ہے ،اس کا رفعت وعذرا کی ملاقات میں مشاہدہ فرمائیں۔فرق صرف اس قدر ہے کہ وہاں باغباں باغ میں موجود ہے اور لیڈی چیٹر لی داخل ہوتی ہے اور یہاں عذرا انگریزی لباس شب خوابی پہنے ہوئے باغ میں ٹہل رہی ہے اور رفعت داخل ہوتا ہے۔''[۱]

عشق ومحبت میں گرفتار دوجاں کے جسمانی رشتوں کو کھل کر بیان کرنا انگریزی میں ڈی ایچ لارنس سے پہلے کے ناول نگاروں کے یہاں معدوم تھا۔ ''لیڈی چیٹر لیز لور'' میں انھوں نے جس انداز میں جذباتی ونفسیاتی کیفیات کو اجاگر کیا ہے وہ لائق ستائش ہی نہیں بلکہ استادانہ کمال کا حصہ ہے۔جذباتی ونفسیاتی حالات وکیفیات کو نشیب وفراز کے ساتھ بیان کرنا لارنس کا منفرد انداز ہے جسے فنکارانہ ہنرمندی کے ساتھ پیش کرنے کا ملکہ صرف اسی تک محدود ہے۔لارنس سے قبل اور بعد کے انگریزی ناول نگاروں میں یہ امتیازی وصف نہیں ملتا لیکن اردو میں عزیز احمد نے یہ انداز اپنا کر لارنس کی راہ اختیار کی ہے۔یہ درست ہے کہ عزیز احمد نے فحش وعریاں نگاری کو اپنی خاص توجہ کا مرکز بنایا مگر وہ معاشرہ کے مسائل کو بھی فراموش نہیں کر سکے۔تبھی تو ان کے ناولوں میں زندگی کے مختلف پہلوؤں کی عمدہ عکاسی ملتی ہے جس کی بہترین نظیر ''گریز'' ہے۔ڈی ایچ لارنس کا مشہور ومعروف ناول ''سنس اینڈ لورس'' نئے معاشرہ میں محبت کی مختلف شکلوں کو پیش کرتا ہے۔''گریز'' میں نئی تہذیب وتمدن کے سایہ تلے محبت کی نئی قسموں اور

نوعیّتوں کوسامنے لاتا ہے۔نعیم کی عشق بازیاں الگ نوعیت کی ہیں۔اس کا جنسی تعلق آہستہ آہستہ عشق کا روپ لیتا ہے۔اس تعلق سے یہ اقتباس دیکھیں:

''محبت کی بنیاد جنس ہے،لیکن اس بنیاد پر جب محبت کی عمارت کھڑی ہوجاتی ہے تو یہ نظروں سے اوجھل ہوجاتی ہے۔وہاں جنس سربہ زانونظر آتی ہے اورمحبت سرخ رو۔محبت جب جنسیت پر غالب آجاتی ہے تو پھر مرداورعورت کے تعلقات ایک نئی مسرت بخش تسکین آمیز فضامیں پرورش پانے لگتے ہیں۔اس فضا کو پیش کرنے میں عزیز احمد کی نفسیاتی ژرف نگاہی اورانسانی جذبات سے مکمل آگہی ظاہر ہوتی ہے۔''۲

عزیز احمد کواردو کا ڈی ایچ لارنس کہاجاتا ہے کیوں کہ جوکام لارنس نے انگریزی میں کیاوہی عزیز احمد نے اردو میں کردکھایا۔انھوں نے جنس کی کثرت اورمحبت کی لطافت کوجس انداز میں پیش کیا ہے اس سے روحانیت اور پاکیزگی کے ساتھ سکون اورفرحت بخش کیفیت ظاہر ہوتی ہے۔یہ ان کا وصف خاص ہے اردو ناول نگاری میں جس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔جنسی عمل کومحبت کے لطیف جذبہ میں داخل ہوکر پاکیزگی کی شکل میں پیش کرنے کا ہنراردوادب میں مثال کی حیثیت رکھتا ہے۔ڈی ایچ لارنس کے ناول ''سنس اینڈ لورس''میں بھی جنسیت کی کثافت میں محبت کی لطافت کا میلان وجذبہ پایاجاتا ہے۔

تکنیک کے لحاظ سے ''گریز''ایک ایسا ناول ہے جس میں متضاد انداز اپنائے گئے۔اس میں خطوط بھی ہیں،ڈائری بھی ہےاورتاثراتی اندازبھی ہےاور کچھ حدتک شعورکی رو بھی ہے۔اس کی ہیئت بالمقابل ''سنس اینڈ لورس'' کے روایتی ہے ناول کے تینوں حصے ابتدا،درمیان اوراختتام پوری طرح واضح ہیں۔لارنس کی مانندانھوں نے ناول کی ہیئت میں ایسی کوئی خاص بڑی تبدیلی نہیں کی باوجوداس کے ''گریز'' کا اندازمنفرد حیثیت کا حامل ہے جبکہ ڈی ایچ لارنس نے نہ تو کوئی نیا تجربہ کیااورنہ ہی روایتی انداز سے انحراف کی صورت پیدا کی۔یوں ''گریز''اور''سنس

اورلورس'' میں گہری مطابقت اور کافی حد تک مماثلت ہے جس سے انکار کی گنجائش نہیں نکلتی۔

''شام اودھ'' احسن فاروقی کا ڈرامائی انداز پر مبنی بہترین ناول ہے۔اس کا مطالعہ قاری کو ایک طرف والٹراسکاٹ کے ناول ''اولڈ مورٹیلٹی'' Old Mortality کی فضا سے روشناس کراتا ہے تو دوسری طرف جین آسٹن کی تکمیل محدودیت کی طرف لے جاتا ہے۔ناول میں مرکزی قصہ،تصادم اور کشمکش تینوں چیزوں کو شامل کیا گیا ہے۔اس طرح کے ناولوں میں کرداروں کے ذریعہ مسائل پیدا کیے جاتے ہیں اور وہی ان کا حل بھی تلاش کر لیتے ہیں۔

والٹراسکاٹ کی طرح ''شام اودھ'' میں تاریخی واقعات کے ساتھ رومانویت بھی ہے۔اسکاٹ کے ناولوں کی ایک خاص بات یہ ہے کہ ان کے یہاں تاریخی منظرکشی کے واضح نقوش ہیں۔طبقۂ اولیٰ کے خاندانوں کے حیات ومعاشقوں کی عکاسی انھوں نے فنی بصیرت کے ساتھ کی ہے۔''شام اودھ'' میں قدیم پس منظر اور لکھنوی تہذیب وتمدن کی منظرکشی ،ناول میں جگہ جگہ رومانی فضا کا دیدار اور گزرے ہوئے وقت میں انسان کی قدر وعظمت کو پیش کیا گیا ہے۔ احسن فاروقی لکھتے ہیں:

''نواب صاحب بارہ دری میں آکر مسند پر جلوہ افروز ہوئے۔سب لوگ ادھر ادھر بیٹھ گئے۔ایک نوکر نے آگے پیچوان لگایا۔دوسرا ایک بڑا سونے کا خاصدان لیے آیا اور حضور کے سامنے رکھ دیا۔متعدد نوکر چاندی کی چھڑیں لگے ہوئے عمدہ کپڑوں کے پنکھے جھلنے لگے۔لالہ جی گھر سے کھانا کھا کر واپس آگئے تھے اور نواب صاحب کی مسند کے پاس قالین پر بیٹھ گئے۔

تھوڑی دیر پان وغیرہ تقسیم ہوتے رہے۔اتنے میں سازندے آئے۔نواب صاحب کو سلام کر کے بیٹھے اور اپنے ساز ٹھیک کرنے لگے۔''[۳]

یہ نیم تاریخی ناول ہے جس کا اعتراف خود ناول نگار نے کیا ہے۔اس

میں والٹر اسکاٹ کی مانند تخیل سے کام لیا گیا ہے جس کی وجہ سے ''شام اودھ'' بڑا تاریخی ناول قرار نہیں دیا جا سکتا۔اس سلسلے میں ڈاکٹر اسلم لکھتے ہیں:

''شام اودھ'' بنیادی طور پر ایک رومانی ناول ہے مگر اس میں لکھنؤ کے زوال پذیر جاگیردارانہ تمدن کا خوبصورت مرقع پیش کیا گیا ہے اور نہایت اثر انگیز انداز میں اس تمدنی ماحول کی نقاشی کی گئی ہے۔''[۴]

ناول زوال آمادہ تہذیب و معاشرت کی تصویر بیاں کرتا ہے۔فاروقی نے رومانیت پیدا کر کے اسے مزید دلچسپ بنا دیا ہے۔''شام اودھ'' کی ورق گردانی قاری کو ایسے ماحول سے مانوس کراتی ہے جس سے والٹر اسکاٹ کے ناول Old Mortality کی فضا ذہن میں سما جاتی ہے۔لکھنوی تہذیب کی منظر کشی اور رومانیت کی اثر انگیزی کے علاوہ ناول میں حیدر نواب، انجمن آرا اور نو بہار کی تثلیث بیان کی گئی ہے جس سے ذہن جین آسٹن کی تکمیل محدودیت کی جانب رخ کر جاتا ہے۔

احسن فاروقی کی طرح قرۃ العین حیدر بھی مغربی فنکاروں سے متاثر ہوئیں۔ان کے فن پاروں کا عمیق نظر سے کیا گیا مطالعہ اس نتیجہ پر لے جاتا ہے جہاں ان کے ناول انگریزی ناولوں کے اثرات میں غرق دکھائی پڑتے ہیں۔کافی حد تک ان کی تخلیقات انگریزی زبان و ادب سے استفادہ کرتی نظر آتی ہیں۔خود کلامی ان کی ناول نگاری کی اہم خصوصیت ہے اور شعور کی رو سے خود کلامی کا گہرا تعلق ہے جس کے لیے ناول نگاروں نے چار طریقے اپنائے ہیں جو کچھ اس طرح ہیں: (۱) بلا واسطہ داخلی کلام Direct Interior Monologue (۲) بالواسطہ داخلی کلام Indirect Interior Monologue، (۳) ہمہ بین و ہمہ داں مصنف کا بیان Omniscient Author's Description (۴) خود کلامی Soliloquy

موضوع اور تکنیک کے اعتبار سے ان کے ناول انگریزی کے بعض ناولوں سے مشابہت رکھتے ہیں۔ماورائیت کا رجحان اور داخلی تجربات جیسے عناصر بھی

انگریزی ادب کے مرہون منت ہیں۔اکثر و بیشتر ان کے بارے میں یہ سنا جاتا ہے کہ وہ ورجینا وولف سے متاثر ہیں جس کی انھوں نے تردید بھی کی ہے مگر شعور کی رو کی تکنیک کا ان کے ناولوں میں پایا جانا اس بات کا ثبوت فراہم کرتا ہے کہ قرۃ العین حیدر غیر شعوری طور پر ان سے متاثر ہیں۔

بلاواسطہ داخلی کلام Direct Interior Monologue کو جیمس جوئس نے اپنے ناول ''یولِسس'' Ulysses میں نہایت عمدہ طریقہ سے پیش کیا ہے۔قرۃ العین حیدر کے ناولوں میں بھی یہ تکنیک نمایاں ہے۔درخشندہ ''میرے بھی صنم خانے'' کا بنیادی کردار ہے جو اوشبر کے ذہن ودل پر پوری طرح مسلط ہے۔اوشبر اس کے بارے میں سوچتا ہے کہ وہ بہت حسین وجمیل تھی۔وہ امرتا شیر گل کی مانند سیدھی مانگ نکال کر اپنے لمبے اور سیاہ بالوں کو پیچھے ڈال لیتی تھی۔گلاب کے پھول جھاڑیوں کے بجائے گلدان میں زیادہ رنگین، زیادہ روشن اور جاندار لگتے ہیں۔۔۔وہ ان کرداروں میں سے تھی جو سارناتھ کی دیواروں اور وشوابھارتی کے صنم کدوں کے نقوش میں نظر آتے ہیں۔اسے دیکھ کر لگتا تھا جیسے کہیں آگ لگ گئی ہے اور اس کے شعلوں کی سرخ پرچھائیاں آنکھوں میں گھسی جارہی ہیں۔

''آگ کا دریا'' میں قرۃ العین نے قدیم ہندوستان کی جڑوں تک پہنچ کر تاریخی، سماجی اور تہذیبی فکر وخیالات سے واقفیت حاصل کرنے کی کوشش کی ہے۔گوتم نیلمبر اس ناول کا مرکزی کردار ہے جو فلسفیانہ خیالات کی ترجمانی کرتا ہے اور حیات وکائنات پر غور وفکر میں مبتلا رہتا ہے۔ہری شنکر بھی گہرائی میں ڈوب کر سوچتا ہے۔ان کے مابین گفتگو اس بات کی غماز ہے:

''تم کاہے کی تلاش میں ہو ----؟'' ہری شنکر نے کہا۔''میرے یہاں تو ساری تلاش ختم ہو چکی ہے۔''

''اگر میری درسگاہ میں اعلیٰ اخلاق برتنے کا اپدیش نہ دیا جاتا تو میں یہی کھڑاؤں تمہاری ناک پر لگاتا----!''

ہری شنکر نے قہقہہ لگایا:''اگر مجھے دوستوں کی ضرورت نہ رہی ہوتی تو میں تمہیں اپنا دوست بنالیتا۔''

''تم خود پرست ہو۔''

''اور تم ذہن کے غرور میں مبتلا ہو۔''

''تمہیں ناٹک سے دلچسپی ہے----؟'' گوتم نے موضوع گفتگو بدلا۔

''تھی----''مختصر جواب ملا۔

''اچھا----؟؟ مگر الفاظ کا ناٹک تو تم ہر سے کھیلتے ہو۔'' ہری شنکر خاموش رہا۔اس نے اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیے تھے۔گوتم جوش میں آکر بولتا رہا:''تین سو سال ہوئے تمہارے تکشلا میں ایک شخص گزرا ہے جس کا نام پانِنی تھا۔اس نے الفاظ کے اسرار کی ایک نئی کائنات دریافت کی تھی۔جب تلاش ختم ہو چکی ہے تو الفاظ کا استعمال کیوں کرتے ہو۔الفاظ کو بھی ملتوی رکھو۔''۵

گوتم نیلمبر اور ہری شنکر کے درمیان اس قسم کی طویل فلسفیانہ گفتگو ہوتی ہے اور وہ دیگر کرداروں سے بھی ایسے ہی ڈوب کر بات کرتا ہے۔قرۃ العین حیدر ''میرے بھی صنم خانے'' میں کرداروں کو ورجینیا وولف کی مانند مختلف طریقے سے واقف کراتی ہیں۔ورجینیا وولف ناول میں ایک ایسا انوکھا طریقہ اپنانا چاہتی تھیں جس کے ذریعہ وہ اپنے ذاتی تجربات کو احسن طریقے سے پیش کر سکیں اور اسی انداز کو قرۃ العین حیدر نے بھی اپنے نالوں میں برتا ہے۔

ورجینیا وولف کا ناول ''اورلینڈو''"Orlando"ایک علامتی ناول ہے جس میں ایک انگریز کردار کو علامت کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔انھوں نے اس حقیقت سے روبرو کرانے کی کوشش کی ہے کہ انگریز کردار سولہویں صدی سے عصر حاضر تک کن مراحل سے ہو کر گزرا ہے۔انگریز کردار کی علامت اورلینڈو اس دوران تمام عرصہ حیات رہا جسے ورجینیا ولف نے مختلف شکلوں میں پیش کیا ہے۔ ابتدا میں اورلینڈو ایک جنگ جو اور بہادر نواب زادہ ہوتا ہے اور انیسویں صدی

میں یہ کردارعورت کا روپ اختیار کرلیتا ہے۔مصنفہ یہ بتانا چاہتی ہیں کہ سولہویں صدی میں انگریز عروج کی سطح پر تھے۔وہ بہادر، دلیراور باہمت لوگ تھے جنھوں نے دنیا بھر کو اپنی حکمرانی میں لے لیا تھا۔اورلینڈو کے بارے میں وہ لکھتی ہیں:

"He was careful to avoid meeting anyone. There was stubbs, the gardener, coming along the path. He hid behind a tree till he had passed. He let himself out at a little gate in the garden wall. He skirted all stables, kennels, breweries,carpenters' shops,wash houses, places where they make tallow candles, kill oxen...."

ترجمہ:''وہ محتاط قسم کا آدمی تھا جولوگوں کے ملنے سے گریز کرتا تھا۔راستے میں پیڑ تھے جہاں سے باغباں گزرتا تھا۔جب تک باغباں نہ چلا جاتا تھا تب تک وہ خودکو پیڑ کی آڑ میں چھپائے رہتا۔وہ باغ کی دیوار میں لگے چھوٹے سے دروازے میں سے نکل آتا ہے اور اصطبلوں، کتا گھروں ، شراب کی فیکٹریوں، بڑھئی کی دکانوں، چونے کی دوکانوں، ان جگہوں سے جہاں موم بتیاں تیار ہوتی ہیں، بیلوں کو مارا جاتا ہے، کے کنارے کنارے چلا آتا ہے۔''٦

قرۃ العین حیدر کا ناول ''آگ کا دریا'' ''اورلینڈو'' سے متاثر ہوکر لکھا گیا ہے۔اس ناول کے کردار، گوتم ،کمال اور چمپا ''اورلینڈو'' کی مانند حقیقت پسند ہیں۔ دونوں ہی ناول زمانہ کی تبدیلی کو پیش کرتے نظر آتے ہیں۔اورلینڈو کی طرح گوتم بھی الگ الگ شکل وصورت اختیار کرتا ہے۔

قرۃ العین حیدر، ورجینیا وولف سے بھی متاثر ہیں۔ورجینیا وولف شعور یا

لاشعور کے تحت اپنے ناول میں جو پیش کرتی ہیں اس کا خاکہ وہ پہلے ہی طے کر لیتی ہیں اور پھر مخصوص کردار کے شعور کی رو میں واقعات کی جزئیات کو سامنے لاتی ہیں۔قرۃ العین حیدر بھی ''آگ کا دیار'' میں یہی روش اپناتی ہیں۔البتہ تخیل کی سطح پر قرۃ العین حیدر ورجینیا وولف سے بلند درجہ پر فائز ہیں۔قرۃ العین حیدر اور ورجینیا وولف کے ناولوں میں مختلف مواقع پر پیش آنے والے احساسات اور کرداروں کی حسیات کے اعتبار سے بھی مشابہت پائی جاتی ہے۔دونوں زبانوں کی ناول نگار ہر موضوع کی گہرائی میں اتر کر ایسے مضمرات پیش کرتی ہیں جو محسوسات کے روپ میں ظاہر ہوتے ہیں۔

انگریزی کی معتبر ناول نگار جارج ایلیٹ اور قرۃ العین حیدر کو بھی تقابل کی نظر سے دیکھا جا سکتا ہے۔دونوں ناول نگاروں کے درمیان یہ پہلو مشترک ہے کہ جارج ایلیٹ نے اپنے عہد میں انگریزی ناول نگاری کو جو سمت و رفتار عطا کی وہی کوشش قرۃ العین حیدر نے اردو ادب کے لیے کامیابی کے ساتھ انجام دی ہے۔ ایلیٹ کی عمدہ تصانیف انگریزی ادب کے فروغ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہیں۔دوسری طرف قرۃ العین حیدر اردو ادب کا درخشندہ ستارہ ہے جس نے ''آگ کا دریا''، ''میرے بھی صنم خانے'' اور ''کار جہاں دراز ہے'' وغیرہ جیسے مایہ ناز ناول لکھ کر اردو ادب کے سرمایہ میں نہ صرف اضافہ کیا بلکہ اردو ناول نگاری کو نئی جہت سے بھی روشناس کرایا۔

''اداس نسلیں'' کا کینوس پہلی جنگ عظیم سے تقسیم ہند تک کے واقعات تک پھیلا ہوا ہے۔اس پر متعدد مغربی فنکاروں کے فکری رجحانات کا اثر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ عبداللہ حسین نے اسے لکھتے وقت ایچ جی ویلز اور ارنیسٹ ہیمنگ وے کے ناولوں کو سامنے رکھا ہوگا۔جنگ عظیم کا موضوع ویلز کے کئی ناولوں میں برتا گیا ہے اور وہی معرکہ آرائیاں ''اداس نسلیں'' کا جز بنیں۔اس تعلق سے یہ اقتباس قابل غور ہے:

''انگریزی ادب سے اثرات قبول کرنے والا ناول نگار اگر اپنی تخلیق میں جنگ عظیم کو موضوع بنانا چاہتا ہے تو اس کی نگاہ ویلز کے ۔۔ناولوں پر ضرور پڑے گی۔''ے

''اداس نسلیں''میں حقیقت نگاری کو بطور احسن پیش کیا گیا ہے اور لمحہ بہ لمحہ بدلتی زندگی اور شہری و دیہی کرداروں کی عکاسی کرتے ہوئے تاریخ کے مختلف زمانوں کو یک بہ یک دکھایا گیا ہے۔ناول کے وہ مختلف زمانے دراصل تین ادوار یعنی سامراجی دور، آزادیٔ ہند کا عہد اور تقسیم کے فوراً بعد کا عہد ہیں۔''اداس نسلیں'' پنجاب سے وابستہ کسانوں کے حالات، جاگیرداروں کے ظلم واستحصال، مزدوروں اور محنت کش طبقے کی محرومیوں سے گزرتے ہوئے وسیع کینوس تک پھیل جاتا ہے۔کہانی کا مرکزی کردار نعیم نفسیاتی وذہنی کیفیات سے مسلسل گزرتا رہتا ہے۔ ماضی کی گم شدہ یادیں اس کے بڑھتے ہوئے قدم روک لیتی ہیں۔عبداللہ حسین کو بیانیہ پر مکمل دسترس حاصل ہے جو کہ کسی بھی ماحول یا فضا پر قابو پا لیتے ہیں۔بیانیہ پر کامل دستگاہ کے سبب وہ تضاد کو بھی نمایاں کرتے چلے جاتے ہیں اور تطہیر جذبات کا رول بھی ادا کرتے ہیں۔ان کی نثر میں بلا کی تیزی ہے ۔عبداللہ حسین کا یہی وصف انھیں صورت حال کی بھرپور عکاسی پر مجبور کر دیتا ہے یہی وجہ ہے کہ وہ داخلی زندگی اور دلکش مناظر کی پیش کش کے تحت قاری کو اپنی گرفت میں لے لیتے ہیں۔جنس کا تفصیلی اور بے باکانہ تذکرہ ڈی ایچ لارنس کے نظریہ کا اثر معلوم ہوتا ہے۔لارنس کا ماننا ہے کہ کھلے طور پر جذبات کے اظہار میں کوئی برائی نہیں ہے۔

گاؤں اور دیہات کا تذکرہ جس انداز سے کیا گیا ہے وہ ٹامس ہارڈی کی یاد دلاتا ہے جن کے زیادہ تر ناول دیہی زندگی پر محیط ہیں۔عبداللہ حسین ''اداس نسلیں''میں شہر اور دیہات کی زندگی سے روشناس کراتے ہیں۔انھوں نے گاؤں کے باشندوں کے ایک دوسرے کے روابط، انداز گفتگو، کسانوں کے معاملات ومسائل اور دیگر مشاغل کو عمدہ طریقے سے پیش کیا ہے۔یوں ناول نگار نے گاؤں

کے ہر پہلو کو سامنے لانے کی کوشش کی ہے۔گاؤں کے ماحول اور تہذیب ومعاشرت کے اعتبار سے گاؤں کے کرداروں کی زبان وہی استعمال کی گئی ہے جو گاؤں میں بولی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ روزمرہ استعمال ہونے والی گالیاں بھی ناول کا حصہ بن گئی ہیں۔

خدیجہ مستور کے ناول ''آنگن''میں جین آسٹن کا گھریلو ماحول اس بات کا شاہد ہے کہ وہ ان کے فکروخیالات کی دلدادہ ہیں یہی وجہ ہے گھریلو ماحول کی عکاسی میں خدیجہ مستور نے فنی بصیرت کا ثبوت پیش کیا ہے۔ان کے ناول پر جین آسٹن کے اثرات واضح نظر آتے ہیں جس کی نمایاں مثال گھریلو معاملات ومسائل ہیں۔آسٹن کے ناولوں کا باریک بینی سے مطالعہ کرنے کے بعد یہ بات کھل سامنے آتی ہے کہ ''آنگن'' پر آسٹن کی گھریلو کیفیات اور دلنشیں فضائیں حجومتی دکھائی دیتی ہیں۔جین آسٹن کا وصف خاص یہ ہے کہ انھوں نے گھر کے اندر ہی مکمل معاشرہ کو داخل کردیا ہے جو ایک طرح سے سماج کا آئینہ کہا جاسکتا ہے۔ناول میں گھر نہ صرف گھر ہے بلکہ پورے معاشرے کی تصویر کشی کرنے والا آئینہ بن گیا ہے۔ ''آنگن''میں بھی باہر کی سیاسی سرگرمیاں اور مسلم لیگی وکانگریسی گروہ دکھائی دیتے ہیں۔

خدیجہ مستور نے اس ناول کو فلیش بیک تکنیک میں لکھا ہے۔اس کی ابتدا فلیش بیک میں بحسن وخوبی انجام پاتی ہے۔کرداروں کا نفسیاتی نقطہ نظر سے مشاہدہ وتجزیہ آسٹن اور خدیجہ مستور دونوں کے یہاں پایا جاتا ہے۔مذکورہ ناول نگاروں کے یہاں ایک یہ پہلو بھی مشترک ہے کہ ڈرامائی مکالمے آسٹن کے یہاں بھی ہیں اور خدیجہ مستور کے ناول میں بھی جگہ جگہ بکھرے ہیں۔انگریزی ناول نگاری میں جین آسٹن کا کمال یہ ہے کہ انھوں نے محدودیت میں غیر معمولی وسعت پیدا کرکے جداگانہ اور منفرد اسلوب اختیار کیا ہے جسے اردو میں خدیجہ مستور نے بھی اپنایا۔

اردو اور انگریزی کے چند ناولوں پر محیط اس مختصر جائزہ سے یہ حقیقت

آشکار ہو جاتی ہے کہ اردو ناولوں میں انگریزی ناول کے اثرات، تقلید، مشابہت، ہو بہو نقل اور استفادہ کی مختلف صورتیں اور متعدد پہلو موجود ہیں۔ کہیں موضوعات اور تکنیک یکساں ہیں، کہیں فکر و فن میں مشابہت پائی جاتی ہے اور کہیں ناول کی فضائیں ایک جیسی ہیں۔

حواشی:

۱۔اردو ناول پر انگریزی ناول کے اثرات، ڈاکٹر ایم عظیم اللہ، تخلیق کار پبلشرز، دہلی، ص:۲۱۳

۲۔ایضاً، ص:۲۲۲

۳۔شام اودھ: محمد احسن فاروقی، ص:۱۴۔۱۳

۴۔اردو ناول آزادی کے بعد: ڈاکٹر اسلم آزاد، نکھار پریس، مئو، ۱۹۸۱ء، ص:۱۶۹

۵۔آگ کا دریا، قرۃ العین حیدر، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی، ۲۰۲۱، ص:۲۳

۶۔اورلینڈو، ورجینیا وولف، ای بک، ۲۰۰۶، ص:۱۴

۷۔اردو ناول پر انگریزی ناول کے اثرات، ڈاکٹر ایم عظیم اللہ، تخلیق کار پبلشرز، دہلی، ص:۲۸۹

****

افسانہ ''پورا جوان'' پنجابی ثقافت اور رومانیت کے تناظر میں

کلیدی الفاظ: معاشرے#خوشگواری#مشاہدہ#رہٹ#الہڑ#دوشیزہ

ڈاکٹر محمد طالب

سابق ریسرچ اسکالر، دہلی یونیورسٹی، دہلی

ملخص: بلونت سنگھ نے پنجاب کے موضوعات ومسائل کو اپنے افسانوں میں خاص اہمیت دی ہے اس لیے کہ انہوں نے پنجابی معاشرے کا مشاہدہ بہت نزدیکی سے کیا تھا اور جس گہرائی سے محسوس کیا وہاں تک عام افسانہ نگار کی رسائی نہیں ہوسکتی۔ وہ حساس طبیعت کے مالک تھے۔ انہوں نے سماج میں پائی جانے والی نیکی، بدی، خوبصورتی اور بدصورتی، خوشگواری اور ناخوشگواری جیسے پہلوؤں کو محسوس ہی نہیں کیا بلکہ اپنے افسانوں میں پیش کیا ہے۔

.....

بلونت سنگھ کا تعلق پنجاب سے تھا اسی لیے انہوں نے پنجاب کو زیادہ بہتر طریقے سے سمجھا اور جانا۔ ان کی کہانیوں میں پنجاب کے دیہات کی بہترین عکاسی ملتی ہے۔ پنجاب سے متعلق ایک اہم نام احمد ندیم قاسمی کا بھی ہے۔ بلونت سنگھ اور احمد ندیم کی پنجاب کی کہانیوں میں بنیادی فرق رومانیت اور حقیقت نگاری کا ہے۔ جہاں ایک طرف بلونت سنگھ کی کہانیاں دیہات اور اس میں رہ رہے ہر طبقہ کی زندگی کا احاطہ کرتی ہیں تو وہیں احمد ندیم قاسمی کی کہانیاں پنجابی دوشیزاؤں کی ملائمیت اور خوبصورت وحسین چہرے سے بھری پڑی ہیں۔ ان کے افسانوں میں کھیتوں، میدانوں، راہٹوں، جوانوں، الہڑ دوشیزاؤں کا ذکر ملتا ہے۔ حالانکہ بلونت سنگھ پنجاب کی رومانی فضا کو اپنی کہانیوں پر حاوی نہیں ہونے دیتے۔ ان کے یہاں حسن کا بیان تو ملتا ہے لیکن رومانیت نہیں پائی جاتی۔ انہوں نے پنجاب اور وہاں دیہاتیوں کے ہر طبقہ کی زندگی کو اجاگر کیا ہے۔ اس موضوع کے علاوہ بھی انہوں نے

کہانیاں لکھی ہیں مگر وہ پنجاب کے دیہات کے حوالے سے زیادہ یاد کیے جاتے ہیں۔ ناقدین ادب ان کو صرف پنجاب کے دیہات کا ترجمان قرار دیتے ہیں مگر سچ یہ ہے کہ وہ دیہات کے ہی نہیں بلکہ پورے پنجاب کے فسانہ خواں ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ ان کی فضاؤں اور کرداروں کا تعلق پنجاب سے ہے۔

افسانہ 'پورا جوان' بلونت سنگھ کا نمائندہ افسانہ ہے جو رسالہ 'شاہکار' میں پہلی بار شائع ہوا۔ یہ ایک ایسے نوجوان کی کہانی ہے جو بڑھاپے کی دہلیز پر کھڑا ہے جسے انھوں نے سکھ قوم کے معاشرتی مزاج اور ان کے جمالیاتی معیار کا ترجمان بنایا ہے ۔وہ برہمی، قوت، انانیت اور حقیقت پسندی جیسے رویوّں سے تشکیل پاتا ہے اور اس جمالیاتی حسن کی تربیت کرتا ہے جس میں نظر ڈھونڈھنے کا سلیقہ رکھتی ہے لیکن بلونت سنگھ اسے سیدھے سادے کرداروں کے توسط سے معنویت عطا کرتے ہیں۔ افسانے کا عنوان 'پورا جوان' قاری کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے اور وہ ذہنی طور پر ایسے غیر معمولی کردار کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہوتا ہے جو جسم سے ہی جوان نہیں لگتا بلکہ اپنی فکر اور رویہ سے بھی غیر معمولی قوت کا مظاہرہ کرتا ہے۔ یہ ایک ایسی شخصیت کے ساتھ ابھرتا ہے جسے بلونت سنگھ اپنی زبان میں 'پورا جوان' کہتے ہیں۔ ان کے کردار جتنے باہر سے قدآور ہوتے ہیں اتنے ہی اندر سے بھی ہوتے ہیں اور اس طرح افسانے کا عنوان ایک مخصوص معیار اور مزاج کی ترجمانی کرتا ہے۔ افسانے کے ایک سرے پر مہندری کا حسن ہے جس کا بیان افسانہ نگار نہایت شاعرانہ انداز میں یوں کرتا ہے:

''آنکھوں میں کاجل کی گھٹا، لب لعل
درخشاں، گال گلابستان، سرتاپا موسم
بہار کی آمد آمد یہ تھی مہندری۔ وہ بھی بچپن
کو الوادع کہتی دکھائی دیتی اور کبھی اسی
بچپن کو گلے لگاتی نظر آتی تھی۔ کبھی وادی
شباب میں محو خرام اور کبھی طوفان شباب

سے بدکتی ہوئی سی لگتی تھی۔غرض یہ کہ وہ
بچپن اور جوانی کی حدّ فاصل پر کسی بھٹکتی
ہوئی ہرنی کی طرح وحشت زدہ سی رہتی
تھی۔''[۱]

کہانی کے دوسرے سرے پر سوہنا کا معصوم اور منہ زور جذبہ عشق ہے۔ سوہنا اور مہندری ایک دوسرے کو پسند کرتے تھے۔سوہنے کو مہندری سے عشق تھا۔ مہندری کو سوہنے سے محبت لیکن سوہنا اپنی من موہنی کو نہیں پا سکتا تھا اور مہندری اپنے من موہن کو حاصل نہیں کر سکتی تھی کیوں کہ ان کے راستہ کی رکاوٹ تھا کا بلاسنگھ مگر یہ سوہنا کی خام خیالی تھی، اصلیت تو یہ تھی کہ سوہنا اور مہندری کو منزل مقصود تک پہنچانے والا بھی وہی تھا۔سوہنا ایک دن گھوڑے پر سوار ہو کر کا بلاسنگھ کے گھر جاتا ہے، وہاں وہ نہیں ملا۔قریب ہی وہ گھوڑے سے اترتا ہوا دکھائی دیا، سوہنا اس کا انتظار کر رہا تھا لیکن کا بلاسنگھ نے اس کی طرف توجہ نہیں دی۔اس منظر کو بلونت سنگھ نے اس طرح پیش کیا ہے:

''اس کی عمر چالیس برس کے لگ بھگ
ہوگئی۔سینا چھاج کی طرح پھولا ہوا تھا۔
کمر کا حلقہ اب بھی مناسب حد سے آگے
نہیں بڑھا تھا، ٹانگے لمبی اور سڈول
تھیں، چہرے کا رنگ ایسا تھا جیسے لق
ودق صحرا میں سورج ڈوبنے کے بعد
تاریکی پھیل رہی ہو۔صرف آنکھیں
غیر معمولی طور پر چمکیلی تھیں مجموعی طور پر وہ
ناگ راج کی طرح حسین اور پرکشش
تھا۔''[۲]

کابلاسنگھ کے مزاج میں وہ ٹھہراؤ اور متانت ہے جو زندگی کے سرد وگرم گزرنے کے بعد نصیب ہوتی ہے۔ پہلی بیوی مر چکی ہے، تین بچے ہیں جن کی دیکھ بھال کے لیے کابلاسنگھ عورت کی ضرورت ہے، وہ دوسری شادی کرنا چاہتا ہے۔ اسی لیے مہندری کے باپ سے شادی کے لیے کہتا ہے تو وہ اس کے دبدبے کی وجہ سے انکار نہیں کرتا لیکن جب اس کی خبر نوجوان سوہنا کو ہوتی ہے تو وہ آپے سے باہر ہو جاتا ہے اور فوراً کابلاسنگھ کے گاؤں کے لیے روانہ ہو جاتا ہے۔ اس کے گھر پہنچ کر کابلاسنگھ کو دھمکیاں دیتا ہے اور اپنی جواں مردی کا مظاہرہ بھی کرتا ہے۔ کابلاسنگھ کے یہ پوچھنے پر کہ کہو کیا بات ہے کیسے آئے ہو۔ وہ کہتا ہے کہ:

''میں آیا تو تھا تمہارا کھوپڑا پھوڑنے کے لیے۔۔۔۔۔''

کابلاسنگھ نے اس کی طرف پیٹھ پھیر دی اور پھر رک کر بولا ''تو''؟

سوہنا گھوڑے سے اتر پڑا اور تیز لہجہ میں کہنے لگا۔ ''لیکن مجھے چار پانچ سال تک انتظار کرنا پڑے گا۔ اس وقت تمہار اکھوپڑا پھوڑنا میرے بس کی بات نہیں۔''

''چار پانچ سال کے بعد کیا ہوگا؟ یہ کہتے ہوئے بھی کابلاسنگھ نے اس کی طرف ایک نظر ڈالنے کی ضرورت تک محسوس نہیں کی۔

اس کی یہ بے اعتنائی سے سوہنے کا چہرہ اور بھی ٹمٹما اٹھا۔ اس نے کہا ''اس وقت

تک میں پورا جوان ہو جاؤں گا۔''

''یعنی بالغ ہو جاؤ گے۔''[۳]

سوہنا زندگی کے اس موڑ پر ہے جہاں انسانی مزاج میں آگ کی سی کیفیت ہوتی ہے اور اس میں رکنے اور سوچنے کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی۔ چنانچہ سوہنا، کابلا سنگھ کی بات پر غور کیے بغیر گھوڑے سے اتر کر سامنے کھڑ ہوتا ہے اور جھلاّئے ہوا انداز میں کابلا سنگھ سے کہتا ہے کہ میں نے سن رکھا تھا کہ تم نے کسی زمانے میں علاقے بھر میں تہلکہ مچا رکھا تھا۔ جس کی اب بھی دھاک ہے لیکن کیسی عجیب بات ہے کہ تم اپنی دھاک سے اس قدر ناجائز فائدہ اٹھانا چاہتے ہو۔ سوہنے کی بات سن کر کابلا سنگھ جواب دیتا ہے:

''چار پانچ سال بعد جب تم پورے
جوان ہو جاؤ گے تو مجھے امید ہے اس
وقت تمہاری عقل اس قدر کچی نہیں رہے
گی۔''

سوہنا نے تلخی کے ساتھ کہا:

''اب تم انتظا کرو میں بھی انتظار کروں
گا۔ تین چار پانچ برس کے بعد میں ایک
روز ضرور آؤں گا۔۔۔۔۔۔۔ اور تمہارا
سر کاٹ کر لے جاؤں گا۔''[۴]

اس گفتگو کے بعد سوہنا جس تیزی سے آیا تھا اسی برق رفتاری سے واپس لوٹ جاتا ہے۔ لیکن ابھی تک کابلا سنگھ خاموش تھا۔ قاری کے لیے یہ سوالیہ نشان قائم رہتا ہے کہ وہ بھاری بھرکم قدآور شخص، بے پناہ قوت کا مالک ہوتے ہوئے بھی سوہنا کی دھمکی کو بڑی آسانی سے برداشت کیسے کر لیتا ہے۔ وہ کسی قسم کی کوئی جوابی کارروائی بھی نہیں کرتا اور اس کی دور اندیشی سے بے خبر ہوتا ہے۔ وہ حالات کا جائزہ

لیے بغیرطوفان کی طرح کابلاسنگھ کوفنا کر دینا چاہتاہے اوراپنی طاقت کے بل پرمہندری کوحاصل کرنے کا آرزومندہے۔کابلاسنگھ کی شخصیت میں پرسکون سمندرکاوقارہے۔اس کی خاموشی معنیٰ خیزہوتی ہے جبکہ اس کے مقابلے میں سوہنا کی حیثیت اس وقت چھوٹی سی ندی کی طرح ہوتی ہے جس کا دائرہ محدود ہوتا ہے۔سوہنا کی دھمکیوں کے جواب میں کچھ نہ کہہ کربھی وہ سب کچھ کہہ دیتاہے۔افسانہ ختم ہوتے ہی سوہنااپنے گاؤں پہنچ جاتاہے۔مہندی سوہنا سے کہتی ہے:

''تم گاؤں سے نکل کرگئے تھوڑی
دیرکے بعدکابلاسنگھ یہاں آپہنچا۔ وہ
شادی کی بات پکی کرنے آیاتھا۔۔۔تم
گاؤں میں نہیں تھے اوروہ بات پکی
کرنے آپہنچاتھا۔پھربھی میں نے ہمت
سے کام لےکرالگ سے کابلاسنگھ کوسب
کچھ بتادیا۔تمہارے بارے میں بھی
سمجھادیا۔اسے اس بات کااحساس
کرادیاکہ ہم دونوں ایک دوسرے سے
کتنی ۔۔۔۔کہ ہم ایک دوسرے
کوکتناچاہتے ہیں۔۔۔میں نے اس
کے سامنے ہاتھ جوڑدئے کہ
تمہیں تواوربھی لڑکیاں مل جائیں گی
لیکن مہندری کوسوہنااورسوہنے کومہندری
نہ مل سکے گی۔۔۔''

مہندری بچکانہ چاؤ سے بولی''سوہنے!وہ

جتنا باہر سیقد آور ہے اتنا ہی قد آور بھیتر
سے بھی نکلا۔ میری بات سن کر وہ کچھ
دیر تک سوچتا رہا۔ پھر بولا اسے ان سب
باتوں کا پتہ نہیں تھا۔''۵؎

کابلا تھوڑی دیر بعد خاموشی سے اپنے گھوڑے کی طرف بڑھا۔ مہندری کا باپ اسے رخصت کرنے کے لیے ساتھ آیا۔ دونوں اپنی اپنی جگہ خاموش تھے۔ اچانک کابلا سنگھ نے کہتا ہے:

''سردار جی! میں نے مہندری اور سوہنے
کی شادی پکی کر دی ہے۔ اب آپ بیاہ
کا انتظام کر ڈالیں تو بہتر رہے گا۔''۶؎

مہندری بہت خوش تھی وہ اپنی دھن میں مست باتیں کرتی جا رہی تھی اسے سوہنا کے دل کی کیفیت کا بالکل اندازہ نہیں تھا۔ آخر وہ سوہنے سے پوچھ ہی لیتی ہے تم اس سے ملے تھے کیا؟ اس نے کچھ نہ کچھ ضرور بتایا ہوگا۔ سوہنا نہایت بوجھل آواز میں جواب دیتا ہے کہ میں نے اسے کچھ کہنے کا موقع ہی نہیں دیا۔ آج سوہنا اپنے ہی لفظوں کے بوجھ میں دبا جا رہا تھا۔ حالات کی اس کروٹ کے لیے وہ قطعی طور پر تیار نہ تھا۔ وہ تو کابلا سنگھ کو ختم کرنا چاہتا تھا لیکن کابلا سنگھ کے ایک ہی اخلاقی وار نے اس کا سر جھکا دیا۔ غیر ارادی طور پر سوہنا ایک بار پھر کابلا سنگھ کے گاؤں پہنچا۔ سامنے کابلا سنگھ کھڑا تھا۔ اس نے سوہنے کی طرف کوئی توجہ نہیں دی اور بھاری بھرکم آواز میں بولا:

''سوہنے، معلوم ہوتا ہے تم ایک ہی رات
میں پورے جوان ہو گئے۔ مجھے چار پانچ
سال تک انتظار نہیں کرنا پڑا۔''۷؎

سوہنے کی زندگی کی انوکھی تصویر، جوانی کا نیا رنگ چہرے پر دکھائی دے رہا تھا جسے دیکھ کر سوہنے کی آنکھوں میں آنسو نکل آئے۔ نفرت اور انتقام کے نہیں بلکہ

محبت اوراحترام کے۔اس نے بھرائی ہوئی آواز میں جواب دیاہاں کابلاسنگھ! میں ایک ہی رات میں پوراجوان ہوگیاہوں،اس جملے پرافسانہ ختم ہوجاتا ہے۔ جہاں قاری ایک طرف کابلاسنگھ سے متاثر ہوتا ہےتو دوسری طرف سوہنے کی جذباتیت اور معصومیت بھی فطری معلوم ہوتی ہے۔بلونت سنگھ کوعام انسان کی زندگی کے چھوٹے چھوٹے واقعات کوخوبصورت انداز میں بیان کرنے کاہنر بخوبی آتا ہے۔

حواشی

ا۔بلونت سنگھ،افسانہ پوراجوان،مشمولہ،کلیات بلونت سنگھ،جلددوم،۲۰۰۹،قومی کونسل برائے فروغ اردوزبان،نئی دہلی،۲۰۰۹،ص:۱۱۹

۲۔ایضاً،ص:۲۱۔۱۲۰

۳۔ایضاً،ص:۱۲۱

۴۔ایضاً،ص:۱۲۲

۵۔ایضاً،ص:۱۲۳

۶۔ایضاً،ص:۱۲۴

۷۔ایضاً،ص:۱۲۴

****

مصورِ حسن فراقؔ گورکھپوری کی غزل گوئی

کلیدی الفاظ: رباعیات#حسن وعشق#غزل گوئی#مصور حسن

ڈاکٹر محمد اقبال، آئی۔ جرمن
(اسسٹنٹ پروفیسر) صدر شعبہ اردو،
بی۔ شنکرانند آرٹس اینڈ کامرس ڈگری کالج،
کڈچی، تعلقہ رائے باغ ضلع بیلاگاوی

ملخّص: رگھوپتی سہائے فراقؔ گورکھپوری نے نظمیں بھی کہی ہیں، وہ رباعیات کے بھی منفرد شاعر تھے لیکن وہ بنیادی طور پر غزل کے شاعر تھے۔ غزل میں حسن وعشق ابتداء ہی سے نہایت اہم موضوع رہا اور آج بھی ہے۔ فراقؔ گورکھپوری نے حسن کی جتنی تعریف کی اور جس طرح سے کی اس کی مثال بڑی مشکل سے ملے گی۔ اس مختصر مضمون میں بحیثیت مصور حسن فراقؔ گورکھپوری کی غزل گوئی پر بات کی گئی ہے۔

.....

تعارف (Introduction)

۶۹۸۱ء میں ۸۲؟ اگست کو رگھوپتی سہائے فراقؔ گورکھپور میں پیدا ہوئے اور ۲۸۹۱ء میں ۳؟ مارچ کو دہلی میں ان کا انتقال ہوگیا۔ ۶۸؟ برس کے قریب عمر پانے والے فراقؔ نے ایک لمبے عرصے تک اردو شعر وادب کے گیسو سنوارے۔ فراقؔ نظم ونثر دونوں میں مہارت رکھتے تھے۔ فراقؔ حسن وعشق کے مصور تھے۔ ۰۶۹۱ء میں فراقؔ گورکھپوری کو ساہتیہ اکادمی ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ۸۶۹۱ء میں انھیں پدم بھوشن ایوارڈ حاصل ہوا اور ۹۶۹۱ء میں فراقؔ کو ادب کا سب سے بڑا گیان پیٹھ ایوارڈ دیا گیا۔ فراقؔ گورکھپوری نہایت ذہین انسان تھے۔ وہ انڈین سول سروس کے لئے چنے گئے تھے مگر انھوں نے تحریک عدم تعاون سے متاثر ہوکر نوکری چھوڑ دی اور جیل

جانے کو ترجیح دی۔ وطن سے محبت کی اس سے بڑھ کر اور کیا مثال ہو سکتی ہے۔

فراقؔ گورکھپوری نے سزا کی مدت ختم ہونے کے بعد درس و تدریس کا پیشہ اختیار کیا۔ وہ جامعہ الٰہ آباد میں انگریزی کے لیکچرر ہوئے، یہیں سے انھوں نے شعر و ادب کی دنیا میں قدم رکھا اور دیکھتے ہی دیکھتے ادب کے آسمان کا چمکتا ہوا ستارہ بن گئے۔ فراقؔ اردو کے ساتھ ساتھ ہندی اور انگریزی زبان میں بھی مہارت رکھتے تھے۔ صنفِ نازک کی خوبصورتی کو اپنے شعروں کے ذریعے فراقؔ گورکھپوری نے جس طرح بیان کیا ہے وہ نہایت دلکش ہے۔

☆ فراقؔ گورکھپوری کی غزل گوئی:

غزل کے نشاۃ ثانیہ اور اس کی رگوں میں نئے فکر و خیال کا خون دوڑانے والوں میں فراقؔ گورکھپوری کا نام پہلی صف کے مجاہدوں میں ملتا ہے۔ فراقؔ نے غزل کو ہندوستانیت کا جسم عطا کیا اور فارسی روح کے ساتھ ایک نئی طاقت بخشی۔ انھوں نے اردو غزل کو پھر سے جوان کر دیا۔ ڈاکٹر یوسف صابرؔ نے فراقؔ کی غزل گوئی کے متعلق ایک جگہ تحریر کیا ہے:

''فراقؔ کے یہاں جنس شجر ممنوعہ نہیں ہے۔ لیکن وہ اِس میں پاکیزگی اور سچائی چاہتے ہیں۔ وہ عشق کو روحانی تسکین کے ساتھ جسمانی تسکین کا بھی ذریعہ سمجھتے تھے۔ اپنے جذبات کو فراقؔ نے ہمیشہ سچائی اور تہذیب و شائستگی کے ساتھ پیش کیا۔ فراقؔ کی غزلوں میں جہاں حُسن و جمال، کیف و نشاط، دلوں کی تیز دھڑکنیں، خوبصورت چہرے و بدن، جنسی لذتیں موجود ہیں وہیں محبوبِ غم کی ہلکی چاندنی، نغمگی موسیقیت، سرشاری، دلکشی، پاکیزگی، شائستگی، ناکامی، محرومی، درمندی، سوز و گداز، نشریت، تفکر اور فلسفیانہ بصیرت بھی موجود ہے۔''

(جدید شاعری کے ارتقاء میں غیر مسلم شعراء کا حصہ۔ ڈاکٹر یوسف صابرؔ۔ ۲۰۱۶ء ص ۳۴۱)

فراقؔ کی غزلوں کا بنیادی موضوع حسن و عشق ہی رہا لیکن ان کی غزلوں

میں جسم و جمال، حسن کمال اور جوش و خروش کی بڑی دلکش و جاندار تصویریں ملتی ہیں۔

فراقؔ گورکھپوری کی غزلوں میں ماضی کی صحتمند روایتیں بڑے دلکش انداز میں ملتی ہیں۔ انھوں نے اردو کی عشقیہ شاعری کو آفاقی گونج عطا کی۔ مغربی ادب کا فراقؔ نے گہرا مطالعہ کیا تھا جس کا اردو زبان و ادب کو بڑا فائدہ ہوا۔ پروفیسر اعجاز حسین نے فراقؔ کی غزل گوئی کے رنگ پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے ایک جگہ تحریر کیا ہے:

''فراق کی ابتدائی غزلوں میں امیر مینائی کا رنگ جھلکتا ہے۔ لیکن اِس سے ذرا بعد عزیز وصفی کا رنگ نظر آتا ہے۔ کچھ عرصہ کے بعد میرؔ کے کلام کا فراقؔ پر اثر پڑا اور وہ اُن کی تخلیق و اقتداء کرنے لگے۔ مگر اب موجودہ حالت میں اِن کا خود ایک رنگ ہو گیا ہے۔''

(مختصر تاریخ اردو ادب۔ پروفیسر ڈاکٹر سید اعجاز حسین۔ ۱۹۴۳ء ص ۲۱۰)

ہندوستانی جسم، فارسی روح، مغربی لباس و زیبائش اور فراقؔ کے فلسفوں نے اردو غزل کو ایک نیا رنگ و روپ دیا۔ فراقؔ گورکھپوری نے اپنی غزلوں کو کبھی بھی رنگِ تغزل سے محروم نہیں ہونے دیا۔ فراقؔ کو ہندو فلسفہ ؟ حیات سے گہری عقیدت تھی۔ اردو، ہندی، فارسی اور انگریزی ادب سے وابستگی نے فراقؔ گورکھپوری کی غزل گوئی میں ایک نامانوس لہجہ پیدا کیا جو مختلف تھا اور نا قابل قبول بھی مگر فراقؔ گورکھپوری نے اپنی محنت اور لگن سے اُس لہجے کو نہ صرف قابل قبول بلکہ مقبول بنا دیا۔

سنبل نگار نے فراقؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات کی نشاندہی کرتے ہوئے ایک جگہ تحریر کیا ہے:

''فراقؔ کی نکتہ رس طبیعت ان کے ذہن کی براقی، ان کا وسیع تجربہ، مطالعہ اور مشاہدہ وہ خصوصیات ہیں جنھوں نے فراقؔ کی غزل کو زرین اور بیش قیمت شعری تجربات سے مالا مال کر دیا۔''

(اردو شاعری کا تنقیدی مطالعہ۔از: سنبل نگار۔ص ۳۹)

فراقؔ گورکھپوری مصورِ حسن و جمال تھے۔ان کے اشعار میں مبالغہ آرائی کی جگہ حقیقت کے رنگ ملتے ہیں۔حسن کی اس طرح سے تعریف اور اتنی سچی تعریف فراقؔ سے پہلے اردو شاعری میں نظر نہیں آتی۔

شبِ وصال کے بعد آئینہ تو دیکھ اے دوست
تیرے جمال کی دوشیزگی نکھر آئی

☆

حسن پرستی پاک محبت بن جاتی ہے
وصل کی جسمانی لذت سے روحانی کیفیت لے

☆

نہ اور کھول ابھی نیم باز آنکھوں کو
تیرے نثار یہ جادو ابھی جگائے جا

☆

میرے آغوش سے اٹھ کر کبھی آئینہ دیکھا ہے
سحر کو اور بڑھ جاتی ہے کچھ دوشیزگی تیری

جنسی تعلقات کو اتنی بیباکی سے کہنے، جنس (sex) کو اتنے صحتمند اور مثبت انداز سے سوچنے اور جنس (sex) کو گناہ کے دائرے میں نہ رکھتے ہوئے ایک اچھا کام سمجھتے ہوئے انجام دینے کی بات اتنے خوش اسلوبی سے کسی اور شاعر نے فراقؔ سے پہلے نہیں کہی۔فراقؔ گورکھپوری کی شاعری انفرادیت کی حامل ہے۔ اِس بارے میں گوپی چند نارنگ نے بڑی عمدہ بات کہی ہے:

''ان کی آواز میں ایک ایسا لوچ، نرمی اور دھیما پن ہے جو پوری اردو شاعری میں نہیں ملتا۔''

(فراقؔ گورکھپوری: ذات وصفات۔اردو اکادمی۔دہلی۔ص ۱۰۔۱۹۹۱ء)

فراقؔ گورکھپوری حسن پرستی کے شاعر تھے۔ وہ حسن کا ظاہر بھی دیکھتے تھے اور باطن بھی۔ فراقؔ کے اشعار پڑھنے اور سننے والوں کو حسن کے باطن سے ظاہر اور ظاہر سے باطن کی سیر کراتے ہیں۔ فراقؔ کے جنس (sex) پر کہے گئے اشعار انسان کو احساس دلاتے ہیں کہ یہ کام زندگی کا ایک اچھا عمل ہے۔ اگر ہم اسے صحیح نیت کے ساتھ اور صحیح طریقے سے جائز رشتوں کے درمیان انجام دیں۔ فراقؔ کی شاعری کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے ایک جگہ وہاب اشرف نے تحریر کیا ہے:

''فراقؔ مذہب اور جنس کی سرحدوں کا ادغام کر دیتے ہیں۔ چنانچہ ان کے یہاں جسم ایک خاص موضوع بن کر ابھرتا ہے۔ ان کے یہاں افلاطونیت نہیں ہے بلکہ فرائڈین تصور موجیں مارتا ہوا نظر آتا ہے۔ فراقؔ کی غزلوں میں لمس کو بڑی اہمیت حاصل ہے اور اس باب میں وہ ایسی تصویریں سامنے لاتے ہیں جن کی لطافت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔''

(تاریخ ادب اردو: ابتداء سے ۲۰۰۰ء تک۔ جلد دوم۔ وہاب اشرفی۔ ۲۰۰۹ء ص ۹۱۷)

حسن و جمال شاعری کا لازمی جز ہے۔ اس کے بغیر کی گئی شاعری بے مزہ ہو جاتی ہے۔ ترقی پسند تحریک سے منسلک شعراء میں فیض احمد فیضؔ کے علاوہ چند مزید شعراء تھے جنھوں نے اس قسم کی شاعری میں حسن و جمال کو شامل رکھا۔ ان شعراء میں فراقؔ گورکھپوری بھی شامل تھے۔ فراقؔ گورکھپوری کو نہ صرف انسان کی خوبصورتی بلکہ قدرتی مناظر کا حسن بھی متاثر کرتا تھا جس کا اظہار انھوں نے اس طرح کیا ہے ۔

جو آنکھیں ہو، کسی کے عشق نے سو بھیس بدلے ہیں
نمود برگ و گل کیا مہر و مہ کیا حسن انساں کیا

☆

خیال گیسوئے جاناں کی وسعتیں مت پوچھ
کہ جیسے پھیلتے جاتا ہے شام کا سایہ

کچھ قفس کی تیلیوں سے چھن رہا ہے نور سا
کچھ فضا کچھ حسرتِ پرواز کی باتیں کرو

فراقؔ گورکھپوری کی غزلوں میں ہر جگہ حسن و جمال بکھرا پڑا ہے۔ وہ یاد اور انتظار کو بھی اپنے شعروں میں حسین بنا دینے کی مہارت رکھتے تھے۔

غرض کہ کاٹ دیئے زندگی کے دن اے دوست
وہ تیری یاد میں ہوں یا تجھے بھلانے میں

☆

تیری یاد کرتا ہوں اور سوچتا ہوں
محبت ہے شاید تجھے بھول جانا

☆

جب تیری یاد نہ تھی جب تیرا احسان نہ تھا
ہم تو اس کو بھی محبت کا زمانہ سمجھے

☆

حسن کے پرتپاک میں جذب تھیں لاکھوں مستیاں
کون کسی کو یاد تھا؟ کس نے کسے بھلا دیا؟

اِس قسم کے اشعار نے فراقؔ گورکھپوری کو میر تقی میرؔ سے زیادہ قریب کر دیا۔ اِسی خیال کو ڈاکٹر شمیم حنفی نے یوں بیان کیا ہے:

''زبان و بیان، واردات اور تجربے، تصور اور احساس کی طرف اپنے رویوں کے اعتبار سے اردو کے تمام غزل گویوں میں فراقؔ سب سے زیادہ قریب میرؔ صاحب سے ہے۔''

(فراقؔ گورکھپوری ذات وصفات۔ اردو اکادمی۔ ۱۹۹۸ء ص ۸۲)

ہر انسان کی زندگی حسن و جمال سے آراستہ ہے۔ خوشی و غم میں انسان سے

انسان کا ساتھ زندگی کو حسین بنا دیتا ہے۔ زندگی کے متعلق شعراء کے نزدیک ان کے اپنے فلسفے ہوتے ہیں جس کا اظہار وہ اپنے اپنے انداز سے کرتے ہیں۔ فراقؔ گورکھپوری شاعر تو تھے ہی ساتھ ہی ایک فلاسفر بھی تھے۔ اس لئے زندگی کے متعلق ان کے فلسفے زیادہ حسین لگتے ہیں ۔

ابھی کچھ اور ہو انسان کا لہو پانی
ابھی حیات کے چہرے پہ آب و تاب نہیں

☆

وہ بزم ناز جہاں زندگی برستی ہے
شعور محض ہے واں ہوش ہے نہ مستی ہے

☆

موت اک گیت رات گاتی تھی
زندگی جھوم جھوم جاتی تھی

☆

نہ ازل ہے کچھ نہ ابد ہے کچھ وہی موت ہے وہی زندگی
جسے وقت کہتے ہیں اہل دل وہ فنا بھی ہے وہ بقا بھی ہے

فراقؔ گورکھپوری نے اپنی غزلوں کے اشعار کو ہندی زبان و ادب کا رنگ دے کر بھی اس کے حسن میں اضافہ کیا۔ جیسے ۔

شیو کا وش پان تو سنا ہوگا
میں بھی اے دوست پی گیا آنسو

ڈاکٹر یوسف صابرؔ نے فراقؔ گورکھپوری کی غزل گوئی پر روشنی ڈالتے ہوئے ایک جگہ تحریر کیا ہے:

''فراقؔ نے غزلوں میں نئی زبان، نئے محاورے استعمال کئے ہیں۔ تلسی داس، سورداس اور کبیر داس کے لہجے اور طرز اظہار کے علاوہ ان کی غزلوں میں فطرت اور

کائنات کے مظاہر کی گونج جو قدیم سنسکرت شعراء میں پائی جاتی ہے محسوس کی جاسکتی ہے۔فراقؔ کی تمام شاعری زندگی سے محبت اور فطرت سے لگاو؟ کا اظہار کرتی نظر آتی ہے۔''

(جدید اردو کے غیر مسلم غزل گو شعراء۔ڈاکٹر یوسف صابرؔ۔۲۰۱۸ء ص۹۱)

رگھو پتی سہائے فراقؔ گورکھپوری نے پختہ عمری میں شاعری شروع کی۔ اصل شاعر پیدائشی ہوتا ہے۔وہ عمر کے کسی بھی حصے میں شاعری کرے اس کی شاعری متاثر کرتی ہے۔پنڈت برج نرائن چکبستؔ نے بہت جلد شاعری شروع کی تھی جبکہ رگھو پتی سہائے فراقؔ گورکھپوری نے بہت دیر سے شاعری شروع کی لیکن دونوں بھی اپنی اپنی جگہ بلند مقام پر فائز ہیں۔فراقؔ گورکھپوری نے طویل عمر پائی جبکہ چکبستؔ کم عمری میں انتقال کر گئے۔لیکن دونوں اردو ادب میں انتہائی مقبول ہوئے۔فراقؔ گورکھپوری اپنی تعلیمی قابلیت کی بنیاد پر آزادی سے پہلے ایک اعلیٰ آفیسر بنے مگر وطن کی محبت میں وہ گاندھی جی کے ساتھ تحریک عدم تعاون میں شریک ہو گئے۔انھوں نے سرکاری نوکری سے استعفیٰ دے دیا جس کے نتیجے میں انھیں جیل بھی جانا پڑا۔سزا کاٹنے کے بعد فراقؔ گورکھپوری جامعہ الٰہ آباد میں انگریزی کے لیکچرر ہوئے اور یہیں سے انھوں نے شعر و ادب کی خدمات کا سلسلہ شروع کیا اور بہت جلد اردو زبان و ادب میں ممتاز مقام حاصل کیا۔فراقؔ گورکھپوری ہندی، فارسی اور انگریزی کے بھی اچھے جانکار تھے مگر انھیں اردو زبان و ادب سے عشق کیا اور نہایت بلند مقام حاصل کیا۔

فراقؔ گورکھپوری حسن و جمال کے رسیا تھے۔حسن و جمال ان کی شاعری کا محور و مرکز رہا اور ان کی عملی زندگی بھی حسن پرستی میں ہی گذری۔نہ صرف غزلوں کے اشعار میں بلکہ ان کی رباعیات میں بھی حسن پرستی کے جلوے نظر آتے ہیں اور نظموں میں بھی حسن کی جھلکیاں ملتی ہیں۔

اردو زبان و ادب میں فراقؔ گورکھپوری نے منفرد و ممتاز مقام حاصل کیا۔

حسن و جمال سے آراستہ فراقؔ گورکھپوری کے کئی اشعار انتہائی مقبول ہوئے ہیں۔ان میں یہ بھی شامل ہیں۔

بسا اوقات دل کے ساتھ بارِ غم اٹھانے میں
سنا ہے حسن بھی اپنی نزاکت بھول جاتا ہے

☆

فریب عہد محبت کی سادگی کی قسم
وہ جھوٹ بول کہ سچ کو بھی پیار آجائے

☆

سنا ہے بادِ خزاں کے ہاتھوں چمن کا دونا نکھار ہوگا
اثر سے اس شعلہ تپاں کے کچھ اور حسن بہار ہوگا

☆

کہاں اتنی خبر عمرِ محبت کس طرح گزری
ترا ہی درد تھا دل میں جہاں تک یاد آتا ہے

فراقؔ گورکھپوری نے غزل گوئی میں تغزل کو مزید نکھارا۔فراقؔ کا عشق عملی ہے اور جسم سے گذرتے ہوئے روح تک پہنچتا ہے۔فراقؔ گورکھپوری جسمانی لذتوں کے قائل تھے۔فنا سے پہلے وہ بقا کے تمام مدارج پر پورے اترنے کو عشق کی معراج مانتے تھے اور ان کی غزلوں میں اسی کا اظہار بڑی شائستگی کے ساتھ ملتا ہے۔

فراقؔ گورکھپوری ایک عہد ساز شاعر تھے۔فراقؔ گورکھپوری نے اردو زبان ادب میں غزل کو نہ صرف نیا رنگ و روپ دیا بلکہ انھوں نے غزل کے جسم میں نیا خون بھی دوڑایا اور یہ کامیابی انھیں برسوں کی محنت کے بعد حاصل ہوئی۔فراقؔ گورکھپوری نے گلشن غزل کی دل و جان سے ایک عرصے تک آبیاری کی۔چونکہ وہ خود ایک بہترین نقاد تھے اس لئے انھیں اپنے فن کو نکھارنے،سنوارنے کا ہنر آتا تھا۔ فارسی اور اردو زبان و ادب میں موضوع حسن و عشق نیا نہیں تھا۔اردو زبان و ادب

میں قدیم دور سے بلکہ ابتدائی دور سے موضوع حسن وعشق نہ صرف شاعری بلکہ کہانیوں کا بھی نہایت اہم موضوع رہا۔فراقؔ گورکھپوری کا کمال یہ ہے کہ انھوں نے اس موضوع کو ایک نئے زاویے سے اپنی غزلوں میں پیش کیا۔

بقول ڈاکٹر خواجہ احمد فاروقی ''اگر فراقؔ نہ ہوتے تو ہمارے غزل کی سرزمین بے رونق رہتی۔ اس کی معراج اس سے زیادہ نہ ہوتی کہ وہ اساتذہ کی غزلوں کی کاربن کاپی بن جاتی یا مردہ اور بے جان ایرانی روایتوں کی نقالی کرتی۔'' فراقؔ گورکھپوری نے غزل کے حسن میں نئے رنگ بھرے۔فراقؔ کے کئی اشعار ہیں جو حسین دنیا کی سیر کراتے ہیں۔ان میں سے چند بطورِ نمونہ پیش ہیں ۔

بہت پہلے سے ان قدموں کی آہٹ جان لیتے ہیں
تجھے اے زندگی ہم دور سے پہچان لیتے ہیں

☆

اگر ممکن ہو لے لے اپنی آہٹ
خبر دو حسن کو میں آ رہا ہوں

☆

کسی کا یوں تو ہوا کون عمر بھر پھر بھی
یہ حسن وعشق تو دھوکا ہے سب مگر پھر بھی

☆

شام بھی تھی دھواں دھواں حسن بھی تھا اداس اداس
دل کو کئی کہانیاں یاد سی آ کے رہ گئیں

☆

باتوں باتوں میں پیام مرگ بھی آ ہی گیا
ان نگاہوں کو حیات افزا سمجھ بیٹھے تھے ہم

☆

آنکھوں میں جو بات ہوگئی ہے
اک شرحِ حیات ہوگئی ہے

فراقؔ گورکھپوری کو بطورِ شاعر و نقاد ساری دنیا میں سر آنکھوں پر بٹھایا گیا مگر وہ اپنے گھر میں گھر کی مرغی دال برابر تھے۔ فراقؔ اپنے گھر میں بے بس و محروم انسان کی طرح رہتے تھے۔ گھر میں فراقؔ گورکھپوری کا حال میر تقی میرؔ جیسا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی غزلوں میں میر تقی میرؔ کا رنگ گہرا ہوتا گیا۔ جیسے ؎

غم سے چھٹ کر یہ غم ہے مجھ کو
کیوں غم سے نجات ہوگئی ہے

☆

کبھی خوش کر گئی مجھ کو تری یاد
کبھی آنکھوں میں آنسو آ گیا ہے

☆

یہ سکوت ناز یہ دل کی رگوں کا ٹوٹنا
خامشی میں کچھ شکستِ ساز کی باتیں کرو

☆

اے سوز عشق تو نے مجھے کیا بنا دیا
میری ہر ایک سانس مناجات ہوگئی

تلخیص (Summary)

فراقؔ گورکھپوری نے شاعری کو زندگی کی طرح جیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انھوں نے اردو دنیا کو متعدد شعری مجموعے دیئے ہیں۔ روح کائنات، شبستان، رمز و کنایات، روپ، رنگ و نور اور گل نغمہ، فراقؔ کے ایسے شعری مجموعے ہیں جن کی وجہ سے فراقؔ گورکھپوری کی مقبولیت میں اضافہ ہوتا رہا۔

فراقؔ کی غزلوں میں جدید رجحانات اور حیات و کائنات کے نئے شعور

کے احساسات ملتے ہیں۔فراقؔ کے اشعار نے حسرتؔ موہانی کی طرح غزل گوئی کو نئی زندگی عطا کی۔فراقؔ گورکھپوری کے بلند پایہ فکروفن نے اردو غزل کو نئی اڑان دی۔فراقؔ کا خوشگوار آہنگ غزل کو خوب راس آیا۔جیسے ؎

بزم مے بےخود و بے تاب نہ کیوں ہو ساقی
موج بادہ ہے کہ درد اٹھتا ہے پیمانوں میں

☆

ہر فریب غم دنیا سے خبردار تو ہے
تیرا دیوانہ کسی کام میں ہشیار تو ہے

☆

تیز احساسِ خودی درکار ہے
زندگی کو زندگی درکار ہے

☆

آتشِ عشق بھڑکتی ہے ہوا سے پہلے
ہونٹ جلتے ہیں محبت میں دعا سے پہلے

☆

نگاہِ ناز نے پردے اٹھائے ہیں کیا کیا
حجاب اہلِ محبت کو آئے ہیں کیا کیا

☆

عشق بس میں ہے مشیت کے عقیدہ تھا مرا
اس کے بس میں ہے مشیت مجھے معلوم نہ تھا

☆

بڑھتا ہی جا رہا ہے جمال نظر فریب
حسنِ نظر کو حسنِ خود آرا بنا دیا

☆

چھلک کے کم نہ ہو ایسی کوئی شراب نہیں
نگاہ نرگس رعنا ترا جواب نہیں

☆

یہ نرم نرم ہوا جھلملا رہے ہیں چراغ
ترے خیال کی خوشبو سے بس رہے ہیں دماغ

فراقؔ گورکھپوری کو ۱۹۶۱ء میں ساہتیہ اکادمی ایوارڈ حاصل ہوا تھا۔ یہ ایوارڈ انھیں ۳۶؟ سال کی عمر میں ملا جو لائق رشک ہے۔ ۱۹۶۸ء میں فراقؔ گورکھپوری کو سوویت لینڈ نہرو ایوارڈ سے نوازا گیا۔ فراقؔ گورکھپوری ہندوستان کے عظیم خطاب ''پدم بھوشن'' سے بھی نوازے گئے۔ ۱۹۷۰ء میں فراقؔ ساہتیہ اکیڈمی کے فیلو بنے۔ فراقؔ گورکھپوری کو شعری مجموعہ ''گل نغمہ'' کے لئے ہندوستان کے سب سے بڑے ایوارڈ گیان پیٹھ سے نوازا گیا اور انھیں ۱۹۸۱ء میں غالبؔ ایوارڈ بھی حاصل ہوا اور اس کے صرف ایک سال بعد یعنی ۳؟ مارچ ۱۹۸۲ء کو حرکت قلب بند ہو جانے سے فراقؔ نے اس دنیا کو چھوڑ دیا۔ فراقؔ گورکھپوری بتدریج بلندیوں تک پہنچے۔ ادب میں بہت کم شعراء و ادباء کو ایسے مقامات حاصل ہوئے ہیں۔ اردو زبان و ادب کی تاریخ میں فراقؔ گورکھپوری کا نام ہمیشہ زندہ رہے گا۔

****

اردو زبان وادب میں رپورتاژ نگاری کا سرسری جائزہ اہم نکات

کلیدی الفاظ: رپورتاژ کے معنی ومفہوم # رپورتاژ کی ہیئت # رپورتاژ کے فنی لوازمات # رپورتاژ کی زبان # رپورتاژ سے صحافت اور رومانیت کا رشتہ # رپورتاژ کے بارے میں دانشوروں کے اقوال # رپورتاژ کا موجد # رپورتاژ کا آغاز وارتقاء # ترقی پسند دور کے رپورتاژور پورتاژ نگار # آزادی کے بعد کے رپورتاژونگار # عصر حاضر کے رپورتاژ نگار

شیخ ہما کوثر

ایسوسیٹ پروفیسر

(صدر شعبۂ اردو) مہیلا کالج، نزد ملٹی پرپز گراؤنڈ، ناندیڑ (مہاراشٹر)

ملخص: اردو میں انشائیہ نگاری اور مکتوب نگاری کی طرح رپورتاژ نگاری بھی ایک اہم نثری صنف ہے لیکن ان دونوں کے مقابلے رپورتاژ نگاری کو کم اہمیت دی گئی۔ یہی وجہ ہے کہ اس جدید ترین صنف کو پڑھا زیادہ گیا لیکن اس کے متعلق کم لکھا گیا۔ حالانکہ یہ ایک انتہائی دلکش نثری صنف ہے۔ اس کمی کو اونٹ کے منہ میں زیرہ سہی کچھ کم کرنے کے لئے اس کا سرسری جائزہ لینے کی کوشش اس مضمون میں کی گئی ہے۔ رپورتاژ نگار کی آنکھ کیمرے کی آنکھ کی مانند ہوتی ہے۔ کیمرہ صرف ظاہری تصویر پیش کرتا ہے لیکن رپورتاژ نگار جذبات واحساسات کی بھی تصویر کشی کرنے میں مہارت رکھتا ہے۔ اس لئے رپورتاژ کی اہمیت کیمرے کی تصویر سے زیادہ ہوتی ہے۔ رپورتاژ کے متعلق ارشاد خان نے ایک جگہ تحریر کیا ہے :

''رپورتاژ کی پہچان اس کی اپنی ہیئت سے زیادہ اس کے اظہار میں پوشیدہ ہے۔ اس صنف میں کوئی بھی گذرا ہوا واقعہ اظہار کی تہوں تک پہنچتا ہے اور تخلیق کار کے اندر چھپے ہوئے رومانوی احساس کو جگاتا ہے اور پھر مصورانہ چابکدستی کے ساتھ ایسی تخلیق کو اجاگر کرتا ہے جو واقعات کی لپیٹ میں مرقع کاری کا درجہ رکھتی ہے۔''[1]

پروفیسر مجید بیدار نے رپورتاژ کے فن اور ہیئت کے لئے مندرجہ ذیل باتیں لازمی قرار دی ہیں :

''کسی بھی رپورتاژ میں (۱) پیشکش کا حسن (۲) واقعاتی عمل (۳) تفصیل و تعبیر (۴) زبان و بیان کی تخلیقی فضا (۵) صحافتی عمل کی ضرورت ہوتی ہے۔ جس میں خبریہ حصہ کا دخل اور روداد کی صلاحیت کارفرما ہو تو اسے 'رپورتاژ' کے فن کی خوبی قرار دیا جائے گا۔''[۲]

افسانہ اور ناول کی طرح رپورتاژ کے اجزائے ترکیبی کی قید تو نہیں ہیں لیکن رپورتاژ کے لئے ارشاد احمد خاں نے اس طرح اہم نکات ذہن نشین کروائے ہیں :

''رپورتاژ نگاری کا فن اور اس کا اظہار حسب ذیل عنوانات کے ساتھ ممکن ہے۔ (۱) اسلوب (۲) ہیئت (۳) صحافت (۴) رومانیت (۵) افسانویت (۶) واقعیت (۷) قوت تحریر (۸) اقتباسی عمل (۹) جبریہ انداز'' [۳]

پرفیکٹ رپورتاژ پڑھنے والوں کو بے حد متاثر کرتا ہے۔ مثال کے طور پر رپورتاژ ''پودے'' کا یہ اقتباس ملاحظہ کیجئے :

''ادیبوں کے کاہن ملک راج اور سید سجاد ظہیر آمنے سامنے بیٹھے تھے۔ دونوں براق کھدر میں ملبوس تھے۔ سجاد ظہیر کی کھدر کا رنگ سفید تھا۔ تو ملک راج آنند کا رنگ جو گیا تھا لیکن لباس دونوں کا وہی تھا۔ وہی ٹوپی وہی جواہر جیکٹ، وہی پائجامہ، ملک راج آنند کے منہ پائپ تھا تو سجاد ظہیر کے لبوں پر تبسم ___ آنند اور سجاد ظہیر دونوں ادبی کانفرنس کے پروگرام طئے کر رہے تھے۔''[۴]

ترقی پسند ادیبوں نے رپورتاژ نگاری کے آغاز و ارتقاء میں نہایت اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس دور کے متعدد رپورتاژ ہیں جن کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ رپورتاژ نگاری ترقی پسند تحریک کے عروج کے ساتھ ترقی کرتی رہی ہے۔ ترقی پسند تحریک کے دور میں ہی رپورتاژ نگاری کا باضابطہ آغاز ہوا ہے، مگر اس سے پہلے بھی ایسی متعدد تحریریں اردو

زبان وادب میں ملتی ہیں جو جزوی یا ادھوری طور پر رپورتاژ نگاری کے زمرے میں شامل کی جاسکتی ہیں۔ مرزا فرحت اللہ بیگ کی تحریر ''دہلی کا ایک یادگار مشاعرہ'' کا انداز بیاں اس تحریر کو رپورتاژ نگاری کے قریب کرتا ہے مگر یہ تحریر حقیقی واقعہ نہیں بلکہ فرضی اور خیالی ہے اس لئے رپورتاژ نہیں ہے کیونکہ حقیقی واقعات رپورتاژ نگاری کے لئے پہلی شرط ہے۔ مولانا ابوالکلام آزاد کی تحریر کردہ کلکتہ کی مشاعرے کی ۵/جولائی ۱۹۰۲ء کی رپورٹ بھی رپورتاژ نگاری سے قریب لگتی ہے۔ اس قسم کی اور بھی کئی تحریریں ملتی ہیں جو رپورتاژ نگاری کے ابتدائی نقوش میں شامل ہیں۔

.....

تعارف *(Introduction)*

رپورتاژ کے معنی اطلاع یا خبر دینا ہے یا اپنے مشاہدات بیان کرنا ہے۔ رپورتاژ فرانسیسی لفظ ہے۔ یہ لفظ لفظی اور معنوی اعتبار سے رپورٹ سے قریب ہے۔ رپورتاژ ایک ایسی جدید نثری صنف ہے جس میں صحافتی انداز اور امورِ خانہ شعور کے ساتھ ساتھ تاثرات اور احساسات کا خوبصورت اظہار ہوتا ہے۔ اس کا بیان ادبیت اور رومانیت کا ملاپ نظر آتا ہے۔ رپورتاژ ایک ایسی چلتی پھرتی تصویر ہے جس میں دوسروں کے ساتھ مصنف کی ذات بھی نظر آتی ہے۔ رپورتاژ میں مصنف کا اسلوب، قوت متخیلہ، تخلیقی توانائی اور صداقت نہایت اہم ہے۔ کسی واقعے یا خبر کو اس طرح تحریر کر دیا جائے کہ اس میں افسانے کا انداز پیدا ہو جائے، رپورتاژ ہے۔ رپورتاژ اس تحریر کو کہتے ہیں جس میں کسی علمی و ادبی جلسے کی روداد یا مشاعرے کا آنکھوں دیکھا حال یا کسی حادثے یا واقعہ کا بیان دلکش انداز میں کیا جائے۔ سردار جعفری نے رپورتاژ کو صحافت اور افسانے کی درمیانی کڑی کہا ہے۔ بقول پروفیسر احتشام حسین :

''رپورتاژ کو ہم اوقعات کی ادبی محاکاتی رپورٹ کہہ سکتے ہیں۔''

مصنف خان سحاب نے ایک جگہ تحریر کیا ہے :

''رپورتاژ (reportage) فرانسیسی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی 'اطلاع' یا خبر کے ہیں۔''۵

اسی طرح ڈاکٹر ہارون الرشید تبسم نے ایک جگہ تحریر کیا ہے :

''رپورتاژ کا رشتہ انگریزی لفظ 'report' اور فرانسیسی لفظ 'reportage' سے بنتا ہے۔''۶

رپورتاژ مختصر بھی ہوسکتا ہے اور طویل بھی۔ اس کی ضخامت افسانے سے ناول تک کی ہوسکتی ہے۔ رپورتاژ نہ صرف اردو بلکہ دیگر ادبی زبانوں کی بھی جدید ترین نثری صنف ہے۔

رپورتاژ کا آغاز وارتقاء :

صنفِ رپورتاژ افسانہ اور ناول کی طرح انگریزی ادب سے اردو میں منتقل ہوئی ہے اور اس کا آغاز ترقی پسند تحریک کے دور سے ہوا ہے۔ حمید اختر نے انجمن ترقی پسند مصنفین کی روداد دلکش ادبی زبان اور محاکاتی انداز میں پیش کر کے اردو داں حلقے کو اس نثری صنف سے متعارف کیا۔ اس لئے حمید اختر کو ہی صنف رپورتاژ کا موجد تسلیم کیا جاتا ہے۔

۱۹۴۰ء میں ''یادیں'' عنوان سے شائع ہونے والی سجاد ظہیر کی تحریر، کرشن چندر کی تحریر ''پودے'' کرشن چندر کی ایک اور تحریر ''صبح ہوتی ہے'' پرکاش پنڈت کی تحریر ''کہت کبیر سنو بھئی سادھو'' عصمت چغتائی کی تحریر ''بمبئی سے بھوپال تک'' صفیہ اختر کی تحریر ''ایک ہنگامہ'' عادل رشید کی تحریر ''خزاں کے پھول'' فکر تونسوی کی تحریر ''چھٹا دریا'' شفیق الرحمٰن کی تحریر ''دجلا سے فرات تک'' تاجور سامری کی تحریر ''جب بندھن ٹوٹے'' جمنا داس اختر کی تحریر ''اور خدا دیکھتا رہا'' ابراہیم جلیس کی تحریر ''دو ملک ایک کہانی'' خدیجہ مستور کی تحریر ''پو پھٹے'' اجمل اجملی کی تحریر ''ایک رات گذری ہے ایک صدی گذری ہے'' اور عبداللہ ملک کی تحریر ''مستقبل ہمارا ہے'' بیسویں صدی کے اہم رپورتاژوں میں شامل

ہیں۔اس کے علاوہ ''لندن لیٹر'' رپورتاژ نگار قرۃ العین حیدر ''دلی کی بپتا'' رپورتاژ نگار شاہد احمد دہلوی ''اجالے کی طرف'' رپورتاژ نگار عنایت اللہ ''کیوں ترا راہ گذر یاد آیا'' رپورتاژ نگار خورشید انور جیلانی ''سرخ زمین اور پانچ ستارے'' رپورتاژ نگار ابراہیم جلیس ''جہلم کے اس پار'' رپورتاژ نگار ظ۔انصاری ''پشکن کے دیس میں'' رپورتاژ نگار جگن ناتھ آزاد ''کتابوں کی تلاش'' رپورتاژ نگار ڈاکٹر گیان چند ''ڈوب ڈوب کر ابھری ناؤ'' رپورتاژ نگار سلمیٰ عنایت اللہ ''عابد روڈ سے کمرشیل اسٹریٹ'' رپورتاژ نگار عاتق شاہ ''اے بنی اسرائیل'' رپورتاژ نگار قدرت اللہ شہاب ''نقاب اور چہرے'' رپورتاژ نگار سلمی صدیقی ''بمبئی سے اودے پور تک'' رپورتاژ نگار ندا فاضلی ۔اس کے علاوہ بھی متعدد تحریریں ہیں جو رپورتاژ نگاری کے ارتقاء کا اٹوٹ حصہ ہیں۔''یادیں'' سجاد ظہیر کا اولین رپورتاژ ہے، اس کا تعلق ترقی پسند تحریک سے ہے،اس میں ترقی پسندی کی مہک آتی ہے۔جیسے :

''ہمیں محسوس ہونے لگا کہ فاشسٹ کی گو آج جیت ہوئی ہے۔لیکن دوسری طرف محنت کشوں کا انقلابی شعور بڑھ رہا ہے۔انھیں ناکامیوں کا تجربہ کامیاب انقلاب کو ممکن بنائے گا۔''[۷]

رپورتاژ نگاری کی ابتداء شاندار ہوئی اور اسے نہایت تیزی سے مقبولیت حاصل ہوئی مگر یہ زیادہ دنوں تک برقرار نہیں رہ سکی۔آہستہ آہستہ اس کی مقبولیت کم ہوتی گئی،مگر اب اکیسویں صدی میں داخل ہونے کے بعد جدید ٹیکنالوجی کی وجہ سے فیس بک، واٹس اپ اور انسٹاگرام جیسے ذرائع رپورتاژ نگاری کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہورہے ہیں۔جس کی وجہ سے اس صنف کی مقبولیت بڑھ رہی ہے اور اس کی اہمیت بھی عام لوگوں کے سمجھ میں آرہی ہے۔ برسوں پہلے علی سردار جعفری نے رپورتاژ نگاری کی اہمیت وافادیت کو جانتے ہوئے ایک جگہ تحریر کیا تھا :

''یہ صنف ادب رپورتاژ بالکل نئی ہے۔لیکن بے انتہا اہم ہے۔ یہ صحافت اور افسانہ کی درمیانی کڑی ہے اور اس سے ہمارے ادب کو بے انتہا فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ترقی

پسند تحریک کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ رپورتاژ ہمارے مقاصد کے لئے بہت ضروری ہے۔اس کے ذریعے سے ہم بڑے بڑے کام لے سکتے ہیں۔''۸

اکثر ترقی پسند ادباء وشعراء ترقی پسند تحریک سے جنون کی حد تک جڑے رہے۔ انھوں نے اردو ادب کے جدید شعری ونثری اصناف سخن کو ترقی پسند تحریک کو فائدہ پہنچانے کے لئے استعمال کرنے کی کوشش کی۔رپورتاژ نگاری بھی ان کی نظر میں ترقی پسند تحریک کو فروغ دینے کا ایک اہم ذریعہ تھی۔اسی لئے علی سردار جعفری نے بھی اسے ترقی پسند تحریک کے عینک سے دیکھا ہے، حالانکہ رپورتاژ نگاری اہم معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ہمیں ہماری تہذیب و ثقافت اور تاریخ کا عکس دکھاتی ہے۔رپورتاژ نگاری کے ابتدائی دور میں متعدد رپورتاژ نگاروں نے اس صنف کے ارتقاء میں نہایت اہم کردار ادا کیا ہے۔ان قدآور ادیبوں کی فہرست میں محمود ہاشمی بھی شامل ہیں۔''کشمیر اداس ہے'' محمود ہاشمی کا مقبول ناول نما رپورتاژ ہے۔اس رپورتاژ کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے ممتاز شیریں نے ایک جگہ تحریر کیا ہے :

''اس رپورتاژ کی قدر و قیمت اس لئے اور بھی بڑھ جاتی ہے کہ اس میں مستند تفصیلوں کے ساتھ اس پار کا حقیقی کشمیر نظر آتا ہے جو ہماری آنکھوں سے اوجھل ہے۔''

۹

رپورتاژ کے موضوعات میں معاشرتی حالات، ادبی وتہذیبی جلسے، فسادات، ہنگامی حالات، حادثات، جنگ، سیر وسیاحت اور قحط کا شمار ہوتا ہے۔ یہ موضوعات رپورتاژ کے مختلف اقسام کرنے اور سمجھنے میں مدد دیتے ہیں۔ایک اچھا افسانہ نگار ایک اچھا رپورتاژ نگار بھی ہوتا ہے کیونکہ واقعات نگاری، کردار نگاری اور منظر نگاری کی مہارت جس طرح افسانہ نگاری کے لئے ضروری ہوتی ہے اس طرح رپورتاژ نگاری کے لئے بھی ضروری ہوتی ہے۔فرق صرف اتنا ہے کہ ایک کا تعلق افسانے سے ہے اور دوسرے کا حقیقت سے۔جن رپورتاژ نگاروں نے اس صنف کی روایت کو آگے بڑھایا ان میں سلمیٰ

صدیقی جنھوں نے دانشوروں اور ماہرین علم وفن کی ایک دعوت جو کرشن چندر کے گھر ہوئی تھی بعنوان ''نقاب اور چہرے'' رپورتاژ کی شکل میں تحریر کیا۔ رام لعل جنھوں نے جدیدیت کے رجحان کے تحت ادیبوں کی سمپوزیم کی روداد بعنوان ''احساس کی یاترا'' رپورتاژ کی صورت میں لکھا' اسی طرح عاتق شاہ جن کا رپورتاژ ''خالی ہاتھ'' جو ۱۹۴۹ء میں تحریر ہوا کے نام بھی اہم ہیں۔ ان ہی رپورتاژ نگاروں میں قرۃ العین کا بھی نام آتا ہے۔ قرۃ العین حیدر کے (۱) لندن لیٹر (۱۹۵۳ء)، (۲) پدماندی کے کنارے (۱۹۶۰ء)، (۳) درچمن ہر ورقی دفتر حال دیگرست (۱۹۶۸ء)، (۴) کوہ دماوند (۱۹۶۸ء)، (۵) روداد گلگشت (۱۹۷۴ء)، (۶) ستمبر کا چاند، (۷) جہانِ دیگر، (۸) چھٹے اسیر تو بدلا ہوا زمانہ، (۹) خضر سوچتا ہے وولر کے کنارے (کشمیر)، (۱۰) دکن سانہیں ٹھار سنسار میں (۱۱) قید خانے میں تلاطم ہے کہ ہند آتی ہے (عالم آشوب)، وہ رپورتاژ ہیں جو بیسویں صدی کی ادبی تاریخ کا اہم حصہ ہیں۔ ''ستمبر کا چاند'' قرۃ العین کا نہایت مقبول اور اہم رپورتاژ ہے۔ قرۃ العین حیدر کی رپورتاژ نگاری پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے واجدہ بیگم نے اپنی تصنیف میں ایک جگہ تحریر کیا ہے :

''قرۃ العین حیدر کے رپورتاژ فنی اصول اور ضوابط پر پورے اترتے ہیں اور دستاویزی صداقت و اہمیت کے حامل نظر آتے ہیں۔ فنی تقاضوں کے پیش نظر قرۃ العین حیدر ایک کامیاب رپورتاژ نگار اور ان کے رپورتاژ اردو ادب کے شاہکار کہلائے جانے کے مستحق ہیں۔''[۱۰]

رپورتاژ نگاری اردو زبان و ادب کی جدید ترین صنف سہی، لیکن اس کا سرمایہ نہ صرف قیمتی بلکہ خاطر خواہ بھی ہے۔ امید ہے کہ اکیسویں صدی میں اس میں مزید اضافہ ہوگا۔

ماحصل :

رپورتاژ نگاری میں واقعہ نگاری، حقیقت نگاری، کردار نگاری اور منظر نگاری کے

ساتھ ساتھ جذبات نگاری کی بھی شمولیت لازمی ہوتی ہے۔ رپورتاژ نگار نہ صرف منظر بلکہ پس منظر بھی دیکھتا اور دکھاتا ہے۔ اسی لئے رپورتاژ پڑھنے میں تصاویر دیکھنے سے زیادہ لطف آتا ہے۔ عصر حاضر میں ٹی وی اور موبائل نے عام انسانوں کو انتہائی مصروف کر دیا ہے۔ لوگ دن رات ٹی وی اور موبائل میں کھوئے ہوئے ہیں اس لئے طویل تحریریں پڑھنے میں نہ انھیں دلچسپی رہی اور نہ ہی ان کے پاس اتنا وقت ہے۔ عصر حاضر اختصار کا زمانہ ہے۔ جس طرح نظم میں طوالت کی جگہ مختصر شعری اصناف نے لی، اسی طرح نثر میں طویل افسانے اب افسانچوں کی شکل اختیار کر گئے ہیں۔ اکثر لوگ مختصر ترین تحریریں ہی پڑھ پا رہے ہیں۔ رپورتاژ کی ماہیت افسانچہ تک تو نہیں پہنچائی جا سکتی ہے۔ لیکن مختصر افسانہ سے زیادہ نہ ہو تو زیادہ بہتر ہوگا۔ تبھی رپورتاژ نگاری دوسرے مختصر شعری و نثری اصناف کی طرح زندہ و تابندہ رہے گی۔

حوالہ جات :

۱۔ اردو میں رپورتاژ نگاری کا فنی جائزہ۔ ماہنامہ 'فکر و تحقیق' دہلی۔ جولائی ۲۰۱۵ء

۲۔ اردو کی شعری و نثری اصناف۔ ص ۲۴۱

۳۔ اردو میں رپورتاژ نگاری کا فنی جائزہ۔ ماہنامہ 'فکر و تحقیق' دہلی۔ جولائی ۲۰۱۵ء

۴۔ رپورتاژ 'پودے'۔ ص ۴۴

۵۔ نگارستان۔ مصنف: منصف خان سحاب۔ ص ۳۶۱

۶۔ اصناف اردو۔ مؤلف: ڈاکٹر ہارون الرشید تبسم۔ ص ۹۷

۷۔ اردو میں رپورتاژ نگاری۔ مرتب: عبدالعزیز۔ اشاعت اول اگست ۱۹۷۷ء ص ۵۶

۸۔ خزاں کے پھول۔ از: عادل رشید۔ پیش لفظ۔ ص ۱۱

۹۔ کشمیر اداس ہے۔ محمود ہاشمی۔ ۱۹۵۰ء ص ۳۸

۱۰۔ قرۃ العین حیدر کی رپورتاژ نگاری۔ مصنفہ: واجدہ بیگم۔ ۲۰۱۵ء مطبع: روشان پرنٹرس دہلی ۶۔ ص ۱۸۲

****

افسانوی ادب میں کردار نگاری کی جہات

کلیدی الفاظ: براہ راست کردار نگاری#بالواسطہ کردار نگاری# متنوع جہات#اسم فاعل# کردار بلحاظ تاثر# کردار بلحاظ صنف# کردار بلحاظ مخلوق/ انسانی یا غیر انسانی

ڈاکٹر شاہد نواز، اسسٹنٹ پروفیسر
سیدہ ہما شہزادی، پی ایچ ڈی سکالر
یونیورسٹی آف سرگودھا پاکستان

ملخص: کیا آپ نے کبھی کوئی ایسی کہانی پڑھی ہے جس میں کوئی ایسا کردار تھا جس سے آپ کا گہرا تعلق ہے؟ ہوسکتا ہے کہ ان کی جسمانی خصوصیات کی وضاحت آپ کو اپنی یاد دلاتی ہو۔ یا ہوسکتا ہے کہ ان کی شخصیت یا پسندیدہ مشاغل سے معلوم ہو کہ آپ میں بہت کچھ مشترک ہے۔ پڑھنا اس وقت زیادہ پرجوش ہو جاتا ہے جب کرداروں کو اتنی اچھی طرح سے بیان کیا جاتا ہے کہ آپ خود کو ان سے براہ راست تعلق رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ کہانی سنانے میں کردار نگاری بہت اہم ہے۔ کردار نگاری کو ایک ادبی آلہ کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے جسے مصنفین اپنے کام میں مخصوص کرداروں کی وضاحت اور معلومات فراہم کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ کردار نگاری کا استعمال اس بات کا اندازہ لگانے کے لیے کیا جا سکتا ہے کہ کردار کے محرکات کیا ہیں، کردار کیا خواہشات، خوف، محبت اور ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہیں۔ کردار نگاری قارئین کی دلچسپی اور سرمایہ کاری دونوں حاصل کرنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے جس کے بارے میں وہ پڑھ رہے ہیں۔ کہانی کے دوران، کردار قابل مشاہدہ تبدیلیوں سے گزرتے ہیں جو اس بات کی وضاحت کرتے ہیں کہ وہ کون ہیں۔ ان تبدیلیوں کا اظہار مصنف نے کیا ہے تاکہ قاری نوٹ کر سکے کہ کردار کی شکل کیسے بدل رہی ہے۔ یہ عمل کردار کی ترقی کے طور پر جانا جاتا ہے.

مثال کے طور پر، ہیری پوٹر کی پوری سیریز میں، ہم البس ڈمبلڈور کو ایک

میٹھے، قابل اعتماد کردار سے گہری اور پیچیدہ خامیوں والے کردار میں تبدیل ہوتے دیکھتے ہیں۔ یہ اسے قارئین کے لیے زیادہ حقیقت پسندانہ، متعلقہ کردار بناتا ہے۔ کردار کی نشوونما کو ظاہر کرنے کے لیے مصنفین متعدد تکنیکوں کو استعمال کریں گے۔

کرداروں کو عام طور پر کردار نگاری کے دو طریقوں سے تیار کیا جاتا ہے: براہ راست واضح اور بالواسطہ مضمر۔ دونوں طریقے قارئین کے لیے انتہائی مفید ثابت ہو سکتے ہیں۔ یہ انہیں یہ جاننے کی اجازت دیتا ہے کہ کردار کیسے نظر آتے ہیں، محسوس کرتے ہیں، سوچتے ہیں، برتاؤ کرتے ہیں اور بولتے ہیں۔

.....

براہ راست کردار نگاری، یا واضح کردار نگاری، کسی کردار کو بیان کرنے کا سب سے واضح اور واضح طریقہ ہے۔ یہ وضاحتیں عام طور پر بہت سیدھی ہوتی ہیں، اور قارئین کی طرف سے زیادہ تجزیہ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ براہ راست کردار نگاری قاری کو کردار کے بارے میں بتاتی ہے: وہ کیسا نظر آتا ہے، ان کی شخصیت کی خصوصیات، وہ کیا پسند کرتے ہیں، کیا ناپسند کرتے ہیں، وغیرہ۔ کردار نگاری کسی کردار کے بارے میں کچھ ظاہر کرنے کے لیے سیاق وسباق اور تفصیل کا استعمال کرتی ہے۔ ادب میں، کردار نگاری کا اظہار بالواسطہ اور بالواسطہ جسمانی وضاحت، مکالمے، کرداروں کے اندرونی خیالات اور اعمال کے ذریعے ہوتا ہے۔ کردار سازی کے عمل، اندرونی خیالات، ردعمل، اور تقریر۔ جسمانی وضاحت - کردار کی جسمانی شکل بیان کی گئی ہے۔ مثال کے طور پر، ہمیں بالوں کا رنگ یا کردار کے لباس کے بارے میں کچھ بتایا جا سکتا ہے۔ یہ عناصر کردار، پلاٹ، ترتیب، تھیم، نقطہ نظر، تنازعہ اور لہجہ ہیں۔ تمام سات عناصر ایک مربوط کہانی بنانے کے لیے مل کر کام کرتے ہیں۔

کردار نگاری آپ کے کردار کی شخصیت، زندگی اور اس کے فعلی مقاصد کے بارے میں تفصیلات کو ظاہر کرنے کا عمل ہے۔ یہ براہ راست ہو سکتا ہے، جب آپ اپنے قاری کو براہ راست تفصیلات بتاتے اور بیان کرتے ہیں، یا بالواسطہ، جہاں

آپ ان کے اعمال، مکالمے اور تعلقات کے ذریعے خصائص ظاہر کرتے ہیں۔ چاہے کہانی افسانہ ہو یا غیر افسانہ، مصنفین کو کردار نگاری کے بارے میں سوچنے میں کچھ وقت گزارنا چاہیے: اعمال، وضاحت اور مکالمے کے ذریعے کرداروں کی نشوونما۔ آپ کے سامعین آپ کے بیانیے کے ساتھ زیادہ مشغول اور ہمدرد ہوں گے اگر وہ کرداروں کو حقیقی لوگوں کے طور پر واضح طور پر تصور کر سکیں۔

کردار نگاری کو کہانی میں کرداروں کے بارے میں فراہم کردہ تفصیل اور معلومات کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔ خصوصیت کی دو اہم اقسام ہیں۔ براہ راست کردار نگاری اور بالواسطہ کردار نگاری کا استعمال کرداروں کی شخصیت اور جسمانی خصلتوں اور محرکات کو بیان کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ کردار اور کردار نگاری کے ادبی عناصر ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، لیکن ایک ہی چیز نہیں ہیں۔ کردار کی اصطلاح سے مراد کہانی میں ایک شخص یا جانور ہے، جبکہ کردار نگاری سے مراد یہ ہے کہ متن میں اس کردار کی شخصیت کیسے تیار ہوتی ہے۔ کردار کی تشکیل خصوصیت کے اختلاط کے طریقہ کار سے ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ، ایگری کے نظریہ کی بنیاد پر، مرکزی کردار کی تشکیل اور پیش کش میں کردار کی مختلف جہتیں شامل ہیں۔

کہانی واقعہ یا کرداروں کے گرد گھومتی ہے۔ افسانہ یا ناول میں کردار کی متنوع جہات ہیں، کرداروں کی صنف سے لیکر اُن کی عمر اور پس منظر اور بہ طور مخلوق کئی زوایئے ہیں، جو افسانوی دنیا میں پیش کیئے جاتے ہیں۔ اسی طرح انسانی کردار ناول یا افسانے میں مختلف سماجی مناصب کے ساتھ پیش کئے جاتے ہیں، اسی طرح ناول یا افسانے میں شخصیت نگاری اور اخلاقی اقدار کے حوالے سے بھی کردار نگاری کی اصطلاح استعمال ہوتی آئی ہے۔ یہ مقالہ انہیں جہات کی تفصیلی بحث کو پیش کرتا ہے جس میں ان بالا جہات کو مختلف زاویوں سے زیرِ بحث لایا گیا ہے.

افسانوی ادب میں کہانی کو زندگی کے متعلقات اور تنوعات کو امر واقعہ سے اٹھایا جاتا ہے اور پھر تصور امکانات تک پھیلایا جاتا ہے۔ افسانوی ادب کے تین

اہم اصناف میں ناول. داستان اور افسانہ شامل ہیں تینوں اصناف میں کہانی، پیش کش اور دیگر اجزا سے مل کر فن پارے کا درجہ حاصل کرتی ہے۔کہانی کی تشکیل میں تین جزو بنیادی حیثیت کے حامل ہوتے ہیں۔ان میں واقع، پلاٹ،اظہار یہ،اسلوب اور کردار شامل ہیں۔ان عناصر کے متنوع استعمال سے کہانی مختلف فن پاروں کی شکل اختیار کرتی ہے اور یہی اجزاء کسی بھی کہانی یا فن پارے کی پہچان اور مقبولیت کی ضمانت ٹھہرتے ہیں۔

کہانی میں حالات وواقعات کے تانے بانے بننے اور ان حالات وواقعات کی ترجمانی کے لئے جو افراد کہانی کا حصہ بنائے جاتے ہیں،انہیں کردار کہا جاتا ہے۔کہانی کے تناظر میں کرداروں کو تشکیل دیا جاتا ہے۔اس میں کوئی دوسری رائے نہیں کہ کہانی کے ارتقا میں کردار ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔یہاں کردار اور کردار نگاری پر بحث کرنے سے پہلے شخصیت اور کردار کے درمیان اس باریک فرق کو جاننا ضروری ہے، جو ہمارے ہاں عام طور پر نظر انداز کیا جاتا ہے۔

جس کی بنا پر بہت سے لوگ کردار اور شخصیت کو ایک ہی سکے کے دو رخ تصور کرتے ہیں۔اس فرق کو یہاں اس لیے بھی پیش کرنا ضروری ہے کہ اردو میں لکھے جانے والے اور خاص طور پر تہذیبی اور تاریخی تناظر میں تصنیف ہونے والے ناولوں میں تخلیق کردہ چند کردار محض افسانوی کردار نہیں، بلکہ کہانی میں ایک شخصیت کے طور پر بھی اپنے وجود کو نمایاں کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ایسے کرداروں میں تخلیق کار وہ خوبیاں نمایاں کرتا ہے جو کردار کو شخصیت کا درجہ عطا کرتی ہیں۔ شخصیت اور کردار کے لغوی معنی اور اصطلاحی معنوں پر نظر ڈالیں تو یہاں یہ ایک دوسرے کے مترادف بھی نظر آتے ہیں اور کچھ باریک سا فرق پایا جاتا ہے کردار کا لفظ اردو میں دو طرح سے استعمال ہوتا ہے ایک تو بطور صفت جب کہ کسی میں فن پارے میں آ کر اسم فاعل کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔مختلف اردو لغات میں اس کے لغوی معنی اس طرح سے بیان ہوئے ہیں:

جامع اللغات کے مطابق:

"روش، طور طریق، طرز شغل، کام، دھندا، عمل، قاعدہ، چلن رویہ، مرکبات میں جیسے بدکردار"۔(1)

فیروز اللغات میں ہے:

" کردار (ف-ا-مذکر) طرز-طریق، چال چلن، کر دکھانا (ہ-صص) عمل کر کے دکھانا، انجام کو پہنچا دینا"۔(2)

نسیم اللغات کے مطابق:

"روش، چلن، عادت، کریکٹر، ڈرامے وغیرہ کینمائندہ کردار"۔(3)

فرہنگ عامرہ:

"ایکٹ، کام، عمل، عرف، تشبیہ، مانند"۔(4)

لیکن اصطلاحی معنوں میں جو مغرب سے مستعار ہے۔ یہ انگریزی لفظ character کا ہم معنی ہے اور یہ یونانی لفظ kharacthers سے مشتق ہے، جس کے معنی نقش کرنا، کنندہ کرنا کے مستعمل ہیں۔ لغوی معنی کو دیکھا جائے تو واضح ہوتا ہے کہ کردار ایک صفت ہے اور لفظ کردار بطور صفت اور فعل کی حالت میں استعمال ہوگا۔ یہ حالت منفی اور مثبت دونوں ہوسکتی ہے، لیکن یہی لفظ بطور اصطلاح جب استعمال ہوتا ہے تو اور معنی دیتا ہے۔ یہ فن اور صنف میں بطور اسم فاعل استعمال ہوتا ہے، یعنی اچھا یا برا کرنے والا جب کسی کہانی میں عمل کرنے والے شخص کو کردار کہا جاتا ہے۔ لغات میں موجود کردار کے معنی اس کی فعلی حالت کو ظاہر کر رہے ہیں، یعنی چال چلن، طریق، شغل، کام عادت وغیرہ کا تعلق کردار کی فعلی حالت سے ہے، جبکہ کردار کی فاعلی حالت وہ فرد ہے جو ان افعال کو سرانجام دینے کے بعد کردار اس فعلی حالت کے ساتھ جڑ جاتا ہے۔ یہاں شخصیت کے مجازی معنوں کو دیکھا جائے تو شخصیت کے مجازی معنی کے بارے میں ڈاکٹر نجم الہدی لکھتے ہیں:

"شخصیت جس طرح کسی قصہ یا

ڈرامہ میں پیش کی جائے، یا
محسوس کی جائے، قصہ یا ڈرامہ
میں کردار نگاری ایک شخصیت
جسے ناول نگار یا ڈرامہ نگار نے
نمایاں اوصاف و خصائص بخش
دیئے
ہوں"۔(5)

شخصیت اور کردار دو الگ لفظ ہے۔ان کے معنوں میں بھی فرق پایا جاتا ہے اور ان کے ماخذ بھی الگ الگ ہیں۔کردار یونانی لفظ ہے، جب کے شخصیت لاطینی لفظ persona سے مستعار لیا گیا ہے۔جس کے معنی سوانگ یا نقاب Mask کے ہیں۔ یونانی دور میں اسٹیج فنکار ڈرامہ کرنے کے وقت اپنے کردار کی پہچان اور انفرادیت کے لیے منہ پر ماسک پہنتے تھے۔اس دور میں میک اپ کا کام ماسک سے لیا جاتا تھا۔لہٰذا شخصیت کے لیے یہی معنی و مفہوم استعمال ہونے لگا، گویا شخصیت ہمارا نقاب ہے، جو ہم دوسروں کو دکھانے کے لئے پہنتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ لوگ ظاہری چال ڈھال کو شخصیت سمجھتے ہیں۔

یوں شخصیت خصوصیات کا ایسا مجموعہ ہے، جو فرد کی انفرادیت اور کرداری رویوں کا تعین کرتا ہے۔وقوف، جذبات اور کردار کا ایسا منفرد مجموعہ جو فرد کو انفرادیت عطاء کرتا ہے، شخصیت کہلاتا ہے۔کردار کی فعلی حالت سے شخصیت بنتی ہے۔کردار کا تعلق باطن سے جب شخصیت کا تعلق ظاہر سے ہوتا ہے۔شخصیت سماجی اقدار کو اپناتی ہے۔کوئی بھی کردار شخصیت بنتا ہے تو وہ جن فعلی حالتوں سے گزرتا ہے۔وہ ہی اس کی شخصیت کا تعارف ہوتا ہے۔

شخصیت موروثی اور اکتسابی دونوں قرار پاتی ہے، جس سے ماحول جب اور جہاں سے چاہتا ہے کھول دیتا ہے۔اس لئے ہم کسی شخصیت کو اس کے خطے یا اس کی نسل کی

نمائندہ یا غیر نمائندہ قرار دیتے ہوئے اس گروہ کے دوسرے لوگوں سے موازنہ کرتے ہوئے اس کی شخصیت کو پہچاننے کی کوشش کرتے ہیں۔

شخصیت کی تشکیل وحدت کی صورت میں ہوتی ہے۔ یہ ماضی حال اور مستقبل میں تسلسل کی ذمہ دار ہے۔اس تشکیل میں ورثے کیساتھ ساتھ ماحول بھی شامل ہوتا ہے۔ یوں ہمارے سامنے شخصیت کا ایک جامع تصور آتا ہے،یعنی فرد کی ذات کے باطنی شعور، ظاہری کردار اور قابل پیمائش اوصاف کی وہ انفرادی نمونے جو فرد کو دوسروں سے منفرد کرتے ہیں شخصیت کہلاتے ہیں۔

یہاں یہ بات بھی اہم ہے کہ کسی شخصیت کو جاننے کے لیے محض فرد کا مطالعہ کرنا کافی نہیں، بلکہ فرد کا ماحول اور بین الشخصی تعلق مطالعے کا اصل اور بنیادی موضوع ہونا چاہیے، کیونکہ فرد کے خارجی تعلقات شخصیت کو منظّم کرتے ہیں۔شخصیت کا اظہار حقیقی یا افسانوی دنیا میں اس وقت ہوتا ہے، جب فرد ایک یا ایک سے زیادہ لوگوں سے تعلقات قائم کرتا ہے۔اس سے اس کی شخصیت اور کرداری خصوصیات کھل کر سامنے آتی ہے۔کہانی میں جب کوئی کردار دوسرے کرداروں سے کسی بھی سطح پر تعلقات قائم کرتا ہے، مکالمہ کرتا ہے،مختلف افعال سرانجام دیتا ہے،تو پھر ہی اس کی کرداری خصوصیات اور شخصیت کا کوئی نقش قاری کے ذہن پر منقش ہوتا ہے۔

یہاں یہ سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ کسی حقیقی زندگی کے کردار کو شخصیت یا بطور افسانوی کردار کہانی کا حصہ کیوں بنایا جاتا ہے۔اس عمل کے باطن میں کون سے محرکات پوشیدہ ہوتے ہیں۔جب کوئی تخلیق کار کسی حقیقی کردار کو اس کیتا ریخی تہذیبی یا ثقافتی پس منظر کے ساتھ افسانوی کردار میں ڈھالتا ہے،تو دراصل وہ ثقافتی ورثے کے تحفظ کی جانب پہلا قدم اٹھاتا ہے۔اس ثقافتی کردار کی فعلی حالتیں دراصل ثقافت کے مختلف پہلوؤں کے تحفظ کی آئینہ دار ہوتی ہیں۔یہ کردار ضروری نہیں کے انسانی ہو، بلکہ غیر انسانی کردار بھی بطور ثقافتی نمائندہ یا استعارہ کہانی میں پیش کئے جاتے

ہیں۔اس ذیل میں کسی کتاب،فلم، ڈرامہ،موسیقی، عمارت اور اعلی مخصوص کرداری رویے وغیرہ بھی شامل ہیں،جن کے ثقافتی اظہار سے تہذیبی ورثے کا تحفظ ہوتا ہے اور تہذیب وتمدن کی نشوونما کا عمل ممکن ہوتا ہے۔ یوں جب ایک شخصیت افسانوی کردار کا درجہ حاصل کرتی ہے،تو وہ تین خانوں عالمگیر، جماعتی، اور انفرادی صورت میں بٹ جاتی ہے۔اس طرح اس کی انفرادیت کے رنگ بے شمار ہوتے ہیں،جنہیں دیکھنے کے لیے ہم ان تینوں تناظر کا استعمال کرتے ہیں۔

افسانوی کردار نہ تو پوری طرح انسان کا چربہ ہوتا ہیں اور نہ ہی پوری طرح اس سے منحرف ہوتا ہے۔اس لیے ایسے کرداروں کے مطالعیکے بعد یوں محسوس ہوتا ہے کہ یہ ہمارے آس پاس کا کوئی کردار ہے،جب کوئی تخلیق کار کسی بھی سطح کے افسانوی کردار کو تخلیق کرتا ہے،تو اس میں معاشرے میں موجود اس کردار کے مشابہہ بہت سے افراد کے امتیازی اوصاف یکجا کر دیتا ہے۔اس طرح وہ کردار جامع اور بھرپور شکل میں ہمارے سامنے آتا ہے۔مثال کے طور پر اگر کوئی مصنف استاد کے کردار کو کہانی میں پیش کرتا ہے،تو وہ استاد کے مزاج وصورتحال کے لحاظ سے ممکنہ اوصاف کو اس کردار کا حصہ بناتا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ مصنف جن اوصاف کو اس ثقافت کی پیشکش میں اہم تصور کرتا ہیں۔ان کو اس کردار کے ذریعے پیش کرتا ہے۔

تخلیق کار اپنے کردار کی پیشکش میں اس کی سیرت داخلی کیفیات، ذہنی اور نفسیاتی ارتقا کو بھی کہانی کی ضرورت کے مطابق پیش کرتا ہے۔افسانوی ادب میں کردار کی پیش کش یا کردار نگاری کے طریقے مختلف رہے ہیں۔ پہلے طریقے میں کہانی میں واقعات ایک خاص ترتیب کے ساتھ واقع ہوتے ہیں ان واقعات سے کردار کا نقش خود بخود ابھرتا ہیاور کہانی کے اختتام پر کردار مکمل طور پر واضح صورت میں نظر آتا ہے۔اس کے علاوہ کچھ تخلیق کار کہانی کی شروعات میں ہی کردار کا مکمل تعارف قاری سے کرا دیتا ہے اور پھر اس تعارف میں بیان کردہ خصوصیات کو واقعات کے ذریعے اجاگر کرتا ہے۔

ان دوطریقوں کے علاوہ کچھ مصنف کہانی کی ابتدا میں کردار کی چند خصوصیات قاری کے سامنے پیش کرتے ہیں اور پھر کہانی میں پیش آنے والے واقعات اس کردار کو بدلتے اور مکمل کرتے ہیں۔ لیکن جدید دور میں کردار کی پیش کش اس سے زیادہ کی متقاضی ہے۔اب کردار کے ظاہری نقوش اور عمل کے ساتھ ساتھ اس کی باطنی کیفیت کو پیش کرنا بھی ضروری ہے جدید دور میں علم نفسیات کی ترقی اور فرد سے جڑے نظریات نے ظاہری کیفیت کے ساتھ ساتھ باطنی کیفیت کے بیان کو کسی کردار کی پیشکش میں اہمیت کا حامل قرار دیا ہے۔

مرزا اطہر بیگ کے ناول" غلام باغ" کا کردار " کبیر مہدی" اس کی عمدہ مثال ہے۔کردار کی ظاہری اور باطنی دونوں کیفیات کو ناول میں بڑی مہارت سے بیان کیا ہے۔وہ ایک وقت میں کیا سوچتا ہے اور کیا بیان کرتا ہے؟اس کا اظہار ناول میں متوازی طور پر ملتا ہے۔

اس طرح قاری بیک وقت اس کی ظاہری اور باطنی دونوں کیفیات سے آشنا ہوتا ہے۔یوں قاری کا کردار کے ساتھ ایک گہرا اور منفرد رشتہ قائم ہوتا ہے۔حقیقی زندگی کی طرح افسانوی دنیا میں بھی کہانی میں بہت سے ایسے کردار ہوتے ہیں، جو کہانی میں موجود ہو کر بھی کوئی شناخت حاصل نہیں کر سکتے۔اس لئے ضروری نہیں ہر وہ فرد جس کا ناول یا کہانی میں نام آجائے وہ کردار نہیں کہلائے گا، بلکہ کہانی میں کردار وہ ہوگا، جس کی نمایاں اور ممتاز خوبیاں ہم جان سکیں۔کردار نگاری کا یہ عمل انسانوں سے ہٹ کر غیر انسانی چیزوں پر بھی مبنی ہے۔کہانی میں جب انسانوں کے علاوہ غیر انسانی کرداروں کو جب افسانوی کردار کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔تو ان میں انسانی خصوصیات اور صورت منتقل کی جاتی ہیں اور وہ بھی انسان ہی کی طرح جذبات اور اعمال سے گزرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

بہت سے ایسے فن پارے ہیں جن میں بے جان کرداروں کو کسی خاص وصف کی بنا پر تخلیق کار کہانی کا حصہ بناتا ہے جیسے ناول "صفر سے ایک تک" میں

کمپیوٹر کردار کی صورت میں کہانی کا حصہ بنتا ہیں اسی طرح کبھی کبھی کہانی میں کسی خاص شہر کو مرکزی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔ جیسے شمس الرحمٰن فاروقی کے ناول " کئی چاند تھے سر آسماں" میں "دہلی شہر" مرکزی کردار کی حیثیت سے ابھرتا ہے۔ اسی طرح جب کسی دور کی کہانی بیان کرتے ہوئے بے جان چیزوں یا انسانی کرداروں کو افسانوی کرداروں کی صورت کہانی کا حصہ بنایا جاتا ہے تو وہ محض افسانوی کردار کے طور پر کہانی کے کینوس پر رنگ نہیں بکھیرتے بلکہ وہ سیاق وسباق کے ساتھ اس عہد کے ثقافتی ورثے کو کہانی میں ایک نیا رنگ عطا کرتے ہیں۔

جیسے ہندوستانی ثقافت میں بگھی، پالکی، سانڈ وغیرہ کو خاص اہمیت حاصل ہے، اسی طرح اس دور میں کبوتر، بلبل وغیرہ اس کے ساتھ ساتھ درختوں میں برگد، سرو وغیرہ عمارتوں میں تاج محل بادشاہوں اور نوابین کی حویلیاں یہ وہ چیزیں ہیں، جو اپنی تہذیب اور اس ثقافت کے بیان میں خاص اہمیت کی حامل ہے۔ جب بھی متحد ہندوستان اور اس سے جڑی ثقافت وہاں کا طرز زندگی کا بیان ہوگا وہ ان ثقافتی استعاروں کے بغیر نامکمل ہے، جب کوئی تخلیق کار کوئی ثقافتی کردار تشکیل دیتا ہے، تو اس کی تشکیل عام کرداروں سے قدرے مختلف ہوتی ہے، اس بات سے کوئی انکار نہیں کے کہانی میں پیش کیے جانے والا کوئی بھی کردار ایک سطح پر اپنے سماج اور ثقافت کا نمائندہ ہوتا ہے، اس کی حرکات وسکنات لب ولہجہ اور دیگر افعال کہانی میں کسی نہ کسی طرح ثقافتی اظہار کرتے رہتے ہیں۔ لیکن بعض اوقات کسی کردار کو بطور خاص کسی دور کی تہذیبی وثقافتی نمائندگی کے طور پر کہانی میں پیش کیا جاتا ہے۔ ایسے کردار کے ہر عمل سے ثقافتی سرگرمیوں کو اجاگر کیا جاتا ہے، اس کردار کے ان رنگوں کو کہانی میں زیادہ نمایاں کیا جاتا ہے، جن سیثقافتی رنگ اجاگر ہو کردار کی یہ ثقافتی پیشکش خاص طور پر شمس الرحمٰن فاروقی کے فکشن کی نمائندہ خصوصیت ہے، وہ اپنے فن پاروں میں جب کوئی کردار ثقافتی نمائندے کے طور پر پیش کرتے ہیں تو اس کے ساتھ ان تمام لوازمات کا اہتمام بھی کرتے ہیں، جس سے وہ کردار ثقافتی نمائندے

کی حیثیت حاصل کرتا ہے۔

ثقافتی کردار جب کہانی میں جلوہ گر ہوتا ہے،تو اس کی ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں ایسے کردار کی تخلیق میں تخلیق کار اس کا ماحول،اس کے تصرف میں آنے والی چیزیں، اس کا عمل اور ردعمل،لب ولہجہ،نشست و برخاست پہناوا نیز ہر وہ چیز جو ثقافتی دھارے اور اس کے اظہار میں رنگ بھرے اسے کہانی میں کردار کے ذریعے نمایاں کیا جاتا ہے۔

کردار کو جس طبقے کے نمائندے کے طور پر پیش کیا جاتا ہے،اس میں اس طبقے کی تمام ثقافتی رنگوں اور امکانات کو شامل کیا جاتا ہے،لیکن یہ مرحلہ اس وقت کسی تخلیق کار کے لئے زیادہ حساس صورتحال اختیار کرتا ہے،جب وہ ثقافتی کردار حقیقی ہو یوں تخلیق کار کو اس شخصیت کے ساتھ جڑے تمام حقائق کا خیال رکھتے ہوئے فیکشنائز کرنا پڑتا ہے۔

کردار کو کہانی کا حصہ بناتے ہوئے چند اصولوں کو مدنظر رکھنا ضروری ہوتا ہے،انہی اصولوں سے کردار نگاری کا عمل پختہ اور انفرادیت کا حامل ہوگا کہانی میں کردار کو اس طرح پیش کیا جائے کہ وہ قاری کے لیے اجنبی نہ ہو بلکہ قاری اور کردار کے درمیان ایک قربت کا دوطرفہ رشتہ قائم ہو۔

کہانی میں پیش کردہ کردار قابل یقین معلوم ہو کردار کے اعمال وافعال پر تخلیق کار کی فکر غالب نہ ہو اگر تخلیق کار کی فکر کردار پر حاوی ہوگی تو وہ کردار سپاٹ اور کٹھ پتلی کردار بن جائے گا۔اس طرح کے کرداروں کی مثالیں ہمیں اولین ناول نگاروں کے ہاں ملتی ہیں۔ مثلاً ڈپٹی نذیر احمد کے اصلاحی کردار ایسے کرداروں کی موجودگی سے کہانی کا لطف زائل ہو جاتا ہے۔اور قاری بیزاری محسوس کرتا ہے اس کے ساتھ ساتھ اگر کردار مثالیت پسندی کے تحت تخلیق کیے جائیں تو وہ کردار بھی کردار نگاری کے عمل کو متاثر کرتے ہیں،اور غیر حقیقی معلوم ہوتے ہیں اس لیے ضروری ہے کہ کردار کے عمل اور اوصاف میں توازن کا خاص خیال رکھا جائے اسی

توازن سے ہی کوئی کردار فطری معلوم ہوگا۔

کہانی میں کردار کا وسیلہ اظہار مکالمہ یا اس کردار سے سرانجام اعمال ہوتے ہیں، جن کا بیان واقعات یا بیانیہ کی شکل میں کہانی میں نظر آتا ہے، جس سے کردار کی داخلی و خارجی کیفیات اور اس سے جڑی دیگر باتوں کا اظہار ممکن ہوتا ہے، اس لئے کرداروں کے مکالمے پر تخلیق کار کو بطور خاص توجہ دینی چاہیے۔

تخلیق کار جس طبقے اور سطح کا کردار تشکیل دے اس کے مکالمے اس کی کیفیت اور سطح سے مطابق ہونے چاہیے۔ اگر کہانی میں بچے کے کردار کو پیش کیا گیا ہیتو مکالمہ کو بچے کی کیفیت اور سطح کے مطابق ہونا چاہیے، اس میں الفاظ کا چناؤ جملے کی بناوٹ وغیرہ بچے کی صحت کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جانی چاہیے۔

اس کے علاوہ کہانی میں کردار کا تعلق سماج کے جس طبقے سے ہو اس کا اظہار پوری طرح سے ہونا چاہیے، یعنی اگر کوئی کردار نوابین سے ہو تو اس کردار کا موقع محل کے لحاظ سے رہن سہن اور انداز گفتگو ہونی چاہیے، ایسے کرداروں میں عالمانہ اور حاکمانہ مزاج ہونا چاہئے۔ اگر فن پارے میں سماجی زندگی کی عکاسی کی گئی ہو تو اس کے کرداروں میں بھی عوامی جھلکیاں ہونی چاہئے، خاص طور پر ثقافتی کردار کی تشکیل میں اس بات کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔

ہر عہد کا کردار اپنے معاشرے اور معاصر ثقافتی و سماجی منظر نامہ کا ترجمان ہوتا ہے۔ یوں کہانی میں کرداروں کے تضادات اور طبقات کی پیشکش سے کہانی میں مختلف رنگ پیدا ہوتے ہیں، کردار کا ارتقا تھا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک اس کی تخلیق مناسب ماحول میں نہ کی گئی ہو جیسے 1857ء کی جنگ آزادی یا 1947ء کی ہجرت کے وقت جو حالات اور ماحول تھا، اس کی مناسبت سے اگر کردار تخلیق کیے جائیں تو کامیاب کہلائیں گے۔ اس کے برعکس اگر ماحول آج کا ہو اور کردار 1857ء یا 1947ء والے تخلیق کیے جائیں تو یہ عمل کردار نگاری کے فن کے ساتھ ساتھ کہانی کے فن کو بھی مجروح کرتا ہے اس حوالے سے سہیل بخاری لکھتے ہیں:

'' کرداری ارتقاء کے لئے
مناسب ماحول کا انتخاب بھی
ضروری ہے ماحول ہی کردار کو
چمکاتا اور موثر بناتا ہے ماحول
دراصل پس منظر کا کام دیتا ہے
اور پس منظر کے بغیر تصویر میں
ابھار اور تاثیر پیدا ہونا ناممکن
ہے، انسان کو اپنے ماحول میں
جتنی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا
ہے،اور ان سے جس طرح
عہدہ براء ہوتا ہے اس کا اس کی
شخصیت کی تعمیر میں بڑا گہرا
تعلق ہوتا ہے"۔(22)

افسانوی کردار تخلیق کرتے ہوئے تخلیق کار کو اس بات کو مدنظر رکھنا ضروری ہے، کہ کردار صرف اپنی انفرادیت ہی کے حامل نہ ہو بلکہ ایک مخصوص طبقے اور ٹائپ کی نمائندگی کر سکیں یہی وہ کردار نگاری کی خصوصیت ہے، جسے اپنا کر تخلیق کار کہانی میں ایک کردار سے لاکھوں لوگوں کی نمائندگی کرواتا ہے۔ افسانوی اور حقیقی کرداروں میں فرق ہوتا ہے حقیقی زندگی کے کردار اپنے پورے ماحول میں زندگی کے ساتھ ایک مکمل وجود کے طور پر ہمارے سامنے آتے ہیں، اس کے برعکس افسانوی کردار تب نظر آتے ہیں، جب کسی عمل یا گفتگو میں ان کی شمولیت ہو حقیقی زندگی کی کردار اس قدر وسیع ہوتے ہیں۔ کہ کہانی میں اس کی مکمل پیش کش ممکن نہیں ہوتی یہی وجہ ہے، کہ کہانی میں زندگی کے خاص حصوں اور مخصوص عمل کو گفتگو کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔

عام زندگی میں کرداروں کی بھرمار ہوتی ہے۔ جب کے فن پارے میں ایسے کرداروں کا بیان برا تاثر پیدا کرتا ہے، اگر کہانی میں کسی کردار کے ایک دن کی عکاسی کی جائے تو یہ ممکن نہیں اس لیے تخلیق کار کردار کے ایسے واقعات کا چناؤ کرتا ہے، جو کردار کی تخلیق میں اس کے خدوخال کی وضاحت اور کہانی کے ارتقا کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔ان ہی واقعات کے چناؤ سے کسی کردار کے بارے میں معلومات فراہم کی جاتی ہے یہ خیر کا نمائندہ کردار ہے یا شر کا یوں واقعات کے ذریعے کردار کی زندگی اور دیگر چیزیں کھل کر سامنے آتی ہے۔کرداروں کی تقسیم کے حوالے سے بات کی جائے تو ہم ان کو چار حصوں میں تقسیم کرتے ہیں:

1. کردار بلحاظ تاثر
2. کردار بلحاظ صنف
3. کردار بلحاظ مخلوق/ انسانی یا غیر انسانی
4. کردار بلحاظ افسانوی فن

1 کردار بلحاظ تاثر:

کہانی میں کردار اور ان کی پیشکش مختلف دورانیوں پر مشتمل ہوتی ہے یعنی وہ کردار جس کے گرد کہانی گھومتی ہے، اور وہ آخر تک کہانی میں موجود رہتے ہیں جن کو مرکزی کردار بھی کہا جاتا ہے، جبکہ اس کے برعکس کچھ کردار کہانی میں چند لمحوں یہ چند صفحات تک محدود ہوتے ہیں لیکن وہ ان مختصر دورانیے میں بھی قاری پر خاص طرح کا اثر چھوڑتے ہیں۔ جس کی بہترین مثال مستنصر حسین تارڑ کے ناول "خش و خاشاک" کا کردار مالہو ہے جو ناول کے کینوس پر تھوڑی دیر کے لئے نمودار ہوتا ہے لیکن قاری پر خاص طرح کا تاثر چھوڑ جاتا ہے۔

2 کردار بلحاظ صنف:

اس تقسیم میں کرداروں کو صنف کے اعتبار سے منقسم کیا جاتا ہے، یعنی مرد کردار، عورت کردار، اور مخنث کردار صنف میں آگے ذیلی سطح پر اور سماجی سطح پر مختلف

